الله
حروفِ صوامت
مصنف و مؤلف
شہزادہ سید
انتظار حسین شاہ
زنجانی
کاشانہ زنجانی 125 ڈی ۔ گلبرگ 2
نزد مین مارکیٹ ۔ لاہور ۔ کوڈ 54660
مکتبہ آئینہ قسمت روحانی

الله
حروفِ صوامت
مصنف و مؤلف
شہزادہ سید
انتظار حسین شاہ
زنجانی
مکتبہ آئینہ قسمت روحانی
کاشانہ زنجانی 125 ڈی۔ گلبرگ 2
نزد مین مارکیٹ۔ لاہور۔ کوڈ 54660

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حروف صوامت

مصنف و مؤلف

شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

R200

ہدیہ : روپے

مکتبہ آئینہ قسمت

کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II لاہور-54660

نام کتاب : حروف صوامت

صفحات : 224

ھدیہ : روپے

مصنف و مولف : شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

پبلشر : شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی

کمپوزنگ : سرفراز ظہیر

پرنٹر : شاف پرنٹرز R-1 گرین پارک ملتان روڈ لاہور

ناشر : مکتبہ آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی - 125 ڈی گلبرگ II لاہور 54660

برانچ : کاشانہ زنجانی - آرام باغ روڈ کراچی 74200

فہرست عنوانات

نمبر شمار	فہرست عنوانات	صفحہ نمبر
24	نقوش اسمائے غوث پاکؒ	49
25	اسناد مع قصیدہ غوثیہ	50
26	یازدہ اسناد	67
27	یازدہ نام حضرت غوث پاکؒ	68
28	تیرہ طریقہ جات ختم خواجگان	72
29	ختم قادریہ، ختم غوثیہ، طریقہ فاتحہ	77
30	حروف تہجی بامؤکل	78
31	حروف صوامت کی عددی مراتبی ترکیب	79
32	پہلا مراتبی کلمہ ادھو	79
33	دوسرا عددی مراتبی کلمہ حلک	82
34	تیسرا عددی مراتبی کلمہ لمس	84
35	چوتھا عددی مراتبی کلمہ عصر	85
36	چارٹ برائے کلمات حروف صوامت عددی مراتبی	87
37	حروف صوامت کا روایتی طریقہ استعمال آتشی حروف	88
38	روایتی طریقہ استعمال بادی حروف	89
39	روایتی طریقہ استعمال آبی حروف	91
40	روایتی طریقہ استعمال خاکی حروف	92
41	حروف صوامت کے روایتی کلمے پہلا کلمہ احد	94
42	دوسرا روایتی کلمہ رسص	95
43	تیسرا روایتی کلمہ طعک	96
44	چوتھا روایتی کلمہ لموہ	98
45	حروف صوامت کے متوکلات باطنی و ظاہری	100
46	حروف صوامت کا تعلق حروف نورانی سے	102

نمبر شمار	فہرست عنوانات	صفحہ نمبر
47	حروف صوامت کا تعلق کلمہ طیبہ سے	105
48	حروف صوامت کے انفرادی خواص حرف الف	108
49	حرف حا (ح) کے خواص	111
50	حرف دال (د) کے خواص	115
51	حرف را (ر) کے خواص	117
52	حرف سین (س) کے خواص	120
53	حرف صاد (ص) کے خواص	122
54	حرف طا (ط) کے خواص	124
55	حرف عین (ع) کے خواص	126
56	حرف کاف (ک) کے خواص	128
57	حرف لام (ل) کے خواص	130
58	حرف میم (م) کے خواص	132
59	حرف واؤ (و) کے خواص	135
60	حرف ھا (ہ) کے خواص	136
61	ذہانت، لوگوں کے دلوں میں ہیبت کا عمل	137
62	حروف صوامت کی تعداد اور عدد 13 کی فضیلت	141
63	حروف صوامت کی متعلقہ منازل، حروف الف کا اثر	144
64	حرف حا و حرف دال کا اثر	145
65	حرف ر س ص کا اثر	146
66	حرف ط ع ک کا اثر	147
67	حرف ل م و کا اثر	148
68	حرف الھا کا اثر	149
69	حروف صوامت کے حاضرات، حاضرات الف	150

انتساب

13 رجب کو پیدا ہونے والے مولود کعبہ کے نام
کہ باب مدینتہ العلم کے صدقے میں ہم سب کے علم و روحانیات میں اضافہ ہو۔

مَثَلُ عَلِیٍّ اِبنِ اَبِی طَالِب فِیْ اُمَّتِیْ کَمَثَلِ الْکَعْبَہ
یعنی میری امت میں علیؑ ابن ابی طالب کی مثال مانند کعبہ ہے۔ (حدیث)

جس نے علیؑ کو دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے مجھے دوست رکھا اس نے اللہ کو دوست رکھا اور جس نے علیؑ سے دشمنی رکھی اس نے مجھ سے دشمنی رکھی اور جس نے مجھ سے دشمنی رکھی اس نے اللہ سے دشمنی رکھی۔
(کنزالاعمال مناقب مرتضوی کشفی)

اَنَا وَعَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَّاحِدٍ
میں اور علیؑ ایک ہی نور سے خلق ہوئے۔

یَا عَلِی اَنْتَ قَسِیْمُ النَّارِ وَالْجَنَّتِہ
اے علیؑ آپ جنت و جہنم کو تقسیم کرنے والے ہیں۔

(طبرانی مناقب مرتضوی)

نذر گزار گدائے کوفہ و مدینہ

شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
کاشانہ زنجانی۔ 125-D، گلبرگ II نزد مین مارکیٹ لاہور
مورخہ 15 جولائی 1998ء

پیش لفظ

الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی مرحوم کا اسم گرامی پاکستان میں روحانی علوم کی ترویج کے سلسلے میں کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ آپ کے فرزند جناب شہزادہ انتظار حسین قیصر شاہ زنجانی ثانی اپنے والد مکرم کے مشن کو ان کی وفات کے بعد جس احسن طریقہ سے جاری رکھے ہوئے ہیں وہ لائق ستائش ہے۔ آپ نے روحانی علوم کی ترویج کے سلسلے مین قدیم کتب میں موجود علمی ذخیرہ کو جہاں نئی زندگی دی وہیں انہیں اس بات کا شرف بھی حاصل ہے کہ صاحب علم حضرات کو ڈھونڈ کر ان کے سینوں کے راز کتابوں کی شکل میں منتقل کر دیئے۔

حروف صوامت پر مختلف مضامین تو رسائل و کتب میں موجود تھے مگر ان حروف کی افادیت و اہمیت جامع شکل میں دستیاب نہیں تھی۔ قبلہ شاہ صاحب نے ان حروف کی اہمیت کو پہلی بار ایک صاحب علم کی حیثیت سے محسوس کیا اور طویل عرصہ کی محنت شاقہ اور مسلسل تجربات و ریسرچ کے بعد حروف صوامت کے ان کثیر فوائد کو عوام الناس کے لئے عام کیا ہے۔

اس کتاب سے ہر پڑھا لکھا شخص جسے روحانی علوم سے شغف ہوگا۔ بآسانی مستفیذ ہو سکے گا۔ کتاب میں ان حروف کی کسوف و خسوف کے دوران زکات ادا کرنے کے آسان طریقے ان حروف سے بعد از زکات کام لینے کے اصول غرض کوئی ایسا موضوع نہیں جس پر قبلہ شاہ صاحب نے سیر حاصل بحث نہ کی ہو۔

اس کتاب کو زندہ و جاوید بنانے کے لئے قبلہ محترم نے آئندہ 55 سال میں ہونے والے سورج اور چاند کے گرہنوں، بروجی مدارج اور اوقات مکمل طور پر درج کر دیئے تاکہ آنے والے گرہنوں کے دوران زکات ادا کرنے والے عاملین حضرات کو قبل از وقت گرہنوں کے وقوع پذیر ہونے کا علم ہو۔ حقیقتاً یہی ایک باب اس کتاب کی جان ہے۔

جس آسان اور عمدہ پیرائے میں حضرت شاہ صاحب نے اس کتاب کو مرتب فرمایا ہے۔ وہ انہی کا حصہ ہے۔ ادارہ "آئینہ قسمت" کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والی اس کتاب میں صاحب علم حضرات کے لئے علم حروف صوامت کا ایسا ذخیرہ آپ کو ملے گا جو اس سے قبل آپ کو نہ ملا ہوگا۔

انشاء اللہ یہ کتاب آپ کے ذہنوں میں ان حروف کے بارے میں موجود تشنگی دور کر دے گی۔

فقیر لیاقت اللہ قریشی

تبصرہ

پراسرار حروف

حروف صوامت ایک راز ہے۔ سریع الاثر راز۔ ان حروف سے عجیب و غریب تصرفات دیکھنے میں آتے ہیں ایک کرامت ہے اور کیوں نہ ہو اللہ کریم نے اپنے نام میں کوئی نقطہ نہیں لکھا جیسے

اَحَد وَاحِد صَمَد اللّٰہ .

یہ اسمائے ذات ہیں باقی صفات ہیں اور حیرت یہ ہے کہ اپنے محبوب کے نام میں بھی نقطہ نہیں آنے دیا جیسے

اَحْمَد مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اور جو تحفہ توحید ہمیں عطا فرمایا اس میں بھی حروف صوامت کا مکمل جاوہ ہے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

خلاصہ قرآن مجید الم میں بھی کوئی ناطق حرف نہیں ہے۔ سبحان اللہ ان حروف میں تاثیر کیوں نہ ہو اور پھر اس پر مستزاد یہ کہ ان حروف پر کتاب حضرت عامل کامل قبلہ جناب شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی مدظلہ جیسی مشہور زمانہ شخصیت لکھے۔ تشنگان علم کو یہ کتاب باقی کتب سے بے نیاز کر دے گی۔ ان حروف میں حقیقتاً جادو ہے۔

احقر

بابر سلطان القادری عفی اللہ عنہ

ڈاکٹر محمد منشور عالم صدیقی کراچی سے اپنے تاثرات بیان فرماتے ہیں

محترم جناب انتظار حسین شاہ زنجانی کسی خصوصی تعارف کے محتاج نہیں کیونکہ آپ کے آباء و اجداد نے قیام پاکستان سے قبل ہی روحانی علوم کی ترقی کے لئے شب و روز جدوجہد شروع کردی تھی ہنوز یہ سلسلہ جاری و ساری ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ تاقیامت یہ سلسلہ قائم و دائم رہے گا۔ آمین ثم آمین

حضرت ناظر حسین شاہ صاحبؒ کے وصال کے بعد اس گراں قدر خدمات کا بیڑا محترم جناب انتظار حسین شاہ زنجانی نے اٹھایا۔ الحمد اللہ آپ خلوص و لگن سے شب و روز روحانی علوم کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں جو کہ قابل ستائش ہے۔

زیر نظر کتاب حروف صوامت پر تحریر کی گئی ہے جس کا سہرا جناب انتظار حسین شاہ صاحب کے سر ہے۔ بلاشبہ شاہ صاحب کا یہ ایک عظیم کارنامہ ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ یہ کتاب حروف صوامت کے جملہ اعمال کے کلید کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کتاب کے مقابلے میں اس موضوع پر تحریر کی گئیں دیگر کتابیں مردہ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں جبکہ یہ کتاب ہر طرح سے جامع و مکمل زندہ جاوید حیثیت رکھتی ہے۔

لہٰذا شائقین کو چاہئے کہ اس کتاب سے بھرپور استفادہ حاصل کریں اور محترم جناب انتظار حسین شاہ صاحب کے آباء و اجداد کو فاتحہ خیر سے یاد کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی و کامرانی آپ کے قدم چومے گی۔

حضرت کلیم حجازی آف حیدر آباد اپنے تاثرات بیان فرماتے ہیں

عزیزم سید انتظار حسین شاہ زنجانی (عامل روحانیات منجم فلکیات) کی خواہش تھی کہ حروف صوامت پر کوئی کتاب لکھی جائے وہ چاہتے تھے کہ یہ کام کوئی اور ہی کرے کیونکہ ان کو ماہنامہ آئینہ قسمت و زنجانی جنتری اور البیرونی تقویم کی ترتیب و تیاری میں بہت وقت صرف کرنا ہوتا ہے پھر یہ کہ روزانہ ملک کے طول عرض سے آئے ہوئے خطوط کے جواب لکھانا پڑتے ہیں نہ صرف یہ بلکہ 10 یوم کراچی اور 20 یوم لاہور میں روزانہ بے شمار لوگوں سے ملاقات کرنا اور ان کے مسائل حل کرنا بذات خود جان جوکھوں کا کام ہے۔

عدیم الفرصتی کے باوجود جلد از جلد کتاب کی تکمیل ہوئی ہے اس لئے ممکن ہے بہت سی باتیں رہ گئیں ہوں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کتاب میں طباعت کی کچھ خامیاں ہوں۔ لیکن امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کتاب کو ضرور سنوارا جاسکتا ہے اور جو خامیاں ہیں وہ دور کردی جائیں گی اور مزید مضامین کا بھی اضافہ ہوگا۔

امید ہے کہ قارئین کرام شاہ زنجانی صاحب کی اس کاوش کو شرف قبولیت بخشیں گے۔ میں شاہ صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ اس قلیل عرصہ میں انہوں نے یہ کتاب لکھ کر علم روحانیات سے دلچسپی رکھنے والے افراد کی معلومات میں بے پناہ اضافہ کیا ہے۔

نور الانوار ہے اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ اول معانی اس کے جانے کھیعص یعنی کل شی ھالک۔ یثبت فیہ عین الذات و الصفات یعنی ہر شے کو سالک میں معدوم و فانی تصور کرکے دیدہ تحقیق سے دیکھے تو وہی شے وجود حقیقی معبود باقی ہے اور عین اس کا وجود ہے نہ غیر نہ جز نہ کل جب چاہیں کہ اس شغل میں مشغول ہوں۔

حروف صوامت کیا ہیں؟

عربی کا ایک لفظ صمت ہے۔ صامت جس کے معنی ہیں خاموش رہنا صامت یعنی چپکا رہنے والا کہا جاتا ہے۔ مالہ' ناطق و لا صامت یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔

عربی میں اصول یہ ہے کہ کسی بھی لفظ کا مادہ دو حرفی ہوگا یا سہ حرفی پس صوامت کا مادہ ہوا ص م صم یعنی ساکن خاموش وغیرہ۔

عربی حروف تہجی کی تعداد 28 ہے۔ جن میں 13 حرف صامت ہیں۔ اور 15 ناطق
صامت حروف ا ح د ر س ص ط ع ک ل م وہ 13 حروف صامت ہیں اور پندرہ ناطق ہیں واضح
ہو کہ عربی حروف تہجی کے وہ تمام حروف جو غیر منقوط ہیں یعنی جن حروف پر نقطہ نہیں ہے۔ وہ
حروف صوامت کہلاتے ہیں اور تمام حروف جن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ناطق یا منقوط کہلاتے
ہیں۔
حروف صوامت بے شمار رازوں کا منبع ہیں۔ ان کا شمار مخصوص حروف میں ہوتا ہے۔
قرآن مجید فرقان حمید کے حروف مقطعات اس کی بین دلیل ہیں۔ جو حروف صوامت پر مشتمل
ہیں۔

الم ○ سورہ بقرہ، آل عمران، عنکبوت، روم، لقمان، سجدہ
المص ○ سورہ اعراف
الر ○ سورہ یونس، ہود، یوسف، رعد، ابراہیم، حجر
المر ○ سورہ رعد
طہ ○ سورہ طہ
طسم ○ سورہ شعراء، قصص
طس ○ سورہ نمل، یٰسین
ص ○ سورہ ص
حم ○ سورہ مومن، سجدہ، برات، دخان، جاثیہ، احقاف
ق ○ سورہ ق اور ن ○ سورہ قلم

آپ نے ملاحظہ فرمایا ان حروف مقطعات میں حروف صوامت ہی کی تکرار ہے۔ ان
حروف کے مخفی اسرار حدیث رسول کے مطابق سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔ ہم جان سکے تو
معرفت رسول خدا "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" حروف صوامت کی برکت سے اندازہ لگائیں
کہ کلمہ بھی حروف صوامت میں سے ہے۔
اللہ، محمدؐ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، علی احمد، والی، ولی ودود، ھادی، ھو، احد، واحد،
الہ، اول، دائم محول، ملک، مالک، الملک، عدل، عالی، سلام، سالع، حمد، واسع، علام، سامع،
امر، مطہر، مدرک، کاسر، سرمد، مصور، سبھی حروف صوامت پر مشتمل ہیں۔ حروف صوامت

کا عامل کلمہ طیبہ کا بھی مکتوبی عامل ہو جاتا ہے۔ حروف صوامت سحری رازوں کا خزانہ ہے۔ جسے
جاہلوں سے پوشیدہ رکھنا افضل ہے۔
13 حروف ا ح د ر س ص ط ع ک ل م وہ حروف پر میرا کتاب لکھنے کا قطعاً ارادہ نہ تھا۔ مگر
مجھے ان کی زکوٰۃ دیتے ہوئے تیرا سال مسلسل ہو گئے ہیں۔ انشاء اللہ اس ادائیگی زکوٰۃ کی قوت
نے میرے قلم کی نوک میں یہ تحریک پیدا کر دی کہ میں حروف صوامت پر کتاب مرتب کروں
اس دوران شائقین علوم مخفی کا اشتیاق اس قدر بڑھ گیا کہ مجھے ان کی روحانی تشنگی کو دور کئے
بغیر نہ رہا گیا۔
حروف ابجد کل 28 ہیں۔ 8+2=10=1 اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ انہیں ایک
اللہ نے اتارا ہے۔ ان ہی 28 حروف میں 13 حروف ایسے بے نقطہ ہیں جنہیں صوامت یعنی
بغیر نقطہ کے ہونے کا شرف حاصل ہے۔ 13 کا ہندسہ جسے یورپی علم الاعداد کے ماہرین منحوس
خیال کرتے ہیں۔ شاید اس واسطے یورپ امریکہ یا جہاں جہاں یہود و نصاریٰ بستے ہیں 13 کے
ہندسے کو بہت ہی منحوس خیال کرتے ہیں۔ آپ کے علم میں ہونا چاہئے یا آپ کو یہ جان کر
حیرت ہوگی کہ یورپ کے ہوٹلوں میں 12 نمبر کے بعد یا تو 14 نمبر استعمال کرتے ہیں۔ یا 12-A
ان کے ہاں 13 نمبر ہوتا ہی نہیں۔
آئیں اس فلسفہ کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ کہ ایسا کیوں ہے۔ تیرہ رجب کو دنیا نے دیکھا
کہ دیوار کعبہ جسے اللہ کا گھر کہتے ہیں۔ وہ شق ہوئی اس پاک گھر میں فاطمہ بنت اسد کے یہاں
ایک بیٹا تولد ہوا جسے دنیا مولود کعبہ 652=13 کے نام سے جانتی ہے۔ ماں نے بیٹے کا نام حیدر
رکھا جبکہ رسول اللہ نے اس کا نام وحی الٰہی کے بعد علیؑ رکھا۔ حسن اتفاق دیکھیں کہ مکہ محمدؐ اور
علیؑ کے مفرد اعداد دو بنتے ہیں۔ **انا مدینتہ العلم و علی بابھا** (حدیث) محمدؐ شہر
علم ہیں اور علیؑ علم کا دروازہ اصول یہ طے ہے کہ علم حاصل کرنے کے لئے دروازے سے آنا
چاہئے نہ کہ کوئی چور راستہ اپنایا جائے۔ حروف صوامت کے حروف چونکہ تیرا ہیں لہٰذا تیرا
رجب کو پیدا ہونے والے ناطق قرآن سے ہم نے جانا کہ تیرا کے ہندسے میں ایک خاص تاثیر و
برکت ہے۔ یہ ہندسہ اہل یورپ امریکہ افریقہ کے لئے تو منحوس ہو سکتا ہے مگر اہل اسلام کے
لئے ہرگز نہیں۔ بنو امیہ اور بنو عباس دنیا میں آج تک کسی ہستی نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ "پوچھ
لو مجھ سے اس سے قبل کہ تم مجھے اپنے میں نہ پاؤ" میں زمین سے زیادہ آسمان کے راستوں کو

بہتر جانتا ہوں۔

یہ دعویٰ منبر رسولؐ پر بیٹھ کر کوفہ میں سوائے علیؑ کے کون کر سکتا تھا دعوت اسلام کے اول عشرہ میں جب رسول خدا نے اعلان کیا کہ جو بھی اسلام پھیلانے میں میرا ساتھ دے گا وہ میرا وصی و جانشین ہو گا مگر کسی نے جرات نہ کی سوائے اس پتلی ٹانگوں والے 13 سالہ لڑکے کے جو بعد ازاں شیر خدا کے لقب سے معروف ہوا۔

آپ کی دلچسپی کے لئے چند اور حقائق پیش نظر ہیں۔ قرآن پاک کی ہر سورہ کا آغاز سوائے توبہ کے 19 حرفی آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ہوتا ہے۔

تیرہ رجب

ت ی ر ہ ر ج ب کا مجموعہ

=2+3+2+5+2+1+4 کے مفرد اعداد 19 بنتے ہیں۔ گویا کل کائنات بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے 19 حروف ہی ہیں۔

1(کائنات)9

اسمائے حسنیٰ کا اعجاز ملاحظہ فرمائیں اول کے اعداد 37 مفرد اسمائے حسنیٰ اور آخر کے اعداد 801 مفرد 9 بنتا ہے۔ مزید اتفاق ملاحظہ فرمائیں کہ حروف صوامت کے کل حروف 13 ہیں جن کا تعلق اعمال گرہن سے ہے۔ سورج گرہن کو (کسوف) اور چاند گرہن کو (خسوف) کہتے ہیں۔ کسوف کے اعداد 166

13=1+6+6 جبکہ خسوف کے اعاد 746

17 = +7+4+6 بنتے ہیں۔ گویا چاند گرہن کی نسبت سورج گرہن (کسوف) میں حروف صوامت کی زکوٰۃ دینا زیادہ پر اثر ہے۔ اگر 13 سورج گرہنوں میں مسلسل حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو ان حروف صوامت کے عامل کامل بن سکتے ہیں۔ قدرت کا مزید کمال دیکھیں کہ جو گرہن آج لگتا ہے۔ وہ ٹھیک 19 سال بعد دوبارہ اسی تاریخ کو اسی برج اسی درجہ پر لگتا ہے۔ اس کتاب کے آخر میں شائقین حروف صوامت کے لئے 55 سال کے گرہنوں کا ریکارڈ درج ہے۔ تاکہ حروف صوامت کی زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے آپ کو کسی مزید کتاب یا جنتری کا سہارہ نہ لینا پڑے۔ جیسا کہ میں نے شروع میں ذکر کیا تھا کہ حروف صوامت

کی زکوٰۃ دیتے ہوئے مجھے تیرا سال ہو گئے ہیں میں اس کے لئے ان تجربات و مشاہدات کو یہاں لکھ رہا ہوں۔ ابتدائی زمانہ میں جب میں نے حروف صوامت کی زکوٰۃ ادا کی تو بہت خوش تھا کہ شائد قارون کا خزانہ میرے ہاتھ لگ گیا ہے۔ اور میں گرہن میں زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس کا عامل بن گیا ہوں شروع میں جب نقش لکھ کر کسی کو دیتا تو سخت مایوسی ہوتی تھی نقش کام نہ کرتے تھے۔ مایوسی کو کامیابی میں بدلنے کے لئے میں نے غور و فکر کا سلسلہ شروع کر دیا شروع میں نقش بنانے کے لئے میں نے جو الفاظ جمع کئے وہ سب فارسی عربی کے تھے۔ مثلاً

زبان بندی کے لئے عقد اللسان، خواب بندی کے لئے عقد النوم بندش نکاح کے لئے عقد النکاح وغیرہ وغیرہ پھر ایک دن مجھے خیال آیا کہ کونسی زبان (عربی۔ فارسی۔ اردو) حروف صوامت کے اعمال میں موثر ثابت ہو سکتی ہے۔ تینوں زبانوں میں اردو ہی ایک ایسی زبان نکلی جس کے حروف کے ابجد قمری کا مجموعہ تیرا بنا۔ اس بات سے انکار نہیں کہ عربی اور فارسی میں بنائے گئے عمل بھی اپنی جگہ موثر ہیں۔ مگر ہم جس خطہ میں رہتے ہیں۔ وہاں اردو زبان ہی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ لہٰذا اس کے بعد میں نے سب حروف صوامت کے طلسم و نقش اردو میں بنانے شروع کر دیئے جو کہ بعد میں تجربہ سے بے حد موثر ثابت ہوئے۔ تجربات کا سلسلہ جاری رہا اور اس میں وقت کے ساتھ ساتھ نکھار آتا گیا اور پھر میں نے اعمال صوامت کے لئے کچھ اصول مرتب کئے اور پھر ان کو پرکھا تو یہ میزان پر پورے اترے سب سے پہلے آپ کی خدمت میں اصول بیان کرتا ہوں جو حسن اتفاق سے 13 ہی ہیں۔

عامل حروف کے لئے اصول و شرائط

(1) اس کے دل میں 13 رجب کو پیدا ہونے والے باب مدینتہ العلم حضرت علی کرم اللہ وجہہ داماد رسول خدا سے محبت ہو۔

(2) عامل کلمہ طیبہ کا روزانہ ورد بھی کرتا ہے۔

(3) حروف صوامت کی زکوٰۃ تیرا مسلسل سورج گرہن (کسوف) میں دی تو آپ اس کے عامل بن سکتے ہیں اور روزانہ مداوت قائم رکھیں تاکہ عمل آپ کے قبضہ میں رہے۔

(4) 13 سال اگر آپ مسلسل گرہنوں میں (چاند سورج) کسوف و خسوف میں اس کی

زکوٰۃ جاری رکھیں تو بھی آپ اس کے عمر بھر کے لئے عامل ہیں۔ اس کے بعد روز آنہ بھی زکوٰۃ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

(5) عمل کی ابتداء 13 حروف سے ہی کریں اور عبارت بنانے کے لئے اول لفظ (اح در س ص ط ع ک ل م وہ) میں سے ہی کریں تو عمل موثر ہو گا۔

(6) رجال الغیب کا خیال رکھیں بوقت عمل مخصوص نیت رجال الغیب مردان خدا کی دعا جس کی تفصیل آگے ہے۔

(7) جس دن عمل کریں۔ اس دن جو ستارہ حاکم ہو۔ صرف اس کی خوشبو (اگر بتی) بطور بخور روشن کریں۔

(8) ہر عمل کا نقش 3+1=4 مرتبہ آتشی بادی آبی خاکی لکھیں اور چاروں طرح استعمال میں لائیں۔

آتشی = فلیتہ بنا کر خوشبودار یا کڑوے تیل سے چراغ روشن کریں۔

باد = حسب ضرورت پھلدار یا قبرستان کے درخت سے لٹکائیں۔

آبی = نقش نیلی شیشی میں ڈال کر پانی یا کنوئیں میں ڈال دیں۔

خاکی = نقش احاطہ قبرستان میں دفن کریں۔

(9) عمل کرنے سے قبل اپنا اور سائل کا صدقہ ضرور دینا تاکہ رجعت سے محفوظ رہیں۔

(10) حروف صوامت کے اعمال میں نقش مریخ سے کام لیں گے تو زیادہ کامیابی کے امکانات ہیں۔

(11) ماہ محرم میں یکم تا 13 تک کوئی عمل نہ کریں۔

(12) عمل کرنے سے پہلے جائز و ناجائز کا خیال رکھیں لالچ دنیا کی خاطر اپنے آپ کو گناہوں سے بچائیں۔

(13) عمل بنانے سے پہلے دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت کی نیت سے ضرور پڑھیں۔

آنکھ کھول کر دیکھیں جس شے پر نظر پڑے تصور کریں کہ یہ سب فانی ہے یہ اصلاً وجود نہیں رکھتی ہے مثل سراب آب نما کے ہے کہ جو اس گھڑی معلوم ہو گا۔ پھر سر گریباں تفکر میں ڈال کر دیکھئے کہ وجود من حیث الوجود کوئی زیادہ نہیں مگر وہ وجود حق تعالیٰ ہے پس یہ تمام موجودات عین وجود حق ہے اور کثرت اسماء میں ہے نہ کہ ذات اور سراب' سراب میں کہ جو ہوا کی آمیزش سے ظاہر ہوا ہے اور اگر یہ ہوا اس میں نہ ہوتا تو ہرگز اس صورت میں نہ دکھائی دیتا جب اس شغل میں ملازمت کرے گا وحدت وجود عین الیقین سے معائنہ کرے گا۔ بیت۔

بدرو یقین پر دھائے خیال
نماند سرا پردہ الاجلال

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الولی والصلوٰۃ عَلٰی نَبِیہ الامی و علی الہ التقی النقی۔

طریق دعوت مع مناسبات نجوم و بروج و بخورات و کیفیات

تعین اوقات ایام وغیرہ میں

حکمائے سابقین اشراقین کی استعداد کثرت ریاضت میں کامل اور بسبب تعلیم و تعلم مکاشفہ و مراقبہ کے عامل تھے بلکہ علم ہیئت و ہندسہ و فلاحت و کیمیا و سیمیا و ریمیا و ہیمیا مراد یا دجفر و طلسم و نیرنج و رمل و قیافہ و نجوم و علم تعبیر و تعویذ و علم تصوف وغیرہ کے مخترع تھے۔ مثل بقراط و افلاطون کے انہوں نے اسے مان لیا ہے کہ حادثات ارضی و سماوی و کونی منحصر ہیں تاثیرات سبعہ سیارہ پر یہاں تک کہ علم موسیقی بلکہ طب میں اطبا نے تاثیرات ادویہ میں نسبت ہفت کواکب کو بہت دخل دیا ہے اور انہیں سابقین کی تقلید میں متقدمین نے بھی بعض طرق اعمال میں اسے ضروری سمجھا ہے پس ہمیں بھی اس کا بیان کرنا ضروری ہے کہ طالبان اعمال کو دقت نہ ہو اور منسوبات بروج و کواکب و بخور و اوقات کے دریافت میں آسانی ہو مطابقت علم نجوم بنابر رواج قدیم واسطے زیادتی تاثیر عمل حسب قاعدہ معینہ اساتذہ متعلقات بروج و طالع و سیارہ و رنگ و مزاج و بخور مع عزیمت ہفت کواکب بلحاظ

حروف تہجی لکھے جاتے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ جس وقت دعوت شروع کرے شرائط اسماء و شرائط عمل اپنے اوپر لازم و واجب جانے بعدہ راہ دعوت میں قدم رکھے۔ شرائط اسماء دریافت کرے اس طرح کہ اول حساب ابجد معلوم کرے پس قاعدہ جمل (یعنی ابجد) کا یہ ہے۔ اب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ۔ اپنی خاصیت اسم اور نیز اسمائے اعظم الٰہی سے غافل نہ ہو اور شمار ابجد کا موافق دوازدہ بروج کے ہو اس صورت سے کہ تمام حروف مقطعات اسم اعظم الٰہی بنابر جمل جمع کرے اور سب کو بارہ سے طرح کرے جو کچھ باقی رہے اول برج سے شمار کرے جس برج پر عدد تمام ہو پس خاصیت اس اسم کی موافق خاصیت اس برج کے ہوگی اگر اس صورت کے موافق نہ کرے گا تو بعض دعوت میں استخراج دونوں اسموں کا مع اسم اعظم الٰہی کے جیسا کہ دعوت مقطعات میں شرط ہے تاثیر کم ہوگی۔

نقشہ بروج و موکل

حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ
آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی
سراخیل	عزرائیل	سرائیل	قمقائیل	سرائیل	سکیل
میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی
سراکیل	صرائیل	سطائیل	سمعائیل	حمکیائیل	قمیائیل

جب خاصیت اسم کی بروج سے دریافت ہو جائے تو نظر کواکب پر کرے کہ کون کواکب کس برج میں ہے اور اس برج میں وہ کواکب کیا تاثیر رکھتا ہے جب یہ معلوم ہو تو بلحاظ سعد و نحس کواکب عمل کرے۔ بارہ بروج پر ساتوں ستاروں کو تقسیم کیا ہے اور ہر کواکب دو خانہ رکھتا ہے۔ الا شمس و قمر کہ یہ دونوں ایک ایک خانہ رکھتے ہیں۔

نقشہ امزجہ بروج و نجوم بین و رنگ و بخور وغیرہ

رنگ کواکب	مثلث آتشی: حمل، قوس، اسد		مثلث بادی: جوزا، دلو، میزان		مثلث آبی: سرطان، حوت، عقرب		مثلث خاکی: ثور، جدی، سنبلہ	بخورات
سیاہ	زحل	ا	ب	ج	د	حیات		عود و لوبان
صندلی	مشتری	ہ	و	ز	ح	علم		عود و شکر
سرخ	مریخ	ط	ی	ک	ل	قدرت		عود و اگر
زرد طلائی	شمس	م	ن	س	ع	بصیر		عود و دارچینی
سفید	زہرہ	ف	ص	ق	ر	سمع		عود و صندل سفید
فیروزی	عطارد	ش	ت	ث	خ	کلام		عود و صندل سرخ
سبز	قمر	ذ	ض	ظ	غ	ارادہ		عود و کافور
بخور اس کا ... ہے	مرفوعات آتشیہ: اهطم فشذ		مفتوحات رطبہ: بوی ینصتض		مجرورات باردہ: جزکس قثظ		مجزومات یابسہ: دحلع رخغ	جس اسم کا حرف موافق سر اسم ستارہ

خانہ زحل برج جدی و دلو۔ خانہ مشتری برج قوس و حوت۔ خانہ مریخ برج حمل و عقرب۔ خانہ شمس برج اسد۔ خانہ زہرہ برج ثور و میزان۔ خانہ عطارد و برج جوزا و سنبلہ۔ خانہ قمر برج سرطان ہے۔ جب سالک چاہے کہ دعوت بہت جلد حاصل ہو تو جانے کہ اٹھائیس حروف منقسم ہیں سات ستاروں پر اور ہر ستارہ چار حروف سے تعلق رکھتا ہے۔ مثلاً اب ج د موافق زحل و حروف ہ و ز ح موافق مشتری و حروف ط ی ک ل موافق مریخ و حروف م ن س ع موافق شمس و حروف ف ص ق ر موافق زہرہ و حروف ش ت ث خ موافق عطارد و حروف ذ ض ظ غ موافق قمر منجملہ ان حروف کے جس اسم سے کہ سر اسم اس حرف کا موافق ہو اور تعلق اسم اس کواکب کا ہو تو بخورات بھی اس کوکب کے دریافت کرے۔

بخورات زحل عود و لوبان و بخورات مشتری عود و شکر و بخورات مریخ عود و اگر۔ بخورات شمس عود و دارچینی۔ بخورات زہرہ عود و صندل سفید۔ و بخورات عطارد عود و صندل سرخ۔ بخور قمر عود و کافور۔ سالک کو چاہئے کہ ہر اسم کو پہلے کواکب سے موافق کرے اور بعد اسی کواکب کی ساعت یا روز میں آغاز دعوت کرے اور دعوت تسخیر اس

Scanned by CamScanner

مدت تک کرے کہ جب تک وہ کواکب اپنے برج میں ہو تو وہ تحت تصرف عامل میں ہو جائے گا۔

عزیمت سبع سیارگان

(1) **عزیمت زحل**۔ ایھا السبیل العظیم اسمه الکبیر شانه الرفیع قدره العالیة الدرجة الشدیدة انت الزحل البارد الیابس المظلم النحس صادق القول النصب والتعب المقعود بالغم والحزن المتحلی عن الطرب والعزج المحتال المکار العالم الفهم الشیخ المجرد الشقی من اشقیته اسألک ایها الاب الزکی بحق الائک العظام واخلاقک الکرام لافعلت لی کذا۔

(2) **عزیمت مشتری**۔ ایها السبیل المبارک الحکیم المزین الزاهد البارد العظیم الهیبة الصالح الکریم السخی المغنی الوافی بالزهد اسئلک ایها الاب بحق اخلاقک الحمیدة لافعلت لی کذا۔

(3) **عزیمت مریخ**۔ ایها السبیل الفاضل الحار الیابس الشجاع القلب القاهر الغالب بالبطش الشدید صاحب الشر والعداوة والضرب والسجن قلیل المبالاة بالقتال الوحید الغریب حاصل السلاح الکثیر النکاح اسألک ان تفعل لی کذا۔

(4) **عزیمت شمس**۔ ایها السبیل الحار الیابس المنیرة الحکمة الدنیة المملکته قباد الکواکب فان قادت لک علیها قدلک واذا بعدت عنها رجعت الیک فاذا تربه عنها احترقت بکومن نورک تقبس وبضیائک تشرف ذالک الفضل علی جمیعها انت الملک علیهم ویتم لک یشعرون اذا فطرة ویبخس اذا معة فان یخالطه معرفته فذالک وتدرک عنه شرک اسئلک انه تفعل لی کذا۔

(5) **عزیمت زہرہ**۔ ایها السبیل المبارکة الرطب المعتدلة النظیفة الفطرة الحسنة الخلقة الضاحکة صاحب الحلیه والزینة والذهب

والفضة واللطیف والظریف واللهو والسماع الذی یخترک به العبد ان التعب والمزاج الباهرة الباطلة الهائکة مترددة العبادة المحبة الخیر النکاح صاحب السرور اسئلک ان تفعل لی کذا۔

(6) **عزیمت عطارد**۔ ایها السبیل الفاضل الصادق العادل العاقل الناطق الفهیم الساتر العلیم الکاتب الحاسب العالم باخبار السموات والارض قبیل الفرج المفید الکمال بالتجار صاحب المنکر والخبیث والزهاد المصاعد الظنون الصادق اللطیف اللبیب فلا تعرن لک طبع والطبیعت فلم توجد بالتوصف وانت مع السعود مسعد مع النحوس لنحس مع الذکور ذکر مع الاناث اناث ومع النهاریة نهاریة ومع اللیلة لیلة بمزجهم وطبایعهم وتشا کلهم کل لک ان تفعل لی کذا۔

(7) **عزیمت قمر**۔ ایها السبیل البارد والرطب المتعدد والجید الفرح السعید القاضی فی التدبیر المحب اللهو واللعب والعدل صاحب الرشد والاخیار وکتمان السر السخی الکریم الخلق انت اقربهم الینا فلکا واعظمهم خیرا ونفعا وانت المؤلف بین الکواکب والناقل بانوارها والمصلح بین بعضها وبعض وبصلاحک یصلح کل شیء وبفسادک یفسد کل شیء ونعبد الله الکرام والشرف والفضل اسئلک ان تفعل لی کذا۔

چہل کاف بطریق خاندان زنجانیہ عالیہ

حرز کافی میں ہزار علمائے بیان کیا ہے قدس اللہ سرہ سے مشہور ہے کہ فرمایا انہوں نے مجھ کو یہ طریقہ چہل کاف کا جناب شاہ ولایت سلطان ہدایت اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب علیہ السلام و کرم اللہ وجہ سے خاندان زنجانیہ عالیہ از حضرت میراں حسین زنجانی پیر بھائی حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش لاہور پہنچا۔ پس چاہیے کہ اول عروج ماہ میں

بروز پنج شنبہ غسل کرے اور روزہ رکھے اور طہارت سے شیر برنج پکا کر فاتحہ حضرت پیغمبرو حضرت علی مرتضٰی اور شیخ ممدوح کا دیکر فقیروں یا نمازیوں کو پیٹ بھر کر کھلائے اور جناب شیخ سے استخارہ لے اگر ارشاد ہو تو عمل شروع کرے اور اگر ارشاد نہ ہو تو موقوف کرے اور عمل خوانی میں ترک جلالی و جمالی کرے دریا کنارے یا صحرا میں یا باغ تنہا میں یا گوشۂ مکان میں بیٹھ کر زکوٰۃ دے اور چالیس روز میں ایک لاکھ پچیس ہزار کو پورا کرے۔ علاوہ اور اشیاء کے نمک بھی ترک کرے اور پڑھنے کے وقت اگربتی رنگ کا لباس رنگوا کے پہنے اور عطر میں کپڑے بسائے اور بخور اگر لوبان صندل کالی مرچ جلائے اور اس حرز کافی کو باوضو باطہارت ایک جلسہ میں ایک ہزار مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ختم عمل پر کھانا پکوائے اور فاتحہ جناب شیخ مذکور کا دیکر فقرائے قادریہ یا نمازیوں کو بطور دعوت کھلائے کہ عمل کی تاثیر ظاہر ہو اور خاصیت کامل ہو۔ خاصیت پہلی واسطے حصار کامل اور حفظ جان کے خاصیت دوسری واسطے آسیب کے بہت مؤثر ہے۔ چالیس بار اوپر روغن تلخ کے پڑھ کر مریض کے بدن پر ملے آسیب اور مسان اور سحرو جادو خود بخود بدن سے آسیب زدہ کے دور ہو جائے گا۔ خاصیت تیسری اگر کالی مرچ یا پانی پر چالیس بار پڑھ کر کھلائے یا پلائے مقرر آسیب دفع ہو جائے گا۔ خاصیت چوتھی اگر آسیب زدہ پر رائی یا کالا دانہ یا ہلدی پڑھ کر مارے آسیب بھاگ جائے گا اور فریاد کرے گا۔ خاصیت پانچویں اگر حاضرات کسی کی بند کرے اس حرز کو پڑھے حاضرات اسی کی بند ہو جائے گی۔ خاصیت چھٹی فتیلہ جلائے یا اس حرز کو زرد سرسوں یا بنولے یا ماش پر پڑھ کے آگ میں ڈالے اور پھونکے آسیب دیو و جن پری کا کیسا ہی ہو حاضر ہو گا اور جواب و سوال کرے گا۔ شرائط عمل بجالائے۔ فضل خدا سے قبضہ میں آجائے گا۔ خاصیت ساتویں حصار شام سے صبح تک ہو گا اگر اس حرز کو سوتے وقت چار بار پڑھ کے دستک دے اور سو رہے تمام گھر کا حصار ہو جائے گا۔ خاصیت آٹھویں جو شخص قید ہو وہ اس عمل کو چالیس بار پڑھے یا دوسرا شخص اس قیدی کے واسطے پڑھے یا قرضداری سے نجات کے واسطے یا کتخدائی کے لئے چالیس بار پڑھے ایک چلہ تک غیب سے سامان ہو جائے گا۔ خاصیت نویں اگر کوئی گیارہ بار پڑھے اسے ہرگز کوئی مہم پیش نہ آئے گی اگر آئے گی بھی تو جلد دفع ہو جائے گی۔ خاصیت دسویں اگر کسی پر دیو و پری یا ام البصیان (یعنی جوگہ) یا کفتار (یعنی پچھل پائی) وغیرہ ہو پس چاہے کہ

اس حرز کو سات مرتبہ سرسوں کے تیل پر دم کر کے دونوں کانوں میں ٹپکائے اسی گھڑی وہ چیز حاضر ہو گی اور جواب و سوال کرے گی چاہے اسے گرفتار کریں یعنی اپنے قبضہ میں لائیں چاہے اس سے کام لیں یا اسے باندھیں تو اس طرح کہ بالوں میں گرہ دے وہ چیز بندھ جائے گی۔ خاصیت گیارھویں جس شخص کے تمام بدن میں یا کسی اعضا میں درد ہو پس بروز چہار شنبہ غسل کرے اور اس حرز کو درستی کے ساتھ لکھے اور بازو یا سر میں باندھے فوراً شفاء کلی حاصل ہو۔ خاصیت بارھویں اگر کسی کی بینائی چشم کم ہو گئی ہو یا اور کوئی فتور بسبب کسی عارضہ کے ہو گیا ہو مثل دھندھ۔ جالا۔ ڈھلکہ ناخونہ وغیرہ کے تو جمعرات کو اوپر خوشبودار پھولوں کے پڑھے اور اس میں پھولوں کو تر کر کے اپنی آنکھوں پر باندھے انشاء اللہ روشنی اور بینائی زیادہ ہو جائے گی۔ خاصیت تیرھویں اگر کسی کے دانتوں میں درد ہو اس حرز کو جمعرات کے روز لکھ کر اپنے دانتوں میں دبائے درد دفع ہو جائے گا۔ خاصیت چودھویں اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو نمک سنگ پر سات بار پڑھ کے کھلائے درد شکم دفع ہو جائے گا۔ خاصیت پندرھویں اگر کسی کے پاؤں میں درد بہ شدت ہو اس حرز کو پوست گربہ سیاہ پر لکھے اور گلے میں ڈالے دفع ہو جائے گا۔ خاصیت سولھویں اگر کسی شخص کا کوئی دشمن قوی ہو اور چاہے کہ اسے ہلاک کرے پس شب یکشنبہ کو کسی پرانی قبر پر جائے اور اکتالیس بار اس حرز کو پڑھے اور اسی دشمن کا تصور کرے اور نام اس کا مع مادر کے لے اور اس کے مکان کی طرف پھونکے وہ قہر خدا میں گرفتار ہو گا مگر ناحق یہ عمل نہ کرے۔ خاصیت سترھویں اگر کوئی ظالم کے قبضے میں گرفتار ہو اور ظالم اس کے قتل کا قصد رکھتا ہو اس سے بچنے کے واسطے مظلوم اس حرز کو لکھ کر گلے یا بازو میں ڈالے جس وقت ظالم مظلوم پر نظر کرے گا تو فوراً مہربان ہو جائے گا اور اس کے قتل سے باز رہے گا۔ خاصیت اٹھارویں کوئی شخص اس حرز کو اپنے پاس رکھے اور اسے کسی فیل مست یا شیر نر کے آگے ڈال دے تو اس سے کچھ گزند نہ پہنچے گی۔ یا آگ یا پانی میں اسے ڈال دے تو ہرگز نہ جلے گا نہ ڈوبے گا۔ خاصیت انیسویں اگر کسی کو سانپ کاٹے اور دوسرا شخص خبر کرے تو اس خبر کرنے والے کو یہ حرز لکھ کر پلائیں اسے فوراً شفا ہو گی۔ خاصیت بیسویں اگر کسی کو سانپ کاٹے اس حرز کافی کو تین مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے زہر سانپ کا دفع ہو جائے گا۔ خاصیت اکیسویں واسطے تسخیر کے یہ حرز لکھ کر پانی میں حل کر کے جسے پلائے گا وہ مسخر ہو گا

یا اپنے پاس اس حرز کو رکھے۔ خاصیت بائیسویں اگر کسی کو بواسیر خونی یا بادی ہو اوپر پوست گربہ سیاہ کے لکھے اور گلے میں ڈالے صحت ہوگی۔ خاصیت تیسویں اگر کسی کو تپ دق ہو یہ حرز لکھے اور پانی میں گھول کر پلائے ایک ہفتہ تک یہی عمل کرے۔ خاصیت چوبیسویں اگر کسی کو کھینگھا یا کنٹھ مالا ہو یا کرل شنگرف سے لکھ کر پلائے شفا ہوگی۔ خاصیت پچیسویں اگر کوئی شخص زندان میں قید ہو پس اس حرز کو اوپر روٹی کے لکھے اور کسی درویش کو دے اور وہ جا کر اس قیدی کو کھلائے ایک ہفتہ میں وہ محبوس قید سے چھوٹ جائے گا۔ خاصیت چھبیسویں جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو خواہ وہ عقیمہ یعنی بانجھ ہو پس اس حرز کو بعد غسل حیض کے پیئے انشاء اللہ ضرور فرزند ہوگا۔ خاصیت ستائیسویں اگر اس حرز کو کسی ریشمی کپڑے (یا حریر) پر لکھے مع نام مطلوب و مادر مطلوب کے اپنے بازو پر باندھے محبت جانی و دلی ہو۔ خاصیت اٹھائیسویں اگر کسی کو اپنا عاشق کرے پس چاہے خون کبوتر سے اس حرز کو لکھے اور آستانہ مطلوب میں دفن کرے دیوانہ ہوگا۔ خاصیت انتیسویں اس حرز کو کھاری نمک پر پڑھ کر جس گھر میں ڈالے سخت دشمنی ہو اور لڑائی جھگڑا ہو۔ خاصیت تیسویں اگر کسی کو تپ لرزہ آتی ہو اس حرز کو ستر بار پڑھ کے پھونکے صحت ہو۔ خاصیت اکتیسویں اگر کوئی شخص بیاباں میں ہو اس حرز کو ستر بار پڑھے عجائب دیکھے۔ خاصیت بتیسویں جس کی آنکھیں ہمیشہ سرخ رہتی ہوں چاہے کہ ستر بار پڑھے اور اپنی آنکھوں پر پھونکے اچھی ہو جائیں گی۔ خاصیت تینتیسویں اگر کوئی شخص چاہے کہ موئے سر بہت دراز اور لانبے ہو جائیں پس سات بار کنگھی پر دم کر کے سات روز بالوں میں کرے بہت دراز ہو جائیں گے۔ خاصیت چونتیسویں اگر چاہے کہ پریاں حاضر ہوں پس چاہئے کہ جمعرات کو بوقت شب مکان خالی و تنہا پاک صاف کر کے روزہ رکھے اور بخور روشن کرے فاتحہ شیخ موصوف کا دے چالیس بار پڑھے پریاں جلد حاضر ہوں گی۔ بشرطیکہ عمل میں ہو تو جو چاہے گا ہوگا۔ خاصیت پینتیسویں اگر کوئی مرد بستہ ہو داہنے ہاتھ میں اسے لکھ کر باندھے کشادہ ہو جائے گا۔ خاصیت چھتیسویں اگر عورت بدکار کو یہ حرز سات بار خوشبودار پھولوں پر پڑھ کے سونگھائے وہ بدکاری چھوڑ دے گی۔ خاصیت سینتیسویں اگر بہت قرضدار ہو کہ ادا نہ کر سکتا ہو چاہئے کہ غسل کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے شیخ موصوف کی ارواح کو اس کا ثواب ہدیہ کرے بعدہ اکیس بار اس حرز کو پڑھے خدا کے کرم سے جلد

قرض ادا ہوگا۔ خاصیت اڑتیسویں اگر کوئی شخص درماندہ اور زحمت رسیدہ ہو اسے یہ حرز پلائیں صحت ہو۔ خاصیت انتالیسویں اگر کسی کو بھیڑیے نے کاٹا ہو ایک ہفتہ تک لکھ کر اسے پلائے اور زخم پر دم کرے اچھا ہو۔ خاصیت چالیسویں اگر کسی کو جن پکڑ لے گیا ہو یا سنگ اندازی کرتا ہو یا دیو نے بزور پکڑ لیا ہو اور سوال و جواب کرتا ہے اور عمل عامل کا قبول نہیں کرتا ہے پس چاہئے کہ ایک نیا آبخورہ مٹی کا لیکر اس کے ٹکڑے کرے اور اسے مارے مگر اس جگہ کار ہوشیاری و عیاری ہے کہ لڑائی جن اور آدم کی ہے۔ خاصیت اکتالیسویں اگر کسی کو سنگ مثانہ ہو ۷ روز شربت قند اور تھوڑے گلاب کے پھول ڈال کر سینتالیس بار پڑھ کے پھونکے اور مریض کو پلائے صحت ہوگی۔ خاصیت بیالیسویں اگر کسی شخص کو ہمیشہ روزانہ احتلام یعنی بدخوابی ہوتی ہو اس حرز کو گیارہ بار شب یکشنبہ پڑھ کر سو رہے پھر تمام عمر احتلام نہ ہوگا۔ خاصیت تینتالیسویں اگر کسی کو مرض مرگی کا ہو اس حرز کو پیپل کے پتے پر لکھے اور چالیس روز برابر لکھے اور پیئے دفع ہوگی۔ خاصیت چوالیسویں اگر کسی شخص کو مرض ہینی (رعشہ) کا ہو سینتالیس بار اوپر کھانے کے دم کرے اور کھلائے اچھا ہو جائے گا۔ خاصیت پینتالیسویں اگر چاہے کہ خلق میں سردار او ممتاز ہو تمام خلق پر اور سب اس کی عزت کریں اور دوست رکھیں چاہئے کہ ستر بار ہر روز ایک ہفتہ تک پانی پر پڑھے اور اس پانی میں سراپا دھوئے سربلند اور سرخرو ہوگا۔

اسناد اس دعا کے بہت ہیں لیکن مختصر کر دیئے گئے ہیں تاکہ پڑھنے والے کو طول سے ملال نہ ہو جاننا چاہئے کہ بعد اچھے ہونے کے فاتحہ شیخ موصوف کا اور فاتحہ حضرت پنجتن پاک کا دے اور نمازیوں کو بانٹ دے۔ حصار چہل کاف کا یہ ہے۔

عامل جتنی دفعہ اس دعا کو شروع کرے ہر بار اس دعا کو پڑھے بعد اس کے چہل کاف شروع کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُبْحَانَ اللّٰہِ آمَنْتُ بِاللّٰہِ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَ اَعْطَیْتُ بِاللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ چار قل اور سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرنے اور انگلی سے حصار کرے اور عمل شروع کرے اور نقش مثلث چہل کاف کا یہ ہے چاہئے کہ بہت صحت و درستی کا لحاظ رکھے اعداد چہل کاف کے سات ہزار اٹھائیس عدد ہیں پس اگر تعویذ مشک و زعفران سے لکھ کر ایک گلے میں ڈالے اور ایک پلائے ہر روز ایک تعویذ لکھے اور بچہ کی ماں کو پلائے بچہ جموگہ سے محفوظ رہے گا۔

نقش چہل کاف مع عزیمت تا ترجعون عدد ۳۰۱۲۴

۷۸۶

۱۰۰۴۲	۱۰۰۳۷	۱۰۰۴۵
۱۰۰۴۴	۱۰۰۴۱	۱۰۰۳۹
۱۰۰۳۸	۱۰۰۴۶	۱۰۰۴۰

مثلث صرف چہل کاف کا یہ ہے عدد ۷۰۲۸

۷۸۶

۲۳۴۴	۲۳۳۸	۲۳۴۶
۲۳۴۵	۲۳۴۳	۲۳۴۰
۲۳۳۹	۲۳۴۷	۲۳۴۲

دوسرا حصار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - بِسْمِ اللّٰہِ دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ بعدہ سات سات مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے بعد حصار اپنے گرد چھری سے اور نقش چہل کاف مع عزیمت کے ترجعون تک صحیح اور درست کھینچا گیا ہے۔ اعداد تیس ہزار ایک سو چوبیس ہیں۔

۷۵۳۰	۷۵۳۴	۷۵۳۷	۷۵۲۳
۷۵۳۶	۷۵۲۴	۷۵۲۹	۷۵۳۵
۷۵۲۵	۷۵۳۹	۷۵۳۲	۷۵۲۲
۷۵۳۳	۷۵۲۷	۷۵۲۶	۷۵۳۸

(درمیان میں:) یا حد وذائیل — فلاں بن فلاں

چہل کاف مع عزیمت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ وَ اَقْسَمْتُ بِکَ اِجِبْ یَا خُدُوْ ذَائِیْل بِحَقِّ چِہَل کَافْ وَ اَطِعْنِیْ وَ سَخِّرْلِیْ وَ اَمْدِدْنِیْ لِجَمِیْعِ قُضَاءِ حَاجَتِیْ وَ حُصُوْلِ مُرَادِیْ بِدُوْنِ مَکْثٍ وَلَا مُھْلَۃٍ وَ اَلِفْ قُلُوْبَنَا بَیْنَ الْقُلُوْبِ الْعَامَّۃِ وَ تَسْخِیْرِ جَمِیْعِ النَّاسِ بِحَقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ السَّحْیَا مِنْ کُلِّ آفَۃٍ وَحِیَ اللّٰہُ کَافِیْ کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ وَ اکِفَۃً کُفِکَا فَھَا کَکُمِیْنًا کَانَ مِنْ کَلَکَا تَکَرًّا کَرًّا کَکَرِّ الْکَرْنِیْ کَبِدِیْ تَحْکِیْ مُشَکْشَکَۃٍ کَلُکَ لَکِۃ اَلْکَلْکَا کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافَ کُرَیْتَہٗ یَا کَوْکَبًا کَانَ لَیَحْکِیْ کَوْکَبَ الْفَلَکِ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ سُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ اور اگر تنہا یعنی مع عزیمت پڑھنا منظور نہ ہو تو عبارت قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ السَّحْیَا سے شروع کرے کَوْکَبَ الْفَلَکَ سے فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ تا مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ ایک سو گیارہ بار پڑھے فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ

تتمہ بیان چہل کاف

پوشیدہ نہ رہے کہ یہ مثلث چہل کاف کا واسطے جمیع امورات کے اساد دیکھ کر عمل کرے یہ نقش بنایا ہوا دلبر شاہ کا ہے اگر واسطے آسیب کے فتیلہ کرے تو یہ تینوں اسم لکھے یا آصف بن برخیا   یا شاہ بکتانوش   یا عبدالرحمان کوتوال پریاں علیقاً ملیقاً طلیقاً ما فی قلوبھم علیقاً عدد ۷۰۰۰۳۷ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

[illegible]	۷۰۰۰۳۷	[illegible]
۵۸۳۳۶	۴۶۶۶۹۳	۱۷۵۰۰۸
۲۹۱۶۸۰	یا حضرت مرتضیٰ علیؓ داماد نبی ... یاحلادزائیل	۲۰۸۳۵۳
۳۵۰۰۲۱	بحق چہل کاف ۴۴ ۲۳۳۳ فلاں بن فلاں	۱۱۶۶۷۲
یا حضرت امام حسن علیہ السلام		یا حضرت امام حسین علیہ السلام

نقش خالی البطن چہل کاف

۷۷۸۰	۳۸۹۱۷	۲۳۳۴۰
۳۸۹۰۰		۳۱۱۳۷
۲۳۳۵۷	۳۱۱۲۰	۱۵۵۶۰

وَهُوَ السَّمِيْعُ عَلِيْم ○ بحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ یا حافظ یا حافظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظہ یا رقیب یا رقیب یا رقیب یا وکیل یا وکیل یا وکیل یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ مہر کردم بنام محمد الرسول اللہ۔

چہل اسماء الٰہی معہ موکل

یہ وہ اسماء ہیں کہ جن کو عارفین سالکین و عاملین کاملین نے اسماء اعظم قرار دیا ہے جس کے ہزاروں اثر ہیں اور بہت سریع الاجابت ہیں انہیں اسماء سے حصول کشف معرفت و حقیقت الٰہیہ و رموز علوم مغیبہ و ریمیا و سیمیا و ہیمیا و کیمیا وغیرہ ہے اور انہیں اسماء کی برکت سے مشاہدہ کیفیات ہژدہ ہزار عالم ہوتا ہے تمام حاجات دنیا و آخرت کے لئے گنجینہ بے حصر و حصار دریائے ذخار ہے۔

اسم اولؔ یا ھمرائیل یا ھمواکیل بحق شخیثا سبحانک لا الہ الا انت یا رب کل شئی و وارثہ و رازقہ و راحمہ۔ اسم دوئم یا اسرافیل بحق شموطیثا یا الہ الالھۃ الرفیع جلالہ اسم سوئم یا اسرافیل بحق مغروس یا اللہ المحمود فی کل فعالہ۔ اسم چہارم یا امواکیل بحق ظھفون یا رحمن کل شی و راحمہ۔ اسم پنجم یا تنکفیل بحق خشینوذ یا حی حین لاحی فی دیمومۃ ملکہ و بقائہ۔ اسم ششم یا عطرائیل بحق مترقب یا قیوم فلا یغوث شی من علم و لا یودہٗ۔ اسم ہفتم یا رفتمائیل بحق حجطر کو یا واحد الباقی اول کل شئی و آخرہ۔ اسم ہشتم یا دردائیل بحق ھیجن یا دایم بلا فناء و لا زوال لملکہ و بقائہ اسم نہم یا اھجمیائیل بحق کفکف وارفخشذ یا صمد من غیر شیہ فلا شئی کمثلہ۔ اسم دہم یا جبرائیل بحق کھکن و مسیطح یا بار فلا شئی کفوہ یدانیہ و لا مکان لوصفہ۔ اسم یازدہم یا حروزائیل بحق یا مستطیع یا کبیر انت اللہ الذی لا تھتدے العقول لوصف عظمتہ۔ اسم دوازدہم یا جبرئیل بحق

الخشفونا باری النفوس بلا مثال خلا من غیره۔ اسم سیزدہم [۱۳] یا صرقائیل بحق عیطرذج یا زکی الطاهرمن کل افة بقدسه۔ اسم چہاردہم [۱۴] یا حرو زائیل بحق دسکرینا یا کافی الموسع لماخلق من عطا یا فضله من کل جور لم یرضه و لمه یخالطه فعاله۔ اسم پانزدہم [۱۵] یا حولائیل بحق دینوے یا نقیا من کل جورلم یرضه و لم یخالصه فعاله۔ اسم شانزدہم [۱۶] یا تنکفیل بحق دینی یا حنان انت الله الذی وسعت کل شئی رحمة و علما۔ اسم ہفدہم [۱۷] یا ردئیل بحق صینون یا منان ذالاحسان قد عمر کل الخلایق منه۔ اسم ہژدہم [۱۸] یا دردائیل بحق خمو ناع یا دیان العباد کل یقوم خاضعاً لوهبته و رغبته۔ اسم نوزدہم [۱۹] یا مهکائیل بحق فطلیلخ و برهان اغثنی یا خالق من فی السمٰوات و الارض کل الیه معاذه۔ اسم بستم [۲۰] یا مواکیل بحق عنا کفی یا رحیم کل صریخ و مکروب غیاثه و معاذه۔ اسم بست و یکم [۲۱] یا عزرائیل بحق ہذا غثنی یا تام فلا تصف الانس کل جلاله و ملکه و عزه۔ اسم بست و دوم [۲۲] یاروپائیل بحق بطفرنا نے یا مبدع البدایع لم تبغ فی انشائیها عونا من خلقه۔ اسم بست و سوم [۲۳] یا لومائیل بحق صلخبوخ یا علام الغیوب فلا یفوت شی من حفظه۔ اسم بست و چہارم [۲۴] یا تنکفیل بحق حی یا حلیم ذالانات فلا یعادله شی من خلقه۔ اسم بست و پنجم [۲۵] یا روپائیل بحق نصرٌ یا معید ما افناه اذا ابرزالخلایق لدعوته من مخافته۔ اسم بست و ششم [۲۶] یا تنکفیل بحق حجرت یا حمید المفعال ذالمن علی جمیع خلقه بلطفه۔ اسم بست و ہفتم [۲۷] یا لومائیل بحق رسنوس یا عزیز المنیع الغالب علی جمیع امره فلا شی یعادله۔ اسم بست و ہشتم [۲۸] یا عطرائیل بحق طسجنس یا قاهرذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامه۔ اسم بست و نہم [۲۹] یا عطرائیل بحق عطیراث یا قریب المتعالی فوق کل شی علٰی ارتفاعه۔ اسم سی ام [۳۰] یا روپائیل بحق عدمولی یا مذل کل جبار عنید بقهر عزیز سلطانه اسم سی و یکم [۳۱] یا حولائیل بحق داه یا نور کل شی و هداه انت الذی خلق الظلمات بنوره۔ اسم سی و دوم [۳۲] یا لومائیل بحق یا ضمنون

یا عالی الشامخ فوق کل شی علوارتفاعه۔ اسم سی و سیوم [۳۳]- یا عطرائیل بحق طاطوت یا قدوس الطاهرمن کل سوء فلا شی بعاکاله من جمیع خلقه بلطفه۔ اسم سی و چہارم [۳۴] یا روپائیل بحق طفقعان یا مبدی البرایا و معیدها بعد فنایها بقدرته۔ اسم سی و پنجم [۳۵] یا کلکائیل بحق منشظر یا جلیل المتکبرعلی کل شی فالعدل امره و الصدق وعده۔ اسم سی و ششم [۳۶] یا روپائیل بحق ازل یا محمود فلا تبلغ الاهام کل ثنائه و مجده۔ اسم سی و ہفتم [۳۷] یا حروزائیل بحق عضاجو یا کریم العفو ذاالعدل انت الذی ملاء کل شی عدله۔ اسم سی و ہشتم [۳۸] یا لومائیل بحق سوراجی یا عظیم ذوالثناء الفاخر والعزو المجد الکبریاء فلا یذل عزه۔ اسم سی و نہم [۳۹] یا عطرائیل بحق سرناحی و مشقیلخ یا قریب المجیب المدانی دون کل شی قربه۔ اسم چہلم [۴۰] یا لومائیل بحق نورز یا عجیب الصنایع فلا تنطق الانس بکل الائه و ثنائه و نعمائه۔ اسم چہل و یکم [۴۱] یا لوخائیل بحق دحنش کلیخ یا غیاثی عند کل کربت و مجیبی عند کل دعوت و ملاذی عند کل شدة و رجائی حین تنقطع حیلتے۔

حروفِ دعوت مقطعات

عاملان کامگار و متصرفان نامدار نے اس دعوت کو واسطے رجعت عمل کے مقرر کیا ہے۔ اس طرح کہ تمام حروف اسم جو قرأت میں آئیں ان کے اعداد نکال کے بارہ سے طرح دے بعدہ جو حاصل طرح ہو برج اول سے شمار کرے جس برج میں وہ عدد تمام ہو پس وہ اسم موافق اس برج کے ہے۔ جو کچھ تاثیر برج ہے وہی تاثیر اسم ہوگی مثلاً اگر حاصل طرح ایک ہے تو برج حمل اور دو بچے ہیں تو ثور علیٰ ہذا القیاس موافق اسم اعظم اس کے کواکب و بخور کو دریافت کرے اور سند دائرے کی معلوم کرے پارچہ کاغذ دو انگشتی کو ایک دوسرے میں جوڑ کر انہیں پارچہ کاغذ پر سبحانک سے غیاثی تک لکھے اس پارچہ ہائے کاغذ کے دونوں سروں کو سوئی سے سی دے اور اکتالیس بار مجموعہ اسماء عظام چھری یا چاقو

پڑھ کر درمیان حجرہ ایکدم میں دائرہ کھینچے اور اسی دائرہ میں موافق کواکب رنگ بھرے پس رنگ کواکب یہ ہیں۔ رنگ زحل سیاہ۔ رنگ مشتری صندلی۔ رنگ مریخ سرخ۔ رنگ شمس زرد۔ رنگ زہرہ سپید۔ رنگ عطارد فیروزی۔ رنگ قمر سبز۔ جب رنگ اس دائرے میں بھر چکے تو گرد اپنے حلقہ ان پارچہ ہائے کاغذ مرقومہ کا رکھے اور بیچ میں مصلا بچھا کر دعوت شروع کرے۔ مگر یہ خیال رہے کہ وہ روز آغاز دعوت اسی کوکب کے روز یا اس کی ساعت میں ہو۔ ترتیب قرأت اس طرح ہے کہ اسم اعظم و ہر اسم برج و کواکب و اسم خود جمع کر کے موکل سماعی کے ساتھ شریک کر کے سر دائرہ پر ختم کرے جو طالب چاہے کہ اسرار دعوت ظاہر ہو اول عمل دعوت مقطعات بجالائے بعدہ جس دعوت میں چاہے مشغول ہو پھر رجعت اسم نہ ہوگی کہ دعوت اسماء عظام میں یہی بہت مشکل ہے۔ یا جس کو اجازت عامل ہو اسے بھی رجعت نہ ہوگی۔ بہت سے طالبان شوق و عاملان باذوق از راہ نادانستگی دعوت میں مشغول ہوئے ہیں اور بے خبری میں ان کی جانیں تلف ہوئی ہیں اور دوسری سند دوگانہ وغیرہ جواہر خمسہ میں مرقوم ہے دیکھ کر عمل کریں۔ یا ھمواکیل بحق سبحانک لا الہ الا انت یا رب کل شی و وارثہ و رازقہ و راحمہ بحساب ابجد دو ہزار پانسو پینسٹھ بار ہوتا ہے و موافق قاعدہ طرح کے یہ اسم آتشی ہے اور طالع دونوں اس اسم کا برج قوس ہے جس وقت کہ دعوت شروع کرے اول حسب مذکورہ بالا دائرہ بنائے اور اس میں رنگ کواکب بھرے اور کنارے رنگ کے پاس سرے کے ہیئت برج تیار کرے اور سر ہیئت برج پر مصلیٰ بچھا کر بیٹھے روز شمس یا ساعت شمس میں شروع کرے کہ یہ ستارہ موافق اس اسم کے ہے اور وقت خواندگی عود اور دار چینی کا بخور روشن کرے اور شمار اسم اعظم مع برج و کوکب و اسم خود بحساب جمل جمع کر کے ساتھ شرکت مؤکل کے سر دائرہ پر ختم کرے علیٰ ہذا القیاس۔

دعوت صغیرہ حروف تہجی

جو شخص کہ عمل زکات حروف تہجی بجالائے چاہیے کہ دونوں نقش مندرجہ ذیل لکھ کر زیر مصلّیٰ پاس اپنے رکھے اعداد نقش معظم پانچ ہزار نو سو نانوے ہیں دیکھ کر عمل کرے اور برج اس کا

ساتواں یعنی میزان اور منقلب بادی خواص رکھتا ہے اور ستارہ اس کا زہرہ اور رنگ ستارہ کا سفید ہے و بخور کو عود اچھا ہے۔ چاہیے کہ اٹھائیس دن ہر روز دو سو چودہ نقش اول ساعت میں بھرے اور آخر روز میں تین نقش زیادہ بھرے تاکہ تمام پانچ ہزار نو سو نانوے پورے ہوں اور ان نقوش کو آٹے کی گولیوں میں رکھ کر دریا میں ڈالے اور اس دعوت کو صغیرہ کہتے ہیں۔ نقش مذکور یہ ہے۔ یا اسرافیل یا آئیل و یا ذقصائیل بحق الالف یا الف اللہ الاحد الکافی بحق یا ظاہر

یا اسرافیل — یا جبرائیل — یا عزرائیل — یا میکائیل

۱۴۹۹	۱۵۰۲	۱۵۰۶	۱۴۹۲
۱۵۰۵	۱۴۹۳	۱۴۹۸	۱۵۰۳
۱۴۹۴	۱۵۰۸	۱۵۰۰	۱۴۹۷
۱۵۰۱	۱۴۹۶	۱۴۹۵	۱۵۰۷

دعوت کبیرہ حروف تہجی

اوپر جس کا ذکر کیا گیا ہے یہ وہی دوسرا نقش ہے جو اب لکھا جائے گا اور دونوں ترکیبیں درست ہیں اور اس عزیمت معظم و مکرم کو ایام مقررہ تک پڑھے اور ہمیشہ اٹھائیس مرتبہ پڑھتا رہے اور یوم دعوت میں موافق اعداد نقش کے دو سو چودہ بار پڑھے اور یوم آخر کو تین دفعہ زیادہ پڑھے یعنی یوم آخر میں دو سو سترہ بار۔ انشاء اللہ تعالیٰ اجابت نقش ہوگی اور یہ موافق احاد کے لکھا گیا ہے عزیمت مذکور یہ ہے۔

یا اسرافیل یا آئیل و یا ذقصائیل بحق الالف یا الف بحق یا اللہ الاحد الکافی و بحق یا ظاہر

یا اسرافیل — یا جبرائیل — یا عزرائیل — یا میکائیل

۱۴۴۸	۱۷۵۱	۲۰۵۵	۷۴۱
۱۹۵۴	۸۴۲	۱۳۴۷	۱۸۵۲
۹۴۳	۲۲۵۷	۱۵۴۹	۱۲۴۶
۱۶۵۰	۱۱۴۵	۱۰۴۴	۲۱۵۶

اور چاہئے کہ اول و آخر اٹھائیس مرتبہ یہ حروف بھی پڑھے کہ تاثیر کامل ہو۔

اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ی

اسناد

عاملین و سالکین کو پہلے عمل اسماء اور اوراد کے لازم و واجب ہے کہ زکوٰۃ حروف کی پابندی شرائط و لوازم دے تاکہ متصرف ہو تمام اسماء اور اعمال پر اس لئے کہ رجعت سے محفوظ رہے اور تصرف ظاہری و باطنی اس کے پڑھنے سے عامل کو حاصل ہو بغیر زکوٰۃ حروف تہجی کے کوئی عمل عامل کا پورا نہ ہوگا۔ پس ضرور ہوا کہ پہلے زکوٰۃ حروف تہجی کی دے اس طرح کہ ترک جلالی و جمالی کرے اور دال ماش کی بغیر گھی اور مصالحہ کے صرف لاہوری نمک ڈال کر گیہوں کی روٹی کے ساتھ کھائے اٹھائیس روز ترک لذات ترک حیوانات کے سوا کوئی چیز نہ کھائے تاکہ عمل ختم نہ ہو اور نوچندی جمعرات سے ثابت مہینے میں شروع کرے اس طرح کہ اول روزہ رکھے اور دو رکعت نماز اٹھائیس روز تک باحتیاط پڑھے[1] اور حسب قاعدہ مندرجہ ذیل حروف تہجی چار ہزار چار سو چوالیس بار ایک حرف مع ایک موکل کے اٹھائیس دن پڑھے اس لئے کہ اٹھائیس حروف ہیں ایک ایک روز ایک ایک حرف مع موکل پڑھا جائے عامل حروف تہجی ہوگا پھر جو عمل کرے گا کامل الاثر ہوگا بعد ادائے شرائط بالا بھی فرض عامل ہے کہ ہر روز تین مرتبہ یا کم از کم ایک بار بلاناغہ بوقت معینہ مقرر کر کے پڑھتا رہے کہ اس کا تصرف نہ جاتا رہے اور تاثیر عمل میں کمی واقع نہ ہو مشقت و محنت عامل کی برباد نہ ہوگی اور اس کا فائدہ انشاء اللہ العزیز آئندہ دیکھئے گا وہ اسماء حروف تہجی جو پڑھے جائیں گے یہ ہیں۔

---

[1] بالب دریا یا باغ یا صحرا یا مکان تنہا میں بیٹھ کر پڑھے اور تاختم عمل باہر نہ نکلے یا اور جگہ نہ بدلے اور بہتر یہ ہے کہ کھانا اپنے ہی ہاتھ سے پکا کر کھائے یا خدمتگار جو پابند نماز ہو اس سے پکوا کر کھائے۔

اسناد واسطے تسخیر جن وانس و تسخیر ملوک و امرا

واسطے تسخیر جن وانس و تسخیر ملوک و امرا کے لئے ان اسماء کا پڑھنا بعد نماز صبح کے بہت مؤثر ہے اور برکت دنیا و آخرت کی اللہ جل شانہ اپنے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقہ سے عطا فرمائے گا اور دیدار حضرت محبوب سبحانی غوث صمدانی کا اس شخص کو میسر ہوگا جو صدق دل سے نہایت پاکیزگی کے ساتھ عطر مل کر اور برفی پر نذر ان کی دلا کے پڑھا کرے اور وہ حضرت اس کے شفیع ہوں گے بروز قیامت اور اللہ تعالیٰ شانہ اس پر ہمیشہ نظر رحمت رکھے گا اور فرمائے گا کہ یہ برگزیدہ ہے اس نے میرے محبوب کو یاد کیا میں اس کی یاد نہ بھولوں گا اور اسے میں آخرت کی نعمتوں سے اچھی طرح سرفراز کروں گا۔ پس سنو اے خدا کے سچے بندو اور مقبول عابدو اس اوراد متبرک سے غافل نہ رہو کہ پھل اس کا بہت میٹھا ہے اے اللہ سب کو توفیق دے کہ پیارے حبیب اور تیرے محبوب کی یاد کریں۔

اللهم صلی علی محمد بجمالك و جمال نبيك و شفيعك محمد واله و اصحابه اجمعين

اے اللہ رحمت کاملہ نازل ہو محمد پر اور واسطے جمال اپنے کے اور جمال نبی اپنے کے اور شفیع اپنے محمد و آل انکی اور اصحاب ان کے سب پر

الهی بعثرت و حرمت قطب الاقطاب غوث الثقلين غوث الاعظم

اے اللہ واسطے عزت اور حرمت کے قطب قطبوں کے فریاد رس دنیا و آخرت کے اے فریاد کو پہنچنے والے

الحسنی الحسینی قطب ربانی غوث صمدانی محبوب حقانی سرّز

بیٹے حسن و حسین کے قطب خدا کے فریاد رس خدا کے دوست خدا کے ہیں بھید والے

سلطان محی الدين عبدالقادر جيلانی قطب الجن

سب کے سلطان زندہ کرنے والے عبدالقادر جیلانی کے قطب جن

والانس والملائكة رضی الله تعالی عنه

اور انس کے اور ملائکہ کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۲۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابِ غَوثُ الاَعظَمُ حَضرَتُ شاہ
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس بڑے حضرت شاہ
مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِرُ جِیلَانِیُ شَیخُ الجِنّ وَ الاِنسِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہُ
زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے بزرگ جن اور انس کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۳۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابِ غَوثُ الثَّقَلَین غَوثُ الاَعظَمُ
اے اللہ واسطے عزت اور حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے
حَضرَتُ سُلطَان مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِرُ جِیلَانِیُ قُطبُ البَرِّ وَالبَحرِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہُ
حضرت سلطان زندہ کرنے دین کے عبد القادر جیلان کے قطب خشکی اور تری کے راضی
ہو اللہ بزرگ ان سے

۴۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابِ غَوثُ الثَّقَلَین غَوثُ الاَعظَمُ حَضرَتُ
اے اللہ واسطے حرمت و عزت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے فریاد رس حضرت
بَادشَاہ مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِرُ جِیلَانِیُ قُطبُ الجَنُوبِ وَالشِّمَالِ رَضِی اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہُ
بادشاہ زندہ کرنے والے دین کے عبد القادر جیلان کے قطب جنوب اور شمال کے راضی ہو
اللہ بزرگ ان سے

۵۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَبِحُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابِ غَوثُ الثَّقَلَین غوث الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
مَولَانَا مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِرُ جِیلَانِی قُطبُ المَشرِقِینَ وَالمَغرِبِینَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہُ
مولانا زندہ کرنے والے دین کے عبد القادر جیلان کے قطب مشرق اور مغرب کے راضی
ہو اللہ بزرگ ان سے

۶۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَحُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابِ غَوثُ الثَّقَلَین غَوثُ الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
مَخدُوم مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِرُ جِیلَانِی قُطبُ النُّجُوم وَ الشِّهَاب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہ
واجب الخدمت زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے قطب ستاروں اور روشنی کے
راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۷۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابُ غَوثُ الثَّقَلِین غَوثُ الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
وَلِیُ مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِر جِیلَانِی قُطبُ الاَرضِ وَ السَّمَاء رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہ
ولی زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے قطب زمین اور آسمان کے راضی ہو اللہ بزرگ
ان سے

۸۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَابِ غَوثُ الثَّقَلِین غَوثُ الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
خَوَاجَہ مُحی الدِّین عَبدُالقَادِر جِیلَانِی قُطبُ العَرشِ وَالکُرسِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنہ
صاحب زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے قطب عرش اور کرسی کے راضی ہو اللہ
بزرگ ان سے

۹۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَاب غَوثُ الثَّقَلِین غَوثُ الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد زس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
دَروِیش مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِر جِیلَانِی قُطبُ اللَّوحِ وَ القَلَم رَضِیَ اللّٰه تَعَالیٰ عَنہ
درویش زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے قطب لوح اور قلم کے راضی ہو اللہ
بزرگ ان سے

۱۰۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَاب غَوثُ الثَّقَلِین غَوثُ الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
غَرِیب مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِر قُطبُ الهُدیٰ وَ تَحتُ الثَّرٰی رَضِیَ اللّٰه تَعَالیٰ عَنہ
انوکھے زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے قطب ہدایت کرنے والے تحت ثریٰ کے
راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۱۱۔ اِلٰهی بِعِزَّتِ وَ حُرمَتِ قُطبُ الاَقطَاب غَوثُ الثَّقَلِین غَوثُ الاَعظَم حَضرَت
اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب قطبون کے فریاد رس دنیا و آخرت کے بڑے پناہ والے حضرت
مِسکِین مُحیّ الدِّین عَبدُالقَادِر جِیلَانِی رَاکِبُ المَلَائِکَۃِ صَاحِبُ المِعرَاج
مسکین زندہ کرنے والے عبد القادر جیلان کے سوار ہونے والے فرشتوں کے صاحب معراج کے

تَابِعُ النَّبِی صَلَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ یَا ھَمْرَائِیْلُ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ یَا شَیْخ
تابع نبی کے رحمت کاملہ نازل ہو ان کے اور سلام اے ہمرائیل اے طاطائیل واسطے اے شیخ
عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیُ شِیْئَانِ اللّٰہِ یَا مُحَمَّد یَا مُحَمَّد یَا مُحَمَّد اِفْتَحْ
عبد القادر جیلان کے واسطے اللہ کے اے محمد اے محمد اے محمد کھول دو
اَبْوَابَ الْقَلْبِی یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْن۔
دروازہ میرے دل کا اے بدوح اے بدوح رحمت کاملہ نازل کرا اپنی اے رحم کرنے والے رحموں کے

اے خدا رحمت کاملہ نازل کر اوپر محمد ساتھ جمال اپنے اور جمال حبیب اپنے اور نبی اپنے اور شفیع اپنے کے

١ اِلٰهِیْ بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوْثُ الثَّقَلَیْن غَوْثُ

اے اللہ واسطے عزت اور واسطے ان کی حرمت قطب جو ہیں قطبوں کے اور فریاد رس ہیں دنیا و آخرت کے امان ہیں

الْاَعْظَمُ الْحَسَنِیُ الْحُسَیْنِیُ قُطْبِ رَبَّانِیُ غَوْثُ الصَّمَدَانِیُ مَحْبُوْبُ

بہت بڑے بیٹے ہیں حسن و حسین کے قطب ہیں خدا کے بڑے مددگار ہیں محبوب ہیں

الْحَقَّانِیُ مِرْچَشْم حَضْرَتُ سُلْطَان مُحِیُّ الدِّیْن شَیْخ عَبْدُالْقَادِرُ جِیْلَانِیُ

خدا کے بھید چشم حضرت سلطان زندہ رکھنے والے دین کے شیخ عبدالقادر جیلانی

قُطُبُ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَالْمَلَائِکَةِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

قطب ہیں جن اور انس اور ملائکہ کے راضی ہوا اللہ تعالی ان سے

٢ اِلٰهِی بِعِزَّتِ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوث الْاَعْظَمُ حَضْرَتُ شَاه

اے اللہ واسطے عزت واسطے حرمت قطب قطبوں کے مددگار بہت بڑے چوکھٹ شاہی کے

مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیُ شَیْخُ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر رہنے والے جیلان کے بزرگ جن اور انس کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

٣ اِلٰهِی بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ غَوْثُ الثَّقَلِیْن غَوْثُ الْاَعْظَمُ

اے اللہ واسطے عزت اور حرمت قطب بڑے قطبوں کے مددگار دنیا و آخرت کے فریاد رس بڑے

مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی قُطْبُ الْاَقْطَابُ الْبَرِّ

زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر جیلانی قطب قطبوں کے درمیان خشکی

وَالْبَحر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

اور تری کے راضی ہوا اللہ تعالی ان سے

٤ اِلٰهِی بِعِزَّتَ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ غَوْثُ الثَّقَلَیْن

اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب بڑے قطبوں کے مددگار دنیا و آخرت کے

غَوْثُ الْاَعْظَمُ حَضْرَت بَادشَاهُ مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِرْ

پناہ دینے والے بڑے درگاہ بادشاہ کے زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر

جِیْلَانِیُ النُّجُوْمُ وَالشِّهَاب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

جیلانی مثل ستاروں اور شہاب کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

٥ اِلٰهِی بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوْثُ الثَّقَلَیْن

اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب بڑے قطبوں کے پناہ دینے والے دنیا و آخرت کے

غَوْثُ الْاَعْظَمُ حَضْرَتُ مَوْلَانَا مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِر

بڑے مددگار حضرت سردار ہمارے زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر

جِیْلَانِی قُطْبُ الْمَشْرِقَیْن وَالْمَغْرِبَیْن رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

جیلانی قطب مشرق. اور مغرب کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

٦ اِلٰهِی بِعِزَّتَ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الاَقْطَاب غَوْثُ الثَّقَلَیْن غَوْثُ الْاَعْظَم

اے اللہ واسطے عزت اور واسطے حرمت قطب بڑے قطبوں کے مددگار. بڑے

حَضْرَتُ مَخْدُوْم مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیْ

حضرت بہت بڑے واجب الخدمت زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر جیلانی

قُطْبُ الْجُنُوْبِ وَ الشِّمَالَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

قطب جنوب اور شمال کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

٧ اِلٰهِیْ بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ غَوْثُ الثَّقَلَیْن

اے اللہ واسطے عزت و حرمت قطب بڑے قطبوں کے مددگار دنیا و آخرت کے

غَوْث الْاَعْظَمُ حَضْرَتُ وَلِیُ مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیُ

مددگار بڑے حضرت ولی زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر جیلانی

قُطْبُ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

قطب آفتاب اور چاند کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۸ اِلٰهِی بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوْثُ الثَّقَلَیْنَ

اے اللہ واسطے عزت اور واسطے حرمت قطب بڑے قطبوں کے مددگار دنیا و آخرت کے

غَوْثُ الْاَعْظَمُ حَضْرَتُ خَوَاجَہ مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِرُ

بڑے مددگار حضرت سردار زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر

جِیْلَانِیُ قُطْبُ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

جیلانی قطب عرش اور کرسی کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۹ اِلٰهِی بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوْثُ الثَّقَلَیْنَ

اے اللہ واسطے عزت اور واسطے حرمت قطب قطبوں کے فریاد رس دنیا آخرت کے

غَوْثُ الْاَعْظَمُ حَضْرَتُ دَرْوِیْش مُحِیُّ الدِّیْن عَبْدُالْقَادِرُ

پناہ دینے والے بڑے حضرت درویش زندہ کرنے والے دین کے عبدالقادر

جِیْلَانِیُ قُطْبُ الْاَقْطَاب اللَّوْحِ وَالْقَلَمُ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ

جیلانی بڑے قطب قطبوں کے بڑے لوح اور قلم کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۱۰ اِلٰهِیْ بِعِزَّتَ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوْثُ الثَّقَلَیْنَ

اے اللہ واسطے عزت واسطے حرمت قطب قطبوں کے فریاد رس دنیا آخرت کے لئے

غَوْثُ الْاَعْظَمُ حَضْرَتُ قُطْبُ الْوِدَادَ وَالْاَرْضِ وَتَحْتَ الثَّرٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

مددگار بڑے حضرت قطب دوستی کے درمیان زمین اور تحت الثریٰ کے راضی ہو اللہ بزرگ ان سے

۱۱ اِلٰهِیْ بِعِزَّتِ وَ بِحُرْمَتِ قُطْبُ الْاَقْطَاب غَوْثُ الْاَعْظَمُ حَضْرَتَ

اے اللہ واسطے عزت واسطے حرمت قطب قطبوں کے فریاد رس بڑے حضرت

غَرِیْبَ مُحِیُّ الدِّیْنَ عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیْ رَاکِبُ الْمَلَائِکَۃِ صَاحِب

انوکھے زندہ کرنے والے عبدالقادر جیلانی سوار ہونے والے ملائکہ پر صاحب

الْمِعْرَاجِ تَابِعُ النَّبِی صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمُ یَا ہَمْرَائِیْلُ یَا لُوْمَائِیْلُ

معراج کے تابع حضرت نبیؐ کے رحمت کاملہ نازل ہو اوپر ان کے اور سلام اے ہمرائیل اے لومائیل

یَا لَوْطَائِیْل بِحَقِّ یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرُ جِیْلَانِیُ مَحْبُوْبِ سُبْحَانِیُ

اے لوطائیل واسطے اے شیخ عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی

شَیْئًا لِلّٰہ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ فَتْحُ الْاَبْوَابَ قَلْبِی بِحَقِّ

واسطے اللہ کے اے محمدؐ اے محمدؐ اے محمدؐ کھولئے دروازہ میرے قلب کا واسطے

یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن

ان کے اے بدوح اے بدوح اے بدوح واسطے اپنی رحمت کے رحم کرنے والے رحیموں کے

۱؎ موافق قواعد عمل حسب ارشاد حضرت سید محمود محقق الاکبر کے از روئے دعوت کبریٰ واسطے ایک چلہ کے ۵۷ لاکھ ۹۰ ہزار عشر ۵ لاکھ ۹۷ ہزار دور مدور ایک کروڑ ۳۷ لاکھ ۷۰ ہزار نصاب ۲ کروڑ ۳۱ لاکھ ۶۰ ہزار قفل ۲ لاکھ ۸۹ ہزار ۵ سو زکوٰۃ ایک لاکھ ۴۴ ہزار ۷ سو ۵۰ بذل ۹۷ ہزار ۳ سو ۵۷ دعوت سریع الاجابت ۶ لاکھ ۵۱ ہزار ۳ سو ۷۵۔

موافق دعوت صغریٰ ۵۰ لاکھ ۹۷ ہزار عشر ۵۷ ہزار ۹ سو دور مدور ایک لاکھ ۳۷ ہزار ۷ سو نصاب ۲ لاکھ ۳۱ ہزار ۶ سو قفل ۲۵ لاکھ ۳۸ ہزار ۵ سو زکوٰۃ ۱۲ لاکھ ۸۸ ہزار ۲ سو ۵۰ بذل ۶ لاکھ ۴۴ ہزار ایک سو ۲۵ دعوت سریع الاجابت ۶۵ ہزار ایک سو ۷۳ کسر ۲۔

مطابق دعوت وسطیٰ ۵۷ ہزار ۹ سو عشر ۹ ہزار ۷ سو ۹۰ دور مدور ۲۹ ہزار ۳ سو ۷۰ نصاب ۳۹ ہزار ایک سو ۶۰ قفل ۴ ہزار ۹ سو ۳۰ زکوٰۃ ۲ ہزار ۴ سو ۸۰ بذل ایک ہزار ۲ سو ۴۰ دعوت سریع الاجابت ۱۱ ہزار ۱۳۔ بحساب دعوت کبیرہ ہر حاجت کے واسطے ۱۰ بار ۲۸ روز تک پڑھے ۱۲ خورشید احمد ہکذانی الرسالۃ المحمودیہ

تیرہ طریقہ جات ختم خواجگان

پہلا طریقہ

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَدْرِکْنِیْ ۱۲۵۰۰۰ مرتبہ چالیس، اکیس، سات یا پانچ دن میں زکوۃ ادا کریں بعد ازاں بادشاہ وقت امام زمانہ حضرت مہدیؑ آخرالزمان کے وسیلہ سے دعا کریں۔ اگر عمل جاری رکھنا چاہیں تو ۱۸۵ مرتبہ روزانہ عزیمت ورد میں رکھیں۔ ہمیشہ عمل اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں۔

دوسرا طریقہ

ترکیب ختم خواجگان کی یہ ہے کہ عرصہ پانچ روز میں ایک لاکھ پچیس ہزار بار ایک یا پانچ یا سات شخص پڑھیں دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

تیسرا طریقہ

جس طرح سے بیان ہوا اسی طرح پڑھے مگر ایک ہزار ایک سو مرتبہ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ سوا پڑھے بعد اس کے یہ دعا پڑھے۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنَاہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

چوتھا طریقہ

سورہ فاتحہ اکیس بار اور درود سو بار اور الم نشرح اناسی بار اور اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ ایک سو بار اور اُفَوِّضُ اَمْرِیْ سو مرتبہ اور مَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ سو دفعہ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ایک ہزار مرتبہ فِیْمَا بَیْنَ یٰسٓ ایک بار اور سورہ مزمل ایک بار اور

سورہ فاتحہ اکیس دفعہ اور درود سو بار اور یا قاضی الحاجات سو بار اور یا کافی المہمات سو بار اور یا شافی الامراض سو مرتبہ اور یا حل المشکلات سو مرتبہ اور یا دافع البلیات سو بار اور یا رافع الدرجات سو مرتبہ اور یا مجیب الدعوات سو دفعہ اور درود شریف سو مرتبہ۔

پانچواں طریقہ

جو شخص جس مطلب کے واسطے اس ختم خواجگان کو پڑھے گا خداوند کریم اس کی حاجت بر لائے گا اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک جلسہ میں ایک یا تین یا پانچ یا سات آدمی باہم ملکر پڑھیں مگر بہتر یہ ہے کہ دوشنبہ یا پنج شنبہ یا جمعہ کے دن شروع کرے درمیان عصر و مغرب کے۔ بارہا اس طریقہ کو آزمایا ہے جب اس کا ورد کیا ہے خدائے تعالیٰ نے مشکل آسان کر دی ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ درود شریف سو بار سورہ فاتحہ سو دفعہ سورہ اخلاص سو مرتبہ سورہ الم نشرح سو دفعہ یا قاضی الحاجات سو مرتبہ یا مجیب الدعوات سو بار یا حل المشکلات سو دفعہ سورہ فاتحہ سو بار درود شریف سو مرتبہ۔

چھٹا طریقہ

واسطے ہر کام اور ہر مقصد کے بہت مجرب ہے اور آزمایا ہے درود شریف سو بار سورہ حمد سات بار الم نشرح اناسی بار سورہ اخلاص بارہ سو بار۔ سورہ حمد سات بار درود شریف سو بار یا قاضی الحاجات سو بار یا کافی المہمات سو بار یا دافع البلیات سو دفعہ یا شافی الامراض سو بار یا مسبب الاسباب سو دفعہ یا مفتح الابواب سو بار یا حل المشکلات سو دفعہ یا مجیب الدعوات سو بار۔

ساتواں طریقہ

قطب العارفین غوث الثقلین سید العالمین مرشد الکاملین قطب الاقطاب شیخ المشائخ حضرت عالی مخدوم شاہ حسام

الحق والشرع والدین نے فرمایا ہے کہ جو شخص اوپر شیرینی ساڑھے بارہ روپے کی فاتحہ بنام یازدہ بزرگوار کی دے اور جو نیت اور جو حاجت رکھتا ہو عرض کرے فضل باری تعالیٰ سے مراد اس کی بر آئے اور اگر نہ بر آئے تو بروز قیامت میرا گریبان گیر ہو اور وہ گیارہ نام یہ ہیں۔

حضرت خواجہ اویس قرنیؒ۔ حضرت خواجہ حسن بصریؒ۔ حضرت خواجہ عبداللہؒ۔ حضرت خواجہ عثمان ھارونیؒ۔ حضرت خواجہ احمد بہاء الدینؒ۔ حضرت خواجہ قطب الدین مختار اویسیؒ۔ حضرت خواجہ ابو اسحاق ھرکائینؒ۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ۔ حضرت خواجہ مسعود اجودھنیؒ۔ حضرت خواجہ نظام الدین عنائت پوریؒ۔ حضرت مخدوم شاہ حسام الحق المانک پوری والشرع والدین قدس اللہ سرہ العزیز بعد حاجات کو عرض کرے۔

آٹھواں طریقہ

نام نامی اسم گرامی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھے بعد اس کے گیارہ ہزار بار یہ اسم شریف پڑھے لوبان جلا کے اور عطر لگا کے گیارہ روز تک گیارہ آدمی سے ختم عمل کرے واسطے ہر مطلب اور ہر مشکل کے نہایت مجرب و مفید ہے۔

نواں طریقہ

نام نامی و اسم گرامی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِجَمَالِکَ وَجَمَالِ حَبِیْبِکَ وَنَبِیِّکَ وَشَفِیْعِکَ یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ اَغِثْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰہ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ ابْنِ عَبْدُاللّٰہ اس اسم عالی کو ہر روز گیارہ روز تک بعد نماز فجر کے گیارہ سو مرتبہ پڑھا کرے اور بخور لوبان کا روشن کرے اور کپڑوں میں اور مصلے میں عطر لگائے واسطے فتوح یہ مفتوح ہے اور واسطے رفعت کے مرفوع ہے اور واسطے کسر اعداء کے یکسو ہے یہ طریقہ بہت عظیم

الاثر ہے۔

دسواں طریقہ

نام نامی و اسم گرامی مع موکلان اربعہ۔ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْ تَسْلِیْمًا یَا مُحِیَّ الدِّیْنَ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ سَمِیْعًا وَ مُطِیْعًا اُحْضُرُوْ لِلْمُسَخَّرَاتِ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ بعد نصف شب کے گیارہ سو مرتبہ مع اول و آخر درود شریف گیارہ بار گیارہ روز پڑھے واسطے ہر حاجت اور ہر مطلب دنیوی و مقصد اخروی کے ان شاء اللہ العزیز آرزو پوری ہوگی۔

گیارھواں طریقہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بَارِکْ وَسَلِّمْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ مَحْبُوْب سُبْحَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ یَا مُحَمَّدُ فَتَحَ الْاَبْوَاب قَلْبِیْ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن ○ اگر چاہے کہ دعوت اسم بدوح کی دے تو ایک لاکھ مرتبہ مع چہار موکل کے ایک چلہ میں ختم کرے بعد اس کے چلہ میں بیٹھے اور ہر روز چھ ہزار دفعہ مع ایک موکل کے پڑھے تمام عالم انس اس کا مسخر ہو گا دوسرے چلہ میں تمام عالم جن مسخر ہو گا تیسرے چلہ میں تمام ملائکہ مسخر ہوں گے اور چوتھے چلہ میں تمام ارواح مومنین و عابدین و عارفین و اولیا و انبیاء مسخر ہوں گے۔ پانچویں چلہ میں وصال حق سبحانہ و تعالیٰ میسر ہو گا لیکن مرشد کامل چاہئے کہ اس کی حفاظت رکھے۔ پھر بعد ختم چلہ کشی کے چند روز اسم مذکور پڑھے اور دم کرے بعدہ جب ضرورت ہو تو نو مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھے مقصد پورا ہو گا۔ انجاح مطالب ہو گا۔

بارھواں طریقہ

اول سورۃ فاتحہ باتسمیہ سات بار درود مشہورہ باتسمیہ سو دفعہ سورۃ الم نشرح مع تسمیہ اکاسی مرتبہ سورہ اخلاص مع تسمیہ (یعنی بسم اللہ کامل) ہزار بار بعدہ درود شریف مع تسمیہ سو مرتبہ سورۃ فاتحہ مع تسمیہ سات بار یا قاضی الحاجات سو مرتبہ یا کافی المھمات سو بار یا شافی الامراض سو دفعہ فاتحہ ارواحان خواجگان نقشبند کادیں اور طلب حاجت کریں ہفت تن صلحاء و نماز گزاران بین العصر والمغرب سے اور بعد نماز عصر کے مصلے پر بیٹھ کر حصول مدعا طلب کرے بہت متاثر ہے اور قبل اس کے فاتحہ ارواح خواجہ ابو احمد ابدال چشت اور خواجہ ابو محمد زاہد مقبول چشت و خواجہ ابو محمد یوسف ناصر الدین چشت و خواجہ قطب الدین مودود چشت و خواجہ احمد خلف رشید ان کے و خواجہ معین الدین چشت و خواجہ قطب الدین بختیار اوشی کاکی و خواجہ فرید الدین گنج شکر و خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی و سید اشرف جہانگیر سمنانی کچھوچھی چشتی و شیخ محی الدین العربی و قادری رضی اللہ عنہم کادیں۔

تیرھواں طریقہ

حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند اور خواجہ عبدالخالق عجدوانی اور خواجہ یوسف ہمدانی اور خواجہ علی رامتنی اور خواجہ عارف ابوبکری اور خواجہ ابوالحسن خرقانی اور بایزید بسطامی نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس ختم کو تین روز برابر پڑھے گا خدائے تعالیٰ ایک ہزار حاجت روا فرمائے گا اس ترتیب سے ہر چیز کو سوائے درود کے مع تسمیہ پڑھے سورہ فاتحہ سات بار درود سو بار الم نشرح انہتر بار سورہ اخلاص ایک ہزار ایک بار فاتحہ سات بار درود سات سو بار پھر کسی قدر شیرینی پر حضرت ممدوح کی فاتحہ پڑھ کر تقسیم کرے۔

ختم قادریہ

اکثر پیران قادریہ سے مروی ہے پنج شنبہ سے شروع کرے عروج ماہ میں تین روز تک پڑھے اس ترتیب سے مع تسمیہ کے سورہ فاتحہ اور کلمہ تمجید اور درود اور سورہ اخلاص ایک ہزار ایک سو گیارہ بار بعدہ شیرینی پر فاتحہ حضرت رسالت مآب ﷺ اور پیران طریقت کی دلائے اور تقسیم کرے۔

ختم غوثیہ

پہلے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ سورہ اخلاص گیارہ بار اور بعد سلام کے ایک سو گیارہ بار یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ بعدہ ایک ہزار ایک سو گیارہ بار یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ بعدہ ایک سو گیارہ بار درود مذکور پڑھ کر فاتحہ حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی کا شیرینی پر پڑھ کر تقسیم کرے۔

طریقہ فاتحہ

حضرت غوث الاعظم پیر دستگیر محی الدین عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ گیارہ بار درود شریف اول و آخر گیارہ بار سورہ فاتحہ سورہ اخلاص۔

28

حروف تہجی باموکل

یا اسرافیل بحق یا الف ۱
یا جبرائیل بحق یا با ۲
یا عزرائیل بحق یا تا ۳
یا میکائیل بحق یا ثا ۴
یا کلکائیل بحق یا جیم ۵
یا تنکافیل بحق یا حا ۶
یا مہکائیل بحق یا خا ۷
یا دردائیل بحق یا دال ۸
یا اہراطیل بحق یا ذال ۹
یا امواکیل بحق یا را ۱۰
یا شرفائیل بحق یا زا ۱۱
یا ہمواکیل بحق یا سین ۱۲
یا ہمرائیل بحق یا شین ۱۳
یا اہجمائیل بحق یا صاد ۱۴
یا عطکائیل بحق یا ضاد ۱۵
یا اسمائیل بحق یا طا ۱۶
یا لوزائیل بحق یا ظا ۱۷
یا لومائیل بحق یا عین ۱۸
یا لوخائیل بحق یا غین ۱۹
یا سرحماکیل بحق یا فا ۲۰
یا عطرائیل بحق یا قاف ۲۱
یا حروزائیل بحق یا کاف ۲۲
یا طاطائیل بحق یا لام ۲۳
یا روبائیل بحق یا میم ۲۴
یا حولائیل بحق یا نون ۲۵
یا رفتمائیل بحق یا واو ۲۶
یا دوریائیل بحق یا ھا ۲۷
یا سراکیطائیل بحق یا یاء ۲۸

حروف صوامت

کی

عددی مراتبی ترکیب و متعلقہ اعمال خیر و شر

حروف صوامت کی تعداد 13 ہے اور عددی مراتب کے لحاظ سے ان کے 4 کلمات بنتے ہیں۔ یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ روایتی ترتیب ابجد شمسی سے جو 4 کلمات بنتے ہیں ان میں پہلے تین کلمات تین تین حروف کے ہیں اور آخری کلمہ چار حروف کا ہے۔ ترتیب یہ ہے۔

اَحَدْ۔ رَسَصْ۔ طَعَكْ۔ لَمُوہ۔

لیکن عددی مراتب کے لحاظ سے جو کلمات ترتیب دیئے گئے ہیں ان میں پہلا کلمہ چار حروف کا ہے اور باقی کے تین کلمات تین تین حروف کے ہیں ان کی ابجد قمری سے ترتیب یہ ہے۔

اَدْھُوْ۔ حَطَكُ۔ لَمَسْ۔ عَصَرْ۔

پہلا عددی مراتبی کلمہ ادھو

ان کلموں میں پہلا کلمہ جو چار حروف پر مشتمل ہے وہ ادھو ہے یعنی (ا د ہ و) اعداد رقمی ان حروف کے 16 ہیں اور ملفوظی اعداد 165 ہیں اور عربی عددی 1461 ہیں۔ ان تینوں اعداد کا مجموعہ 1642 ہے۔ اس کا جمل وسیط 13 ہے جو حروف صوامت کی کل تعداد کے برابر ہے۔

اس کلمہ اول کے حروف کا تعلق مندرجہ ذیل منازل قمری سے ہے۔

حرف ا (الف) منزل شرطین۔

حرف د (دال) منزل دبران۔

حرف ہ (ہا) منزل ہقعہ۔

حرف و (واو) منزل ہنعہ۔

ان چاروں منزلوں کے اعداد کا مجموعہ 1136 ہے۔ ان اعداد میں اس کلمہ کے جمل کبیر 1642 کو جب جمع کیا جائے تو میزان 2778 بن جائے گی۔ جب چاند ان منازل میں آئے اور ہر ماہ آتا ہے۔ آپ اس کلمہ کو حروف صوامت کی زکوٰۃ کی نیت سے قواعد و ضوابط کو ملحوظ رکھ کر زکوٰۃ ادا کریں اور پھر اس کلمہ سے نقش، لوح بنا کر دونوں طرح کے اعمال بنا کر استعمال کریں۔ کامیابی یقینی ہے۔ زکوٰۃ ادا کرتے وقت متعلقہ منزل اور ستارے کا بخور جلائیں اور صدقہ بھی دیں۔

اس کلمہ میں دو حروف آتشی ہیں اور ایک بادی اور ایک خاکی ہے۔ حرف آبی اس کلمہ میں نہیں ہے لہٰذا جو عمل، نقش، یا لوح اس کلمہ سے بنائی جائے وہ عنصری لحاظ سے مرتب کی جائے اور اسی طریق پر استعمال کی جائے۔

آیت وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ کے اعداد 864 ہیں ان میں اعداد 2778 جمع کر کے نقش مثلث بنائیں اور عنصری لحاظ سے چال لے کر پر کر کے کام لیں۔

اعمال خیر کے لئے منسوبی چال سے لکھیں اور اعمال شر اور بندشوں کے لئے مقلوبی چال سے لکھیں۔ بخورات و صدقات کا خیال رکھیں۔

ہم مثالی نقش صرف آیت، منازل اور کلمہ کے جمل کبیر سے مرتب کر رہے ہیں۔ آپ جس کے لئے نقش بنائیں تو کل اعداد میں نام سائل مع والدہ کے اعداد ملا کر نقش یا لوح مرتب کریں اور نقش و لوح کے نیچے مقصد لکھیں۔

مثالی نقش درج ذیل ہے۔

اعداد جمل کبیر کلمہ اَدْھُو کے مع متعلقہ منازل 2778 اور آیت کے اعداد

864 کو جمع کیا۔

3642=864+2778

اس میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے۔

3630=12-3642

۷۸۶

۱۲۱۵	۱۲۱۰	۱۲۱۷
۱۲۱۶	۱۲۱۴	۱۲۱۲
۱۲۱۱	۱۲۱۸	۱۲۱۳

اب 3630 کو 3 پر تقسیم کیا تو 1210 جواب آیا اور کسر نہیں ہے۔

ہم نے یہ نقش آتشی چال سے لکھا ہے۔ آپ جب بنائیں تو چال کا خیال رکھیں اور نام سائل مع والدہ کے اعداد ضرور جمع کر کے بنائیں اور نیچے مقصد لکھیں اور عزیمت جو درج ذیل ہے یہ بھی نقش کے نیچے لکھیں اور پڑھنے کے لئے بھی بتائیں۔

اس کلمہ میں چار حروف ہیں اور یہ عمل بھی چار دن کا ہے اور کسی قسم کا پرہیز بھی نہیں ہے۔ البتہ باوضو اور پاک و صاف لباس کا ہونا ضروری ہے اور معطر ہو کر عمل پڑھیں۔ عمل بناتے وقت اور لکھتے وقت خاموش رہنا ضروری ہے۔ باقی کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں۔ عزیمت درج ذیل ہے۔

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا آئِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ يَا دَائِيْلُ يَا دُوْرَيَائِيْلُ يَا هَائِيْلُ يَا رَفْتَمَائِيْلُ يَا دَائِيْلُ اَجِبْ نيويوش طيوش ديوش هيوش ويوش سَامِعًا مَطِيْعًا بِحَقِّ يَا اَللّٰه يَا دَيَّانُ يَا هَادِىُ يَا وَهَّابُ

اس عزیمت کو 3642 بار جب چاند منزل شرطین میں آئے پڑھیں۔ پھر جب

منزل دبران میں آئے تو اتنی ہی بار پڑھیں۔ اس طرح 4 یوم مکمل کریں۔ کل تعداد جو چار یوم میں پڑھنا ہے وہ 13568 ہے۔ اس کلمہ کو ان منازل میں 543 بار خاموشی سے لکھ کر زکوٰۃ بھی ساتھ ساتھ ادا کرتے رہیں۔ آپ کو اس کلمہ کی روحانی طاقت حاصل ہو جائے گی۔ آپ جو عمل، نقش یا لوح بنائیں گے وہ سیف قاطع ہو گی۔

دوسرا عددی مراتبی کلمہ حطک

حروف صوامت کی عددی مراتبی ترتیب سے دوسرا کلمہ **حطک** ہے جس کے عددی رقمی 37 ہیں اور اعداد ملفوظی 120، عددی عربی 1771 ہیں۔ تینوں کی میزان 1928 ہے۔ اس کلمہ کے حروف کا چاند کی منازل نثرہ، طرفہ اور زہرہ سے تعلق ہے جن کا مجموعہ اعداد 1266 ہے۔ ان دونوں کو جمع کیا۔

3194=1266+1928

اس مجموعہ میں آیت منازل کے اعداد 864 جمع کئے۔

4058=864+3194

اب آپ پہلے اس کلمہ کی زکوٰۃ حروف صوامت کے قواعد ضوابط کے تحت جب چاند ان منازل مین آئے تو 543 بار لکھ کر ادا کریں۔ پھر انہی منازل میں ان اعداد کا نقش و لوح بنا کر استعمال کریں۔ اس کلمہ میں ایک حرف خاکی ہے۔ ایک آتشی ہے اور ایک آبی ہے۔ نقش ان چالوں سے ہی مرتب کریں۔

جیسا کہ پہلے عرض کیا ہے کہ ان اعداد سے آپ نقش مثلث بنائیں اور اعمال خیر کے لئے منسوبی چال سے لکھیں۔ اعمال شر و بندش کے لئے مقلوبی چال کو کام میں لائیں تو کامیابی یقینی ہے۔ بخورات و صدقات کا خیال رکھیں۔ عزیمت سے پہلے نقش مثالی لکھ رہا ہوں۔ یہ نقش آتشی چال سے لکھا گیا ہے۔ آپ جس چال کے تحت لکھیں وہ مقصد کے مطابق ہونی چاہیئے اور ان اعداد میں نام سائل مع والدہ کے اعداد شامل کر کے نقش یا لوح بنائیں اور ساتھ میں درج ذیل عزیمت بھی پڑھنے کو بتائیں۔

نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۳۵۴	۱۳۴۸	۱۳۵۶
۱۳۵۵	۱۳۵۳	۱۳۵۰
۱۳۴۹	۱۳۵۷	۱۳۵۲

کل اعداد میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے۔

4046=12-4058

4046 کو 3 پر تقسیم کیا تو 1348 حاصل ہوا اور کسر 2 ہوا اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کیا۔

اس نقش کو حسب قواعد مرتب کر کے دونوں کاموں کے لئے یعنی اعمال خیر و شر و بندشوں کے لئے دے سکتے ہیں۔ صرف اس بات کا خیال رکھیں کہ جس کے لئے نقش یا لوح بنائیں اس کے نام مع والدہ کے اعداد کو 4058 میں شامل کر کے بنائیں۔ ساعت، چال، بخورات و صدقات کا خیال رکھیں۔

عزیمت یہ ہے۔

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَاتَنْکَفِیْلُ یَاحَائِیْلُ یَااِسْمَائِیْلُ یَاطَائِیْلُ یَاحَرُوْزَائِیْلُ یَاکَائِیْلُ وَ اَجِبْ عِیُوْشٍ حِیُوْشٍ وَطِیُوْش وکِیُوش سَامِعًا مَطِیْعًا بِحَقِّ یَاحَمِیْدُ یَاطَاہِرُ یَاکَافِیُ

آپ اس عزیمت کو جب چاند ان حروف کی متعلقہ منزل میں آئے تو 4058 بار جس کے لئے آپ نے نقش یا لوح بنائی ہے اس کو پڑھنے کے لئے بتائیں۔ صرف تین دن کا عمل ہے لیکن دن وہی لینا ہے جب چاند حرف کے مطابق اس منزل میں ہو گا۔ اس طرح تین یوم میں کل 12174 بار اس عزیمت کو پڑھنا

تیسرا عددی مراتبی کلمہ لمس

حروف صوامت کا تیسرا کلمہ عددی مراتبی لحاظ سے لمس ہے جس کے عدد رقمی 130 ہیں ملفوظی 281 ہیں اور عربی عدد 1944 ہیں۔ تینوں کا مجموعہ 2355 ہے۔ ان حروف کا تعلق چاند کی منازل صرفہ، عوا اور غفرہ سے ہے اس لئے آپ جب چاند ان منازل میں ہو تو ان حروف یعنی ل م س (لمس) کو 543 بار حروف صوامت کے قواعد و ضوابط کے تحت خاموشی سے لکھ کر زکوٰۃ ادا کریں اور اس کلمہ کا متعلقہ نقش و لوح بنا کر خود بھی کام میں لائیں اور دوسروں کو بھی دیں۔

ان منازل کے اعداد 1737 ہیں آپ ان میں اس کلمہ کے اعداد اور آیت منازل کے اعداد جمع کرکے نقش مثلث بنائیں۔ مثالی نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۳	۱۶۴۸	۱۶۵۵
۱۶۵۴	۱۶۵۲	۱۶۵۰
۱۶۴۹	۱۶۵۶	۱۶۵۱

کلمہ کے اعداد جمل کبیر 2355 میں منازل کے اعداد 1737 جمع کئے۔

4092-1737+2355

اب اس میں آیت کے اعداد جمع کئے۔

4956-864+4092

کل میزان میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے تو باقی 4944 بچے۔ اس کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 1648 ہوا اور کسر نہیں ہے۔

مندرجہ بالا نقش آپ جس کے لئے بنائیں اس کے نام مع والدہ کے اعداد اس کل میزان میں شامل کرکے بنائیں اور مزید اس نقش کو مؤثر بنانے کے لئے مقصد کے مطابق اسم الٰہی بھی لے کر اس کے اعداد بھی ان اعداد میں اگر جمع کرکے نقش قواعد کا لحاظ

رکھتے ہوئے متعلقہ ستارہ کی ساعت میں بخورات و صدقات و چال کا خیال رکھ کر مرتب کریں گے تو کامیابی یقینی ہے۔ اس کلمہ کی عزیمت درج ذیل ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ طَاطَائِیْلُ یَا لَائِیْلُ یَا رَوِیَائِیْلُ یَا مَائِیْلُ یَا هَمُوَاکِیْلُ یَا سَائِیْلُ وَ اَجِبْ عَدِیُوشُ لِیُوشُ مَجِیُوشُ مِیُوشُ لَغِیُوشُ سِیُوشُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ یَا لَطِیْفُ یَا مُکَرَّمُ یَا سَمِیْعُ

اس عزیمت کو 4956 بار تین دن تک جب چاند متعلقہ حرف کی منزل میں آئے اس وقت پڑھیں اور دوسروں کو بتائیں۔ اس طرح تین دن میں اپ نے 14,868 بار اس کلمہ کو پڑھنا ہے۔ اب آپ اس کلمہ کے عامل ہیں۔ اس کی روحانیت اور مؤکلات آپ کو ہر کام میں مدد دے گی۔

چوتھا عددی مراتبی کلمہ عصر

حروف صوامت کا عددی مراتبی لحاظ سے آخری کلمہ عصر ہے یعنی (ع ص ر)۔ منازل قمری ان حروف کی زبانا، قلب اور نعائم ہیں۔ ان حروف کے عدد رقمی 360 ہیں اور یہ عجیب اتفاق ہے کہ دنیا کے درجے بھی 360 ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے 3/4 کام ان حروف سے ترتیب دیئے ہوئے اعمال، نقوش اور الواح سے تکمیل پاتے ہیں۔ ان حروف کے اعداد ملفوظی 426 ہیں اور عربی عددی اعداد 1283 ہیں۔ تینوں کا مجموعہ 2069 ہے۔ منازل قمر کے اعداد زبانا، قلب اور نعائم 354 ہیں۔ اس طرح کل میزاان 2423 ہے۔ جب چاند ان منازل میں ہو تو آپ اس کلمہ کو 543 بار حروف صوامت کی زکوٰۃ کا لحاظ رکھ کر لکھیں اور پھر مجموعہ اعداد کا نقش مثلث بنا کر کام لیں۔ جیسا کہ عرض کر چکا ہوں کہ اس طرح کے نقوش دونوں کاموں کے لئے یعنی حب، بغض، جدائی اور بندش کے لئے بنائے جاتے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ جائز حب کے نقوش جو اعمال خیر میں آتے ہیں منسوبی چال سے اور عناصر کا لحاظ رکھ کر لکھے جائیں گے اور بغض، جدائی

اور بندش کے نقوش عناصر کو ملحوظ رکھتے ہوئے مقلوبی چال سے لکھیں گے۔
مثالی نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۸۱۱	۸۰۳	۸۰۹
۸۰۵	۸۰۸	۸۱۰
۸۰۷	۸۱۲	۸۰۴

کل اعداد 2423 میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے تو باقی اعداد 2411 بچے۔ ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 803 ہوا اور کسر 2 آیا اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ اس کلمہ میں دو خاکی حرف ہیں اور ایک حرف بادی ہے۔ آتشی اور آبی حرف نہیں لہٰذا جو نقش و لوح بنائیں وہ ان ہی دو چالوں سے لکھے جائیں گے۔ لوازمات کا خیال رکھیں۔ کیونکہ اعمال کی دنیا میں ان کے بغیر کامیابی ناممکن ہے۔

اس کلمہ کی عزیمت درج ذیل ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَالُومَائِیْلُ یَامَائِیْلُ یَااَهْجَمَائِیْلُ یَاصَائِیْلُ یَااَمْوَاکِیْلُ یَارَائِیْلُ وَ اَجِبْ فَشِیُوش عَیُوشُ فَلایُوشُ مِیُوشُ فَیُوشُ رِیُوشُ بِحَقِّ یَاعَلِیْمُ یَاصَبُوْرُ یَارَبُّ

اس عزیمت کو تین دن تک جب چاند ان حروف کی منازل میں آئے تو اس کلمہ کے اعداد کے مطابق 2423 بار پڑھیں اور تین دن کل 7269 بار پڑھیں۔ آپ پر اس کلمہ کے روحانیہ مہربان ہو کر کام سرانجام دیں گے۔

حروف صوامت کے عددی مراتب کے لحاظ سے جو کلمات ہم نے بنائے ہیں ان کی مکمل معلومات کے لئے درج ذیل چارٹ کو غور سے پڑھیں۔ آپ بخوبی سمجھ جائیں گے کہ فلاں حرف کا برج اور ستارہ کیا ہے۔ اگرچہ اس کی کچھ تفصیل پہلے لکھی جا چکی ہے

مگر یہاں ہم نقشہ کی مدد سے اس لئے پیش کر رہے ہیں تاکہ آپ کام لیتے وقت کسی تذبذب کا شکار نہ ہوں۔

چارٹ برائے کلمات حروف صوامت عددی مراتبی

نمبر شمار	حرف	عدد	برج	ستارہ	نمبر منزل مع نام
1	ا	1	حمل	زحل	1 شرطین
2	د	4	ثور	زہرہ	4 دبران
3	ہ	5	ثور	زہرہ	5 ہقعہ
4	و	6	جوزا	عطارد	6 ہنعہ
5	ح	8	سرطان	قمر	8 نثرہ
6	ط	9	سرطان	قمر	9 طرفہ
7	ک	20	اسد	شمس	11 زہرہ
8	ل	30	اسد	شمس	12 صرفہ
9	م	40	سنبلہ	عطارد	13 عوا
10	س	60	میزان	زہرہ	15 غفرہ
11	ع	70	میزان	زہرہ	16 زبانا
12	ص	90	عقرب	مریخ	18 قلب
13	ر	200	قوس	مشتری	20 نعائم

اگر یہ نقشہ آپ نے سمجھ کر ذہن میں محفوظ کر لیا تو آپ حروف صوامت کی پوشیدہ قوتوں سے کام لینے کے قابل ہو جائیں گے۔ ہم نے حروف صوامت کو عام ترتیب کے لحاظ سے جو عام مروجہ ہے حروف وائز مختصر خواص کے ساتھ بھی لکھ دیا ہے تاکہ آپ آسانی سے ان حروف کی زکوٰۃ بھی دے سکیں اور اعمال بھی ترتیب دے

سکیں۔ جیسا کہ میں نے لکھا ہے کہ آپ ہر ماہ متعلقہ منزل میں متعلقہ حرف لکھتے رہا کریں اس سے آپ کی ان حروف کی نہ صرف زکوٰۃ ادا ہوتی رہے گی بلکہ ان حروف کے مؤکلات بھی آپ سے مانوس ہو جائیں گے اور آپ کا کام بخوشی کریں گے۔ ہر عامل کو کسی بھی عمل کے مؤکلات کے بارے میں صحیح معلومات ہونی چاہئیں تاکہ وہ جب ان سے کام لے تو اسے ناکامی نہ ہو۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ مؤکلات کے ساتھ دوستی کا ماحول پیدا کیا جائے۔

حروف صوامت کا روایتی طریقہ استعمال

اب ہم یہاں حروف صوامت کے روایتی طریقہ سے استعمال کے بارے میں مختصر معلومات دے رہے ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہم روایتی کلمات حروف صوامت یعنی احد۔ رسص۔ طعکک۔ لموہ۔ کو زیر بحث لائیں یہ بتانا ضروری ہے کہ ان حروف میں جو کل 13 ہیں کتنے حروف آتشی ہیں۔ کتنے بادی ہیں۔ کتنے آبی ہیں اور کتنے خاکی ہیں۔

آتشی حروف

ا ہ ط م (اہطم) یہ چار حروف ہیں اور ان کے عدد رقمی 55 بنتے ہیں۔ عدد ملفوظی ان چار حروف کے 217 ہیں اور عربی عدد 1586 ہیں۔ تینوں کی میزان 1858 ہے۔ جب اس کو مفرد کریں تو عدد 4 آتا ہے اس عنصر کے حروف بھی 4 ہی ہیں۔ لہٰذا اگر ان اعداد میں ہم ان چار حروف سے وابستہ اسمائے الٰہی لے کر جو یہ ہیں۔ اسم ذات اَللّٰہُ۔ ھَادِیُ۔ طَاہِرُ۔ مُکَرّمُ کے اعداد کو جو 601 بنتے ہیں ان کو جمع کر کے نقش مثلث بنا کر ہر دو کاموں کے لئے دیں تو فائدہ ہو گا۔

$$2459 = 601 + 1858$$

اس میں سے 12 قانونی نفی کئے تو باقی اعداد 2447 بچے ان کو 3 پر تقسیم کیا

تو حاصل قسمت 815 ہوا اور باقی بچے 2 یہ کسر ہے اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔

نقش درج ذیل ہے۔

منسوبی چال آتشی

۷۸۶

۸۲۱	۸۱۵	۸۲۳
۸۲۲	۸۲۰	۸۱۷
۸۱۶	۸۲۴	۸۱۹

یہ عرض کر دوں کہ ہر نقش جو عمل خیر کے لئے لکھا جائے گا وہ منسوبی چال سے لکھا جائے گا اور جو عمل شر یا بندش کے لئے ہو گا وہ مقلوبی چال سے لکھا جائے گا۔ اس نقش کی مقلوبی چال یہ ہے۔

مقلوبی آتشی چال

۷۸۶

۸۲۳	۸۱۵	۸۲۱
۸۱۷	۸۲۰	۸۲۲
۸۱۹	۸۲۴	۸۱۶

چونکہ یہ نقش آتشی عنصر سے ترتیب دیا گیا ہے اس لئے اسے اس عنصر کے مطابق استعمال کریں گے۔

بادی حروف

دوسرا عنصر بادی ہے اور حروف صوامت میں صرف 2 حروف یعنی (ص) اور (و) بادی ہیں۔ اعداد رقمی ان حروف کے 96 ہیں۔ ملفوظی 108 اور عربی عدد 1055

ہیں۔ تینوں کا مجموعہ 1259 ہے۔ اسمائے الٰہی یَا صَادِقُ ۔ یَا وَاحِدُ کے اعداد 214 ہیں ان کو 1259 میں جمع کر کے نقش مثلث بنا کر خیر و شر و بندش کے لئے استعمال کریں گے لیکن یہ یاد رکھیں کہ جس کے لئے نقش بنائیں گے اس کے نام مع والدہ کے اعداد ضرور شامل کر کے نقش بنایا کریں۔ ہم نے طوالت سے بچنے کے لئے تمام مثالی نقوش بغیر سائل کے نام کے ترتیب دیئے ہیں۔ چونکہ یہ کتاب عاملین حضرات کے لئے ہے اس لئے وہ ایسا خود کر سکتے ہیں۔ یعنی موقع و محل کے لحاظ سے نقش و عمل بنا سکتے ہیں۔ ہم نے طریقہ واضح کر دیا ہے۔

مثالی نقش درج ذیل ہے۔

منسوبی بادی چال

۷۸۶

۴۹۲	۴۹۳	۴۸۸
۴۸۷	۴۹۱	۴۹۵
۴۹۴	۴۸۹	۴۹۰

1473=214+1259

1473 میں سے 12 قانون کے نفی کئے تو باقی 1461 بچے۔ ان کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 487 آیا اور کسر نہیں۔ یہ نقش بادی چال سے لکھا گیا ہے اور مقلوبی چال سے اس طرح لکھا جائے گا۔

مقلوبی بادی چال

۷۸۶

۴۹۴	۴۸۹	۴۹۰
۴۸۷	۴۹۱	۴۹۵
۴۹۲	۴۹۳	۴۸۸

مقلوبی چال بادی عنصر بادی کی دونوں چالیں میں نے لکھ دی ہیں اب عامل کی صوابدید پر ہے کہ وہ کونسا نقش بناتا ہے۔

آبی حروف

تیسرا عنصر حروف صوامت کا آبی ہے اور اس میں بھی صرف 2 حروف یعنی (ک اور س) ہیں جن کے رقمی اعداد 80 ہیں۔ ملفوظی 221 اور عربی عدد 1090 ہیں۔ تینوں کا مجموعہ 1391 ہے۔ اسمائے الٰہی یَا کَرِیْمُ یَا سَمِیْعُ کے اعداد 450 کو 1391 میں جمع کر کے جو 1841 بنتے ہیں۔ نقش مثلث بنا کر آبی چال سے نقش پر کریں گے۔

جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں آپ ان اعداد میں نام سائل مع والدہ کے اعداد ضرور شامل کر لیا کریں اور نقوش کے نیچے مقصد بھی لکھا کریں تاکہ مؤکلات و خدام حروف کو کام سرانجام دینے میں آسانی ہو۔ مثالی نقش یہ ہے۔

منسوبی آبی چال

۷۸۶

۶۱۰	۶۱۶	۶۱۵
۶۱۸	۶۱۴	۶۰۹
۶۱۳	۶۱۱	۶۱۷

کل اعداد 1841 میں سے 12 قانون کے نفی کرنے سے 1829 باقی بچے۔
ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 609 ہوا اور باقی بچے 2 یہ کسر ہے۔ اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ میں نے ہر جگہ لکھا ہے کہ چال کا خیال رکھ کر نقش بنائیں۔ امید ہے کہ ان مثالی نقوش سے آپ تین عناصر یعنی آتشی، بادی اور آبی کی دونوں چالوں منسوبی اور مقلوبی کو سمجھ جائیں گے اور آئندہ آپ کو نقوش تحریر کرتے وقت کوئی دقت پیش نہیں آئے گی۔ اس نقش کی مقلوبی چال درج ذیل ہے۔

مقلوبی آبی چال

۷۸۶

۶۱۳	۶۱۱	۶۱۷
۶۱۸	۶۱۴	۶۰۹
۶۱۰	۶۱۶	۶۱۵

خاکی حروف

چوتھا عنصر خاکی ہے۔ حروف صوامت کے 5 حروف اس عنصر سے وابستہ ہیں یعنی (د ح ل ع ر) اکثر عاملین حروف صوامت یہ کہتے ہوئے سنے گئے ہیں کہ بندشوں کے تمام کام حروف صوامت سے کئے جاتے ہیں لیکن کوئی یہ نہیں بتا سکا کہ ایسا کیوں ہے؟ حروف صوامت جن سے ہمارا کلمہ طیبہ جو اساس دین ہے۔ وابستہ ہے حروف نورانی یا مقطعات جن سے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کا تحفظ فرمایا ہے اس میں 14 میں سے 11 حروف صوامت ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ اتنی خوبیاں ہونے کے باوجود جسے دیکھو وہ یہی کہے گا کہ حروف صوامت سے کاروبار، ترقی، نکاح، روزی، روزگار سب بند کیا جا سکتا ہے اور اس میں سچائی بھی ہے مگر اس کی عملی توجیح کوئی پیش نہیں کرتا۔
آج ہم آپ کو یہ نکتہ بتاتے ہیں کہ ایسا کیوں ہے؟ کائنات کے اندر عناصر کا

عمل دخل سب سے زیادہ ہے اور انسان کی تخلیق بھی ان ہی عناصر کی مرہون منت ہے۔
عناصر میں اعتدال صحت کی علامت ہے اور اس میں کمی بیشی سے انسان صحت مند نہیں رہ سکتا۔ عملیاتی دنیا میں عناصر کو بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے جو نقش یا عمل پڑھا جائے وہ عنصری ترتیب سے درست ہونا چاہیئے ورنہ کامیابی کے امکانات کم ہیں۔ پھر عناصر کی دوستی و دشمنی بھی اعمال کو کامیاب نہیں ہونے دیتی۔ ان حروف میں جو تعداد میں 13 ہیں عنصر آتش کے بعد سب سے زیادہ یعنی پانچ حروف عنصر خاک کے ہیں اور دنیا میں تمام تخریبی کام تقریباً اسی عنصر میں کئے جاتے ہیں اس لئے حروف صوامت سے جو لوگ بندشوں کا کام لیتے ہیں وہ اس علمی نکتہ کو نہ سمجھتے ہوئے بھی کامیاب ہیں۔
اب میں اس عنصر کے حروف سے عمل و نقش بنانے کا طریقہ بتاتا ہوں۔ ان 5 حروف کے عدد رقمی (د ح ل ع ر) 312، اعداد ملفوظی 446 اور عربی عددی 2667 ہیں۔ تینوں کی میزان 3425 ہے۔ جو اسمائے الٰہی ان حروف سے وابستہ ہیں ان کے اعداد یَا دَیَّانُ ۔ یَا حَمِیْدُ ۔ یَا لَطِیْفُ ۔ یَا عَلِیْمُ ۔ یَا رَبُّ ۔ 608 ہیں۔ کل میزان 4033 ہوا۔ نقش مثلث 4033 میں سے 12 قانون کے نفی کرنے سے باقی 4021 بچے۔ ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 1340 ہوا اور باقی ایک کسر آیا اس لئے خانہ 7 میں ایک کا اضافہ کرنا ہے۔
نقش درج ذیل ہے۔ یہ نقش خاکی چال سے پر کرنا ہے۔

منسوبی خاکی چال

۷۸۶

۱۳۴۱	۱۳۴۹	۱۳۴۳
۱۳۴۷	۱۳۴۴	۱۳۴۲
۱۳۴۵	۱۳۴۰	۱۳۴۸

مقلوبی خاکی چال

۷۸۶

۱۳۴۳	۱۳۴۹	۱۳۴۱
۱۳۴۲	۱۳۴۴	۱۳۴۷
۱۳۴۸	۱۳۴۰	۱۳۴۵

بار بار میں نے چالوں کے تذکرہ میں دونوں طرح کی چالوں کا ذکر کیا ہے اور یہاں میں نے تمام مثالی نقوش دونوں چالوں سے پر کر کے طریقہ واضح کر دیا ہے۔ امید ہے کہ عامل حضرات خود ان چالوں کا لحاظ رکھ کر نقوش مرتب کرنے میں کوئی دشواری محسوس نہیں کریں گے۔

حروف صوامت کے روایتی کلمے ابجد شمسی سے اور ان کے اعمال و نقوش

ہم نے عناصری تقسیم کے بعد یہ ضروری سمجھا کہ روایتی کلمات کے اعمال و نقوش بھی درج کر دیں تاکہ عامل حضرات خود بھی فائدہ اٹھائیں اور بہتر طریق پر خدمت خلق بھی کر سکیں۔

پہلا روایتی کلمہ احد

ان حروف کا پہلا روایتی کلمہ اَحَد ہے جو تین حروف یعنی (ا ح د) سے مرتب ہے۔ اس کلمہ کے اعداد رقمی 13 ہیں جو تعداد حروف صوامت کے مساوی ہیں۔ ملفوظی اعداد 155 ہیں اور عربی عدد 897 ہیں۔ ان تینوں کا مجموعہ 1065 ہے۔ ان حروف سے اسمائے الٰہی یَا اَحَدُ - یَا حَیُّ - یَا دَائِمُ لئے جن کے اعداد 76 بنتے ہیں۔ آپ ان اسماء کے علاوہ دیگر اسماء جو ان حروف سے شروع ہوتے ہیں لے سکتے ہیں ان سب کی میزان 1161 ہے۔ نقش بنا کر قواعد کا لحاظ رکھ کر لکھیں اور اس نقش کی تاثیر

دیکھیں۔

ہم نے مثالی نقوش میں نام سائل مع والدہ کے اعداد نہیں لئے لیکن آپ ہمیشہ جب بھی نقش بنائیں ان اعداد کو ضرور شامل کیا کریں۔ اس کلمہ کا نقش مثلث درج ذیل ہے۔ نقش کے نیچے مقصد ضرور لکھیں۔

۷۸۶

۳۸۱	۳۷۶	۳۸۴
۳۸۳	۳۸۰	۳۷۸
۳۷۷	۳۸۵	۳۷۹

موقع محل کے لحاظ سے دونوں چالوں سے لکھا کریں۔ بخورات اور صدقات کا بھی خیال رکھا کریں۔

کل اعداد 1141 میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے تو باقی 1129 بچے۔ ان کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 376 ہوا اور کسر ایک بچا۔ اس لئے خانہ 7 میں ایک کا اضافہ کریں۔ اس کلمہ کی عزیمت 3 دن 1141 بار روزانہ وقت مقرر کر کے پڑھیں۔ بڑے سے بڑا کام انشاء اللہ پورا ہو گا۔ عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا آئِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ یَا حَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا دَائِیْلُ وَاَجِبْ فَیوبُوشُ عَیُوشُ طَیُوشُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ یَا اَحَدُ یَا حَیُّ یَا دَائِمُ

اس عزیمت کو پڑھنے سے پہلے دو رکعت نفل قضائے حاجت کی نیت سے ضرور پڑھ لیا کریں۔

دوسرا روایتی کلمہ رسص

دوسرا روایتی کلمہ حروف صوامت کا رسص ہے۔ اس میں بھی تین حروف ہیں یعنی (ر س ص) اعداد رقمی ان حروف کے 350 ہیں۔ ملفوظی اعداد 416 ہیں اور عربی عدد 1611 ہیں۔ تینوں کا مجموعہ 2377 ہے۔ اسماء الٰہی ان حروف سے یَا رَبُّ یَا سَمِیۡعُ یَا صَادِقُ وابستہ ہیں اور ان کے اعداد 577 بنتے ہیں۔ ان سب اعداد کو جمع کر کے نقش مثلث بنا کر خود بھی فیضیاب ہوں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

اس کلمے کا نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۹۸۶	۹۸۰	۹۸۸
۹۸۷	۹۸۵	۹۸۲
۹۸۱	۹۸۹	۹۸۴

کل اعداد 2954 میں سے 12 قانون کے نفی کئے تو باقی 2942 بچے ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 980 ہوا اور 2 کسر آیا اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ اس نقش کی عزیمت دی جا رہی ہے آپ تین دن تک اس عزیمت کو شرائط عمل کا لحاظ رکھ کر پڑھیں اور فیض اٹھائیں۔

عزیمت درج ذیل ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَمْوَاکِیْلُ یَا زَائِیْلُ یَا ھَمْوَائِیْلُ یَا سَائِیْلُ یَا اَبْجَمَائِیْلُ یَا صَائِیْلُ وَاَجِبْ رِیْوشُ لِیُوشُ فَلَایُوشُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ یَا رَبُّ یَا سَمِیْعُ یَا صَادِقُ

یہ عزیمت آپ روزانہ 2954 بار وقت مقرر کر کے پڑھیں اور اس کلمہ کی روحانیت سے مستفید ہوں۔

تیسرا روایتی کلمہ طعک

تیسرا روایتی کلمہ حروف صوامت کا طعک ہے اس میں بھی تین حروف یعنی (ط ع ک) ہیں۔ ان حروف کے اعداد رقمی 99 ہیں۔ ملفوظی عدد 241 اور عربی عدد 828 ہیں۔ ان تینوں کا مجموعہ 1168 ہے۔ ان اعداد میں ان حروف سے وابستہ اسماء الٰہی جو یَا طَاہِرُ یَا عَلِیۡمُ یَا کَافِیُ ہیں کے اعداد 476 کو جمع کر کے کل میزان 1644 سے نقش مثلث بنائیں۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۵۴۹	۵۴۴	۵۵۱
۵۵۰	۵۴۸	۵۴۶
۵۴۵	۵۵۲	۵۴۷

کل اعداد 1644 میں سے 12 قانون کے اعداد نفی کئے تو باقی 1632 بچے۔

ان کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 544 ہوا اور کسر نہیں۔

اس کلمہ کی عزیمت درج ذیل ہے جسے آپ تین یوم وقت مقرر کر کے 1644 بار پڑھیں اور نقش کو استعمال کریں انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

عزیمت درج ذیل ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اِسْمَائِیْلُ یَا طَائِیْلُ یَا لُومَائِیْلُ یَا عَائِیْلُ یَا حَرُوزَئِیْلُ یَا کَائِیْلُ وَاَجِبْ بَدِیْوشُ فَشِیُوشُ قَدِیُوشُ سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ یَا طَاہِرُ یَا عَلِیْمُ یَا کَافِیُ

اس عزیمت کو مقررہ تعداد کے مطابق 3 دن اگر پڑھ لیں تو اس کلمہ کی زکوۃ صغیر ادا ہو جائے گی اور آپ اس کلمہ کی روحانی طاقت سے کام لے سکیں گے۔

چوتھا روایتی کلمہ لَمُوَہ

چوتھا روایتی کلمہ حروف صوامت کا لَمُوَہ ہے اور اس میں چار حروف ہیں یعنی (ل م و ہ) اعداد رقمی اس کلمہ کے 81 ہیں اور ملفوظی اعداد 180 ہیں اور عربی عدد 2593 ہیں ان تینوں کا مجموعہ 2854 ہے۔ اسماء الٰہی ان حروف سے جو وابستہ ہیں یَا لَطِیۡفُ یَا مُکَرَّمُ یَا وَاحِدُ یَا ھَادِیُ ان کے اعداد 438 ہیں ان کو مجموعہ 2854 میں جمع کیا تو کل مجموعہ 3322 بنا۔ اس میں سے 12 قانون کے اعداد نفی کئے تو باقی 3310 بچے۔ ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 1103 ہوا اور کسر ایک ہے اس لئے خانہ 7 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۱۰۸	۱۱۰۳	۱۱۱۱
۱۱۱۰	۱۱۰۷	۱۱۰۵
۱۱۰۴	۱۱۱۲	۱۱۰۶

اس کلمہ کی عزیمت یہ ہے۔

عَزَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ وَاَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا طَاطَائِیۡلُ یَا لَائِیۡلُ یَا رَوِیَائِیۡلُ یَا مَائِیۡلُ یَا رَفۡتَمَائِیۡلُ یَا وَائِیۡلُ یَا دُورِیَائِیۡلُ یَا ہَائِیۡلُ وَ اَجِبۡ عدیوشُ مجیوشُ یوبوشُ ہیوشُ سَامِعًا مُطِیۡعًا بِحَقِّ یَا لَطِیۡفُ یَا مُکَرَّمُ یَا وَاحِدُ یَا ھَادِیُ

اس عزیمت کو آپ تمام لوازمات کا خیال رکھتے ہوئے 4 یوم تک 3322 بار روزانہ پڑھیں۔ سب کام سنور جائیں گے۔

اب میں ان روایتی کلمات کا ایک ایسا نایاب عمل عاملین کی نذر کرتا ہوں جو آج تک حروف صوامت کے عاملین کی دسترس سے باہر رہا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ آپ

ان چاروں کلمات کے اعداد کو جمع کرلیں جو یہ ہیں۔

1 : پہلا کلمہ احـد کے اعداد 1141

2 : دوسرا کلمہ رسـص کے اعداد 2954

3 : تیسرا کلمہ طعـكـ کے اعداد 1644

4 : چوتھا کلمہ لـمـوه کے اعداد 3322

ان چاروں کی کل میزان 9061 بنی اس میں سے 30 اعداد قانون کے نفی کر دیئے۔ پہلے آپ ان اعداد کا نقش مربع بنائیں۔ مربع کے لئے کل اعداد سے 30 اعداد قانونی نفی کئے تو باقی 9031 بچے۔ ان کو 4 پر تقسیم کریں تو حاصل قسمت 2257 ہوا اور باقی تین بچے یہ کسر ہے اس لئے خانہ 5 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔

نقش مربع یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۶۵	۲۲۶۸	۲۲۷۱	۲۲۵۷
۲۲۷۰	۲۲۵۸	۲۲۶۴	۲۲۶۹
۲۲۵۹	۲۲۷۳	۲۲۶۶	۲۲۶۳
۲۲۶۷	۲۲۶۲	۲۲۶۰	۲۲۷۲

یہ نقش آتشی چال سے لکھا گیا ہے جیسا کہ میں پہلے عرض کرچکا ہوں کہ آپ نام سائل مع والدہ کے اعداد کو اس نقش کے مجموعہ اعداد میں جمع کر کے نقش بنائیں۔ (اس نقش کا وفق یا کل اعداد 9061 ہیں) سائل کے نام کے سر حرف کے مطابق عنصر لے کر اس چال سے اس نقش کو لکھیں۔ اب آپ کل اعداد کے حروف لے کر مئوکل بنائیں اور ان حروف کے اسماء الٰہی لے کر ان کو مع مئوکل سات یوم تک پڑھیں۔ پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہل جائے گا لیکن کام کی نوعیت کے لحاظ سے ستارہ کا انتخاب کر کے نقش لکھیں اور عمل پڑھیں۔ بخورات جلائیں اور صدقہ و نیاز مئوکلات ضرور دیں۔

میں نے یہ عمل عاملین کی نذر کیا ہے۔ امید ہے کہ وہ اسے سمجھ کر تیار کر کے خود بھی فائدہ اٹھائیں گے اور خدمت خلق بھی کریں گے۔

حروف صوامت کے مئوکلات باطنی و ظاہری اور سفلی و اعوان

حروف صوامت کے مئوکلات کا تذکرہ اس لئے ضروری خیال کیا گیا تاکہ عاملین جو عمل بنائیں وہ پڑھتے وقت ان مئوکلات سے کام لے سکیں اور انہیں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ اب میں ترتیب وار ان حروف کے مئوکلات کا تذکرہ کروں گا۔ نقشہ کو ذہن میں رکھیں۔

نمبر شمار	حرف	مئوکل باطنی و ظاہری	مئوکل سفلی و اعوان
1	ا	اسرائیل ۔ آئیل	ایوش ۔ فیوش
2	ح	تنکفیل ۔ حائیل	حیوش ۔ عیوش
3	د	دردائیل ۔ دائیل	دیوش ۔ طیوش
4	ر	امواکیل ۔ رائیل	دھوش ۔ ریوش
5	س	ہمواکیل ۔ سائیل	سیوش ۔ لغیوش
6	ص	اہجمائیل ۔ صائیل	میوش ۔ فلایوش
7	ط	اسمائیل ۔ طائیل	یدیوش ۔ طیوش
8	ع	لومائیل ۔ عائیل	فشیوش ۔ عیوش
9	ک	خروزائیل ۔ کائیل	قدیوش ۔ کیوش
10	ل	طاطائیل ۔ لائیل	عدیوش ۔ لیوش
11	م	رویائیل ۔ مائیل	مجیوش ۔ میوش
12	و	رفتمائیل ۔ وائیل	یویوش ۔ ویوش
13	ہ	دوریائیل ۔ ہائیل	ھیوش ۔ ھوش

اگر آپ نے اس نقشہ کو ذہن نشین کر لیا تو آپ کے لئے حروف صوامت سے اعمال ترتیب دینا بالکل آسان ہو جائے گا۔ دوسرے اگر آپ ورد کے طور پر روزانہ صرف 13 بار ان مئوکلات کے ناموں کو پڑھنے کا اہتمام کر لیں تو یہ تمام مئوکلات آپ کے دوست بن جائیں گے اور بغیر چلہ کشی کے آپ صرف ان کے نام لے کر کوئی کام ان کے سپرد کریں گے تو وہ آپ کے ہر جائز کام اللہ کے حکم سے کر دیا کریں گے۔ یہاں میں یہ عرض کر دوں کہ اگر حروف صوامت کے اعداد جو 543 ہیں ان میں نام سائل مع والدہ کے اعداد اور مقصد کے اعداد جمع کر کے نقش مثلث بنا کر نقش کے نیچے ان تمام مئوکلات کے نام لکھ کر نقش کو عناصر کے لحاظ سے استعمال کریں تو انشاء اللہ فوراً کام ہو گا۔

حروف صوامت کا تعلق

حروف نورانی سے

ابجد کے اٹھائیس حروف میں سے 14 حروف نورانی ہیں اور 14 ہی ظلماتی۔
نورانی حروف میں سے صرف 3 حروف یعنی (ی ق ن) ایسے ہیں جو با نقطہ ہیں باقی گیارہ حروف کا تعلق حروف صوامت سے ہے۔ اس بات سے یہ اندازہ کرنا کچھ مشکل نہیں کہ حروف صوامت کی کتنی اہمیت ہے۔ اب اگر ہم ان روحانی حروف کو لے کر ان کو اعمال خیر و شر میں استعمال کرنا چاہیں تو اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ان 11 حروف کے عدد رقمی جو 533 بنتے ہیں ان اعداد میں طالب اور مطلوب کے اعداد مع نام والدہ شامل کر کے مقصد کے مطابق اللہ کا نام لیں اور اس کے عدد بھی ان اعداد میں جمع کر لیں۔ اب ان تینوں اقسام کے اعداد کے مجموعہ سے نقش مثلث بنا کر عنصری ترتیب کے مطابق استعمال کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

مثلاً ہم عبدالرحمٰن ابن فاطمہ کے لئے کشائش رزق کے لئے نقش بنانا ہے تو اس کے لئے سب سے پہلے حروف کے اعداد 533 لئے۔ اس کے بعد سائل کے نام مع والدہ کے اعداد لئے جو 540 بنتے ہیں۔ اس میں اللہ کے نام یا رزاق کے اعداد 308 لئے ان تینوں اعداد کا مجموعہ 1381 ہے۔ حسب قاعدہ اس سے 12 قانون کے عدد نفی کئے تو باقی 1369 بچے۔ ان کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 456 آیا اور باقی بچا ایک۔ یہ کسر ہے اس لئے خانہ 7 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔
چونکہ یہ نقش کشائش رزق کے لئے ہے اس لئے اس نقش کو بادی چال سے لکھیں گے۔ یہ نقش دو عدد لکھے جائیں گے۔ ایک سائل اپنے پاس رکھے گا اور دوسرا کسی پھلدار درخت کے ساتھ باندھ دے گا تاکہ ہوا سے ہلتا رہے اور کسی نماز کے بعد

اسم یا رزاق کو مجموعہ کے اعداد کے مطابق یعنی 1381 بار روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ ہفتہ کے اندر سائل کو خود معلوم ہو جائے گا کہ اس کے رزق میں کتنی برکت ہو گئی ہے۔
نقش درج ذیل ہے۔

چال نقش بادی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

نقش یہ ہے

۷۸۶

۴۶۱	۴۶۳	۴۵۷
۴۵۶	۴۶۰	۴۶۵
۴۶۴	۴۵۸	۴۵۹

اسی طرح اگر ہم بغض، جدائی، نفرت یا بندش کے نقش بنائیں گے تو ان حروف کے اعداد یعنی 533 میں دیگر دو قسم کے اعداد شامل کر کے نقش مثلث بنائیں گے اور آتشی چال مقلوبی سے لکھیں گے۔
مثلاً ہم نے زید ابن سکینہ اور زہرہ بنت افشاں کے درمیان جدائی کے لئے نقش بنانا ہے تو ان چاروں ناموں کے مع والدہ کے اعداد لے کر ان میں آیت بغض کے عدد شامل کر کے نقش بنائیں گے۔
سورۃ مائدہ کی آیت بغض یہ ہے۔
وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ عدد اس کے 3337 ہیں۔
حروف کے اعداد 533 چاروں ناموں کے اعداد 815 اور آیت کے اعداد

3337 کا مجموعہ 4685 بنا۔ اس مجموعہ میں سے 12 قانون کے نفی کئے تو باقی 4673 بچے۔ ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 1557 آیا اور باقی 2 کسر کے بچے اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔

نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے اور چال بھی دی گئی ہے۔

آتشی چال مقلوبی

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

نقش درج ذیل ہے

٧٨٦

١٥٦٥	١٥٥٧	١٥٦٣
١٥٥٩	١٥٦٢	١٥٦٤
١٥٦١	١٥٦٦	١٥٥٨

یہ ایک ایسا راز ہے جسے عامل کسی پر ظاہر نہیں کرتے کیونکہ نقش بنانے کے بعد اگر اس کا طریقہ استعمال نہ بتایا جائے تو نقش بیکار ہے۔ چونکہ مندرجہ بالا نقش بغض و عداوت و جدائی کے لئے ہے اور مقلوبی آتشی چال سے لکھا گیا ہے اس لئے جن کے لئے یہ نقش بنایا گیا ہے جب اس نقش کو گرمی پہنچائی جائے گی تو ویسے ہی ان کے درمیان غصہ اور ایسے جذبات پیدا ہوں گے جن سے یہ آپس میں لڑائی جھگڑا کریں گے اور ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں گے۔ اسی طرح عامل نورانی حروف کے اعداد کو استعمال کر کے اپنی مرضی کے مطابق اعمال خیر و شر بنا کر سائل کو دے سکتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ لازمی شرط یہ ہے کہ قواعد و ضوابط کا لحاظ رکھا جائے۔ یعنی نقش لکھتے وقت خاموش رہیں۔ بخورات اور صدقہ متعلقہ ستارے کا جس میں یہ نقش لکھا جائے گا سائل کو بتا دیا جائے اور

اس سے مہیا کرایا جائے تاکہ نقش فوری کام کرے۔

عمل خیر و شر کے لئے نقش نیک ساعت میں سیدھی چال سے لکھا جائے اور عمل شر و بندش کے لئے زحل، مریخ یا عطارد کی ساعت میں لکھا جائے۔ یہ بات پیش نظر رہے کہ سائل وہی تیار کر سکتا ہے جس نے حروف صوامت کی زکوٰۃ باقاعدہ ادا کی ہے۔

فرض کریں کہ کسی آدمی نے زکوٰۃ نہیں ادا کی اور اسے فوری عمل کی ضرورت پیش آ گئی ہے اور حروف صوامت کی زکوٰۃ کے لئے چاند گرہن یا سورج گرہن کا وقت مقرر ہے اور یہ وقت جلد نہیں آ رہا تو عامل یہ کرے کہ پہلے ان حروف کی متعلقہ منازل قمر میں سے کسی منزل میں بھی حروف صوامت کو 543 بار شرائط کے ساتھ لکھ کر نقش تیار کر سکتا ہے لیکن یہ زکوٰۃ صرف ایک بار کام کرے گی۔ البتہ اگر ہر ماہ یہ حروف جن جن منازل قمر سے وابستہ ہیں ان میں اس حرف کو 543 بار لکھتا رہے اور پھر جب چاند گرہن یا سورج گرہن آئے تو تجدید عمل کرتا رہے تو اس طرح 13 سال میں ان حروف کی زکوٰۃ کبیر ادا ہو جائے گی۔ عام حالت میں صرف روزانہ 13 بار لکھنے کا معمول بنا لے تو عمل قبضہ میں رہے گا۔

حروف صوامت کا تعلق کلمہ طیبہ سے

یہ ایک قدرت کا راز ہے کہ کلمہ طیبہ کے اندر کوئی حرف نقطہ والا نہیں ہے۔

اس کلمہ شریف میں جتنے حروف ہیں ان سب کا تعلق حروف صوامت سے ہے۔ یہ کلمہ طیبہ جو "ل" سے شروع ہو کر "ہ" پر ختم ہوتا ہے اس کے کل اعداد 619 ہیں۔ جس کا مفرد عدد 7 بنتا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پوری کائنات کا نظام چلانے کے لئے جو غیبی قوانین مقرر کئے ہیں ان کے اندر عدد سات کو بنیادی حیثیت دی گئی ہے۔ کیونکہ زمینیں سات ہیں۔ آسمان بھی سات ہیں اور بڑے بڑے ستارے بھی سات ہی ہیں۔ ہفتہ کے دن بھی سات ہیں جن کی میزان 7 x 4 = 28 بنتی ہے اور ابجد کے حروف کی تعداد بھی 28 ہی ہے۔ ان حروف کے اندر 13 صوامت کے ہیں جن کا

مفرد عدد 4 بنتا ہے۔ اب اگر 28 کو 4 پر تقسیم کیا جائے تو جواب 7 آئے گا۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہمارا کلمہ طیبہ جس کے اندر کوئی حرف نقطہ والا نہیں ہے ایک لحاظ سے حروف صوامت ہی کی بازگشت ہے۔

اب اگر ہم اس کلمہ پاک کو جس کے عدد 619 ہیں حروف صوامت کی تعداد یعنی 13 سے ضرب دے کر دیکھیں تو ہمیں 8047 اعداد حاصل ہوتے ہیں جن کا مفرد عدد ایک بنتا ہے جو حروف (ا) الف یعنی اسم ذات کا پہلا حرف ہے اور اس کا عدد بھی ایک ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ کلمہ طیبہ خالص توحید ہے اسے ہم اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ کلمہ شریف اگر کوئی آدمی اس کے اعداد کے مطابق جو 619 ہیں پڑھے یا اس کا نقش مثلث بنا کر اپنے پاس رکھے تو اسے دین اور دنیا دونوں حاصل ہوں گی۔ یہ نقش چونکہ فتوحات کے لئے ہے اس لئے بادی چال سے لکھا جائے گا۔

اصل نقش کلمہ طیبہ

۷۸۶

۲۰۷	۲۰۹	۲۰۳
۲۰۲	۲۰۶	۲۱۱
۲۱۰	۲۰۴	۲۰۵

چال نقش بادی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

یہ نقش قواعد و ضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے جس کو لکھ کر دیں گے اور کلمہ طیبہ اس کے اعداد کے مطابق یعنی 619 بار پڑھنے کے لئے بتائیں گے تو اس آدمی کو جس کے پاس یہ نقش ہو گا فتوحات غیبی حاصل ہوں گی۔ یہ نقش آپ یوں بھی بنا سکتے ہیں جو زیادہ

مئوثر ہو گا یعنی کلمہ شریف کے اعداد 619 میں نام سائل مع والدہ کے اعداد کو جمع کر کے حسب قاعدہ نقش مثلث بنا کر دیں اور مقصد کے مطابق چال سے لکھیں اور نقش کے نیچے وہ مقصد لکھ کر دیں۔ سائل کو فائدہ ہو گا۔ ساتھ میں اسے یہ بھی بتائیں کہ وہ روزانہ کلمہ طیبہ 619 بار پڑھتا رہے۔

اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو یہ عمل کرنے کی توفیق دے اور اس عمل کی برکت سے اسے فلاح دارین حاصل ہو آمین۔ ایک بات اور عرض کر دوں کہ اس کلمہ شریف سے ہمیشہ عمل خیر ترتیب دیں۔ عمل شر یا بندش وغیرہ میں استعمال میں نہ لائیں ورنہ گناہ عظیم ہو گا۔

خلاف پیغمبر کسے راہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

حروف صوامت کے انفرادی خواص

اب حروف صوامت کے انفرادی خواص الگ الگ پیش کئے جا رہے ہیں۔ امید ہے قارئین اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

1: حرف الف کے خواص

ابجد کے 28 حروف اور حروف صوامت کا پہلا حرف الف ہے جو نورانی ہے اور یہی پہلا عدد اور پہلا درجہ بھی ہے جو حروف کو عناصر پر تقسیم کرتا ہے۔ اس علم میں بڑی بڑی کتابیں لکھی گئی ہیں اور اختلافات بھی لکھے گئے ہیں مگر اس امر پر سب متفق ہیں کہ الف حرف ناری ہے جس کے دو بسط ہیں۔ ایک صغیر اور دوسرا کبیر۔

ایک بسط صغیر الف

دوسرا بسط کبیر الف، لام، فا اور

بسط عددی دراصل بسط حرفی کے عین موافق ہے۔ چنانچہ احد۔ بسط عددی ہے اور پھر بسط عددی کے اور دیگر بسط بھی ہیں جو شخص تھوڑا سا تامل و غور کرے گا اس پر یہ خواص ظاہر ہو جائیں گے یعنی جیسا کہ الف کا بسط ہے اسی طرح احد کا بھی بسط ہے۔ الف احد (ال ف اح د) یا الف، لام، فا، الف حا، دال اور ان میں سے ہر بسط کے اسرار خاص و علیحدہ ہیں۔ اس لئے قوت الہیہ نے اس حرف کے لئے اتوار کا دن مقرر کیا ہے۔ کیونکہ یہی دن اس کی طبیعت اور شرف کے موافق ہے۔ حرف الف اور ایک کا ہندسہ دونوں ہم شکل ہیں۔ الف کی شکل عربی، شکل ہندی کی طرح ہے اور یہی عقل کا مبداء ہے اور سارا راز اس کے ناری ہونے میں پوشیدہ ہے۔

جب اللہ تعالیٰ نے قلم کو حکم دیا کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب کا سب لوح پر لکھے تو قلم نے لکھنے سے قبل لوح پر سر رکھ دیا جس سے ایک نورانی نقطہ ظاہر ہوا اور پھر وہ نقطہ دراز ہو کر الف بن گیا۔ یہی بھید اس کے ناری ہونے کا سبب بنا۔ اسم ذات اللہ کی ابتداء بھی اسی حرف الف سے ہے۔ اس کے خواص میں یہ وصف ہے کہ جو شخص اس حرف کو سونے کی تختی پر لکھے یا زعفران سے رنگے ہوئے (طلائی) کاغذ پر اتوار کے دن یا شرف شمس میں لکھ کر عطر لگا کر اپنے پاس رکھے تو اسے فوائد جلیلہ حاصل ہوں۔ جو شخص اس کو دیکھے اس سے خوف کھائے گا۔ ہر برائی سے یہ شخص محفوظ رہے گا۔ خیر و برکت کی اس کو توفیق ہو گی۔ جو شخص اس حرف کے بسط اول یعنی الف، لام، فا کو تانبے کے برتن پر لکھے اور عرق گلاب سے دھو کر خفقان والے کو پلائے گا تو اس کا خفقان اور گھبراہٹ دور ہو۔

ڈرنے والے اور زیادہ رونے والے بچے کو بھی اس کا پلانا مفید ہے۔ اس کی تاثیر سے بچہ ہر آفت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ جس شخص کو ٹھنڈ کی بیماریاں مثلاً کمر کا درد وغیرہ ہو جس کی شدت کی وجہ سے وہ حرکت تک نہ کر سکتا ہو تو اس کی دائیں ہتھیلی پر اس حرف کے مثلث کو روغن غار کے ساتھ طلوع آفتاب کے وقت لکھے جب ابر اور گرد و غبار وغیرہ نہ ہو۔ یعنی مطلع صاف ہو اور اس مثلث کو سرخ ریشم کے کپڑے پر زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر کمر پر باندھے۔ قدرت الٰہی سے حرکت میں بھی آسانی ہو گی اور برودت جاتی رہے گی۔

اگر بسط ثانی (الف ۔ حا ۔ دال) کو 3 بار لکھ کر جس کے سر میں بلغم سے درد ہو باندھے تو درد فوراً زائل ہو جائے گا۔ اگر اس کے وفق کو شمس میں تکسیر کرے جب کہ قمر نحوست سے پاک ہو سرخ تانبے کی تختی پر لکھے اس نقش کے گرد ایک دائرہ کھینچ کر اس کے گرد 111 الف لکھے اور قسط اور لادن کی دھونی دے کر ریشم کے دھاگے میں باندھ کر پانی والے کنویں میں لٹکائے سارا پانی کنویں میں خشک ہو جائے گا۔ اس طرح ہر برتن کا پانی بھی خشک ہو سکتا ہے۔ یہاں یہ عرض کردوں کہ اس حرف کا تعلق چاند کی پہلی

منزل یعنی شرطین سے ہے جس کا برج حمل اور ستارہ مریخ ہے۔ لہٰذا عامل اگر اس حرف کو اس منزل میں 543 بار حروف صوامت کی زکوٰۃ کی نیت سے خاموشی سے لکھ کر کوئی نقش بھی مرتب کرے گا وہ سیف قاطع ہو گا۔ ایک طریقہ دے رہا ہوں اگر آپ نے اس کو سمجھ کر کام لیا تو آپ کو نہ صرف اس حرف بلکہ تمام حروف صوامت سے کام لینے میں دشواری نہیں ہو گی۔

طریقہ یہ ہے کہ آپ نے جس کے لئے عمل یا نقش بنانا ہے اس کے نام مع والدہ کو لے کر بسط حرفی کر لیں پھر مقصد کے مطابق اللہ کے ان ناموں میں سے کوئی نام جو اس حرف سے شروع ہوتے ہیں لے کر اس کو بھی بسط کر لیں۔ منزل، برج اور ستارہ کے حروف کو بھی بسط کر لیں۔ ان تمام حروف کو اس حرف کے بسط اول و دوم کے حروف میں امتزاج دے کر کلمات، ثلاثی، رباعی یا خماسی بنائیں اور ان کلمات کا جمل کبیر لے کر مؤکل علوی و سفلی بنا لیں ان مؤکلات کو نقش کے چاروں طرف لکھیں۔ کل حروف امتزاج کے اعداد سے نقش مثلث بنائیں۔ حسب قاعدہ نقش کو متعلقہ چال سے لکھیں اور اسی چال کے مطابق نقش کو استعمال کریں۔ بخور اور صدقات کا خیال رکھیں۔

یہ نقش اس حرف کی منزل کے ستارہ کی متعلقہ دھات پر لکھا جائے گا۔ میں نے مثالی نقش اس لئے نہیں دیا تا کہ ہر کس و ناکس ناحق کسی کو تنگ نہ کرے۔ عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہے۔ یہ ایسا راز میں نے ظاہر کر دیا ہے کہ جو شائد کوئی عامل نہیں بتائے گا۔

اس حرف کی دعا حسب ذیل ہے۔ آپ اس دعا کو اگر 111 بار پڑھ کر دعا کریں گے تو جس سائل کا کام آپ نے کیا ہے اللہ تعالیٰ اسے پورا کرے گا۔ شرط جائز و ناجائز لازمی ہے۔

دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ قَامَتْ بِہِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ یَا اَوَّلُ یَا آخِرُ یَا اَزَلِیُّ یَا اَبَدِیُّ الْاَبَدُ یَا آمَانُ اَسْئَلُکَ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ فِیْ حَرْفِ الْاَلِفِ مِنَ

الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَتِہِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِکَتِکَ الْکِرَامِ خُدَّامُ ھٰذِہِ الْحَرْفِ لِشَّرِیْفِ لِشَکْلِ النُّوْرَانِیْ بِالطَّاعَتِہِ فِیْمَا اَمَرْھُمْ بِہٖ مَمَالِکَ فِیْہِ رَضًا وَّاَنْزِلْ عَلٰی مَلَائِکَتِہِ مِنْ مَلَائِکَتِکَ الْمُطِیْعِیْنَ وَالرُّوْحَانِیَّتِہِ الْمَرْضِیْنَ یَتَصَرَّفُوْنَ بَارِکْ فِیْ طَاعَتِیْ وَلَا یَعْصُوْنَ لَکَ اَمْرًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

2 : حرف حا (ح) کے خواص

حرف حا (ح) صامت اور مزاج خاکی رکھتا ہے۔ پیاس اور صفراء دور کرنے میں عجیب پر تاثیر ہے۔ اس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ محبت و تالیف قلوب اور غصہ دور کرنے میں اس کے خواص بڑے پر اثر ہیں۔ جو شخص اس کی شکل اردو کو جو (۸) کے ہندسہ کی طرح ہے اپنی ہتھیلی پر لکھ کر کسی پاک برتن میں پانی سے دھو کر پیئے تو پیاس کو تسکین ہو۔ جس شخص کو گرمی کا مرض ہو وہ تین روز متواتر یہ عمل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دے گا۔ جو اس کی شکل مخصوص یعنی (ح) کو تیندوے کی کھال پر لکھ کر جلا کر اور پیس کر سرمہ بنا کر اس پر عزیمت درج ذیل 64 بار 8 یوم تک پڑھے پھر اس راکھ کو سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائے تو ارواح کو بے حجاب دیکھ سکتا ہے اور ان سے ہمکلام ہو سکتا ہے۔

عزیمت جو اس راکھ پر پڑھنا ہے وہ یہ ہے۔

اَجِبْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا حَیُّ یَا حَکِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَا حَسِیْبُ یَا حَنَّانُ یَا حَقُّ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ تُسَخِّرَلِیْ اَرْوَاحِ کُلِّ مَخْلُوْقَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

اگر اس حرف کے اعداد کو مربع 8 x 8 میں بنا کر چاندی یا رانگہ کی لوح پر

منقش کریں جب کہ مشتری شرف میں ہو اور قمر نحوست سے پاک ہو اور اسے اپنے پاس رکھے تو رزق کشادہ ہو گا۔ لوگ اس سے محبت کریں گے۔ اگر اس تختی کو اس شخص کے سر پر باندھے جس کے سر میں صفراوی درد ہے تو فوراً آرام ہو۔ لڑائی جھگڑے بند کرنے میں بھی اس حرف کی عجیب تاثیر ہے۔

اگر اس کے مثمن کو ایک دستہ فوج اپنے جھنڈے پر لگائے تو مقابل کی فوج کا ان پر غصہ دور ہو جائے۔ مزید براں یہ حرف (حا) حلقی میں ہے اور اسرار حیات اس کے اندر پوشیدہ ہیں۔ اعداد رقمی اس کے 8 ہیں۔ اسے کرسی سے پہلے درجہ میں نسبت حاصل ہے۔ بیماریوں سے شفاء اس کے خواص ہیں۔ اس حرف کو مریض کے نام کے ساتھ مع اسمائے حائیہ مثل حی وغیرہ کسی برتن میں لکھ کر قدرے شہد سے حل کر کے پلائیں تو انشاء اللہ چند یوم میں مریض تندرست ہو جائے گا۔

سخت گرمی میں اسمائے حائیہ پڑھے تو گرمی اس کو تکلیف نہ دے گی۔ چاہے کتنا ہی سفر کرے اور پیاس بھی معلوم نہ ہو گی۔ صاحبان حال جو اس حرف کی تاثیر سے واقف ہیں۔ آگ میں کود پڑتے ہیں اور ان کو کچھ ضرر نہیں ہوتا بلکہ آگ ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ شہوت کو باطل کرنا بھی اس حرف کی خاصیت ہے۔ اگر اس حرف کو انگوٹھی میں مع اسم موکل کندہ کر کے پہن لیں تو بہت نفع ہوتا ہے۔

یہ اسم جب کسی اسم سریانی یا عربی کے شروع میں آتا ہے تو وہ اسم بھی مندرجہ بالا فائدے دیتا ہے اور اگر اسم کے درمیان میں آتا ہے تو عوامل پر زیادہ اثر کرتا ہے۔ اس حرف کی خلوت بہت جلیل ہے۔ ہر نماز کے بعد یہ دعوت 18 مرتبہ پڑھو تو ایک روشن نور سامنے آئے گا اور تم سے مخاطب ہو کر عہد کرے گا اور جب تم کہو گے **اَجِبْ یَا خَادِمُ حَرْفِ الْحَاءِ وَفْعَلْ** کام کا نام لیں تو فوراً حاضر ہو گا۔ اگر تم کو اس کے موکل جس کا نام **طَفْیَائِیْلُ** کا تابع کرنا مقصود ہو تو خلوت میں بیٹھ کر درج ذیل عزیمت مع دعائے دعوت 313 بار روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھیں یا ایک ہی نشست میں 1565 بار جو ایک دن کی تعداد ہے پڑھیں۔ اس تعداد میں کمی بیشی نہیں

ہونی چاہیے۔ 7 یوم کا یہ عمل ہے اور 7 یوم میں آپ نے 10,955 بار اس دعوت و کو غسل کے بعد باوضو پڑھنا ہے۔ اگر ہر نماز کے بعد پڑھنا ہے تو ہر بار غسل کی ضرورت نہیں صرف ہر دن ایک دفعہ غسل لازمی ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی کا خیال رکھیں۔ جھوٹ، غیبت، چغلی، دھوکہ بازی وغیرہ جیسے برے اعمال سے توبہ کر کے پڑھیں۔

دعوت درج ذیل ہے جو آپ نے پڑھنا ہے۔

یَا حَرْفِ الْحَاءِ اِلَّا مَا اَجَبْتَ وَاَجْلَبْتَ لِیْ الْمَلَکُ طَفْیَائِیْلُ

جب یہ تعداد پوری کریں گے تو پھر اس کا موکل آپ کے تمام جائز کام جو شرع کے خلاف نہیں ہوں گے سرانجام دے گا۔ دعوت کے دوران بخورات لوبان، عود اور حلتیت جلانا ہے اور دعوت کے بعد یہ دعا 3 بار پڑھنا ہے۔ تھوڑی شرینی بھی رکھ لیا کریں جو بعد دعا تھوڑی خود کھا لیا کریں اور باقی بچوں میں بانٹ دیا کریں۔

دعا درج ذیل ہے جو دعوت کے بعد پڑھنا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ الْحَلِیْمِ عَلٰی مَنْ عَصَاہُ اَللّٰھُمَّ یَا حَلِیْمُ حَالِیْ سَقِیْمٌ وَ اَنْتَ بِہٖ عَلِیْمٌ اَسْئَلُکَ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ مُوْسٰی الْکَلِیْمِ خُذْ بِیَدِیْ وَ نَصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ وَ صَرِّفْنِیْ فِیْ قَضَاءِ الْحَاجَاتِ وَجَعَلْنِیْ مُسْتَرْشِدًا بِاَمْرِکَ وَمُسْتَعْفِفْنِیْ بِالْقَوْلِ وَالْعَجَلِ فِیْ ھٰذِہِ السِّرِّ حَتّٰی اَصْرِفُہٗ اِرِیْدُ ھَیَا یَا حَا بِالْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

چونکہ یہ کتاب حروف صوامت کے اعمال و نقوش پر مشتمل ہے اس لئے یہاں یہ بتا دوں کہ اگر عامل جب چاند اس منزل میں آئے تو اس منزل کے اعداد جو 755 ہیں ان میں سائل مع والدہ کے اعداد کو شامل کر کے نقش مثلث بنا کر حب اور اعمال خیر

کر لئے منسوبی چال سے لکھ کر دے گا تو فوراً اثر ہو گا۔ نقش آبی چال سے لکھا جائے گا کیونکہ اس منزل کے حرف کا تعلق آبی برج سرطان سے ہے جو اس حرف کی منزل ہے۔

نقش بنانے سے پہلے حسب قاعدہ منزل، نام سائل مع والدہ کے حروف کو الگ الگ لکھ کر حروف صوامت میں امتزاج دے کر ثلاثی، رباعی یا خماسی کلمات بنالیں اور انہیں نقش یا لوح کے چاروں طرف لکھ دیں۔

میں نے مثالی نقوش اس لئے کم دیئے ہیں کہ یہ کتاب مخصوص طور پر عامل حضرات کے لئے مرتب کی گئی ہے جو فلسفہ نقوش و اعداد سے آگاہ ہوتے ہیں۔ لیکن پھر بھی اگر کوئی مسئلہ حل طلب ہو تو ادارہ راہنمائی کے لئے حاضر ہے۔

3 : حرف دال (د) کے خواص

حرف دال ناطق ہے جو علم و برکت پر دلالت کرتا ہے۔ ستارہ عطارد سے نسبت رکھتا ہے۔ اس کا مزاج سرد تر ہے۔ عطارد میں جتنی حرکات ہیں وہ سب حرف دال میں موجود ہیں۔ اس حرف کے بے شمار خواص ہیں۔ گرمی کے ورم پر اگر چار مرتبہ حرف (د) لکھ دیں تو ورم ختم ہو جائے گا۔ اسی طرح آگ سے جلے ہوئے کی تکلیف بھی رفع ہو جاتی ہے اور زخم وغیرہ بھی نہیں پڑتے۔ اگر حرف دال کے ملفوظی اعداد جو 35 بنتے ہیں مربع میں لکھ کر اس کے باہر کونے پر حرف دال لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو آنتوں کی سوزش اور درد سے محفوظ رہیں گے۔ مگر اس نقش کو اگر سنگ یشب پر لکھیں گے تو زیادہ پراثر ہو گا۔ اسی طرح پارہ اور چاندی کی مکس لوح پر عطارد کی ساعت میں یا شرف عطارد میں یہ مربع لکھ کر روزانہ 4 بار اس کو دیکھا کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ حرف دال کے اسرار مجھ پر منکشف ہوں تو اسے اسرار حرف دال اور علم و حکمت حاصل ہو گا۔

اس حرف میں اللہ نے چاروں طبائع کو مکمل کیا ہے۔ اسماء دال کے ساتھ (یعنی اللہ تعالیٰ کے وہ نام جو اس حرف سے شروع ہوتے ہیں) ان سے نقش و لوح حروف صوامت کے قواعد کے تحت بنا کر عامل ہر طرح کے کام کر سکتا ہے۔ حرف دال میں دیمومتہ اور بقاء کے اسرار ہیں اگر کوئی کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہے تو اس حرف (د) کو لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی پر اسماء دالیہ پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی مطلوب کو پلا دے تو یہ عمل مقناطیس کا کام کرے گا۔ اگر حرف دال کو 36 بار لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے اسے رکھیں تو اس انگوٹھی کو پہننے والا صاحب نعمت ہوتا ہے۔

عجائبات الٰہی کا دیدار

اگر حرف دال (د) کو 26 مرتبہ لکھ کر آیت مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ سے آخر تک ایک سفید ریشمی کپڑے پر مع اسم مؤکل لکھ کر اپنے پاس

رکھیں تو ایسے ایسے عجائبات کا مشاہدہ ہو گا کہ عقل حیران رہ جائے گی۔ کیونکہ اس حرف کے عجائبات کی انتہاء نہیں۔ حرف دال (د) کی ریاضت بہت بڑی ہے اس کا مؤکل دَردَائِیلؑ ہے۔ اگر اس حرف کے مؤکل سے دوستی کرنا منظور ہو تاکہ وہ ہر جائز کام میں اللہ کے حکم سے راہنمائی و استعانت کرے تو 28 دن باپرہیز چلہ کرو اور بعد نماز دعوت جو آگے دی جا رہی ہے 28 بار پڑھتے رہو تو مؤکل تعمیل حکم کرے گا۔

نقش مربع حرف دال درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۲
۳	۱۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۶

دعوت سے پہلے ہم نے نقش لکھ دیا ہے تاکہ آپ کو آسانی رہے۔ اس حرف کی دعوت درج ذیل ہے جو 28 بار ہر نماز کے بعد 28 دن تک پڑھی جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

دَعوتُ رَبًّا عَظِیمًا یَرَی السِّرَ وَالبُرھَانَ یَا دَیَّانُ یَا دَائِمُ یَومَ الدِّیْنِ آدِمْ عَلٰی لُطْفِکَ وَلَطِیفُ مُنعِکَ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلِکُ دَرْدَائِیلُ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سَخِّرْلِی خُدَّامُ حَرفِ الدَّالِ بِدَالِ الدَّوَامِ وَبِدَوَامِکَ بِتَصْرِیفِ اَمْرِیْ وَبِتَوفِیقِکَ عَلٰی اَنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔

بخور اس حرف کا دار فلفل اور قصب الزریرہ ہے۔ منزل قمری اس حرف کی دبران ہے۔ عامل جب بھی نقش یا لوح بنائے اس منزل کے اعداد جو 257 ہیں نام سائل مع والدہ کے اعداد میں جمع کر کے بنائے اور ان تینوں ناموں کو یعنی منزل قمری، نام سائل

مع والدہ سائل کو بسط حرفی کر کے حروف صوامت میں امتزاج دے کر جو کلمات بنیں ان کو نقش یا لوح کے چاروں طرف لکھیں۔ کلمے بنانے اور امتزاج کا طریقہ پہلے لکھا جا چکا ہے۔

یہ یاد رہے کہ چونکہ ہم ایک ایک حرف کے خواص دے رہے ہیں اس لئے نقش ہمیشہ مثلث ہی بنے گا البتہ جیسے دوسری جگہ تفصیل سے بتایا جا چکا ہے کہ عمل خیر کے لئے منسوبی چال استعمال ہو گی اور بندش و عمل شر کے لئے مقلوبی چال۔ آپ قواعد و ضوابط حروف صوامت چال اور عناصر کا لحاظ رکھ کر اگر کام کریں گے تو کامیابی یقینی ہے۔ بخورات، صدقات اور ساعت جس میں آپ کام کر رہے ہیں ضرور خیال رکھیں۔

4 : خواص حرف را (ر)

یہ حرف را (ر) مزاج کے لحاظ سے آبی سرد و تر اور صامت ہے۔ اس میں رطوبت اور برودت زیادہ ہے۔ جن کلمات میں یہ حرف آتا ہے ان کے مکرر کہنے اور بولنے سے ٹھنڈک کی بیماریاں زیادہ ہوتی ہیں۔ خواص اس حرف کے بے شمار ہیں۔ یہاں ہم چند کا تذکرہ کریں گے۔

رانگہ (سیسہ) کی لوح پر مشتری کے شرف میں عامل اس کو لکھے نقش پاکیزہ تختی (لوح) پر لکھے پھر اس کو سخت گرمی کے وقت زبان کے نیچے رکھے تو پیاس جاتی رہے گی۔ اسی لوح کو اگر رات کو پانی میں رکھے اور صبح نہار منہ تین گھونٹ اس پانی کے پیئے تب بھی پیاس دور ہو گی۔

اگر چمگادڑ کی کھال پر حرف را (ر) لکھ کر کوئی شخص اس کھال کو اپنے پاس رکھے تو جب تک یہ کھال اس کے پاس رہے گی نیند نہ آئے گی۔ جودس ج ب مع را اردو ہینگ کے پانی سے جیل کے دروازے پر مع اس قیدی کے نام کے جس کا جیل سے رہا کرانا منظور ہے لکھے تو وہ شخص بہت جلد قید خانہ سے رہا ہو گا۔

حرف را (ر) کے اسماء جن کے ذریعے دعا کی جاتی ہے درج ذیل ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَزَّاقُ یَا رَفِیْعُ یَا رَقِیْبُ یَا رَشِیْدُ یَا رَؤُفُ یَا رَبُّ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفِ الرَّاءِ مِنَ الاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اَنْ تَسَخِّرْلِیْ خُدَّامُ ھٰذَاالْحَرْفِ الشَّرِیْفِ فِیْمَا اَمُرُھُمْ بِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

اس دعا کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ اگر کوئی شخص روزانہ اس دعا کو 200 بار وقت مقرر کر کے پڑھے تو اس حرف کے مؤکل عامل سے مانوس ہو کر اسی ورد سے اس کے تمام کام سرانجام دیں گے اور اس دعا کو پڑھنے والا ہر محفل میں سرخرو رہے گا۔ اسے یہ طاقت حاصل ہو جائے گی کہ وہ جس کے حق میں اس دعا کو پڑھ کر دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی تمام پریشانیاں دور فرمائیں گے۔ تمام جائز امور کے لئے یہ دعا اکسیر اعظم ہے۔

چونکہ یہ حرف حروف صوامت سے ہے اس لئے اگر عامل یہ سمجھے کہ فلاں شخص سے خلق خدا کو نقصان پہنچ رہا ہے تو وہ اس دعا کے ذریعے اس کی ہر قسم کی بندش بھی کر سکتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ اس دعا سے ناجائز کام نہ لے ورنہ نتائج کا خود ذمہ دار ہو گا۔ میں نے اس دعا کے مفید و غیر مفید دونوں پہلو واضح کر دیئے ہیں۔ اب آپ کی صوابدید پر ہے کہ اس سے کیا کام لیتے ہیں۔ اس حرف کا تعلق برج قوس، ستارہ مشتری اور قمر کی منزل نعائم سے ہے۔ آپ اس منزل میں جب قمر آئے نقش و لوح تیار کریں اور عمل پڑھیں۔ کامیابی یقینی ہے۔

منزل کے اعداد 161 ہیں۔ ان اعداد میں ان اسماء الٰہی سے جو حرف را (ر) سے شروع ہوتے ہیں۔ مقصد کے مطابق اسم لے کر نام سائل مع والدہ کے اعداد جمع کر کے نقش یا لوح بنائیں لیکن ان سب ناموں کے پہلے بسط حرفی کر کے حروف صوامت میں امتزاج دے کر کلمات بنالیں اور وہ کلمات نقش یا لوح کے چاروں طرف لکھیں۔ کلمات ثلاثی، رباعی یا خماسی بنیں گے۔ یعنی تین تین حروف، چار چار حروف یا پانچ پانچ حروف کے کلمے ہوں گے۔ امتزاج دیتے وقت یہ خیال رہے کہ پہلے حرف حروف صوامت سے لینا

ہے اور بعد میں دوسرا حرف۔ اس طرح اگر حروف صوامت ختم ہو جائیں تو دوبارہ شروع سے لینا شروع کر دیں تا وقتیکہ سب حروف صوامت میں ممتزج نہیں ہو جاتے۔ پھر کلمات بنالیں۔

عامل حضرات بخورات، صدقات اور دیگر لوازمات کا خیال رکھ کر اگر کام کریں گے تو سو فیصد کامیابی یقینی ہے۔ لیکن آج کل جیسا ہو رہا ہے کہ باتیں اور جھوٹ زیادہ بولا جاتا ہے اور عمل کم۔ اس لئے لوگ عامل کا نام سنتے ہی بدک جاتے ہیں۔ آپ ہر کام محنت سے کریں۔ کیونکہ عامل اپنے سائل کی اللہ کے ہاں وکالت کر رہا ہوتا ہے اور اگر کوئی وکیل بغیر تیاری کے مقدمہ لڑے گا تو کامیابی کے امکانات کم ہیں۔ یہی حالت عامل کی ہے۔ کیونکہ عامل اور کامل میں جو فرق ہے وہ یہ ہے کہ کامل کی نظر کام کرتی ہے اور عامل کا عمل۔ اگر عامل کا عمل ہی صحیح نہیں تو کامیابی کہاں سے ہو گی؟

دنیا اس وقت سفلی عملیات کے پیچھے پڑی ہوئی ہے مگر انہیں یہ معلوم نہیں کہ علویات سفلیات کو کنٹرول کرتے ہیں۔ بغیر علویات کے سفلیات کی کامیابی مشکوک ہے۔ لوگوں نے عوام کو گمراہ کرنے کے لئے ایسے ادارے قائم کر رکھے ہیں جن کا نام وہ روحانیت کی ترقی کے لئے استعمال کرتے ہیں مگر جب ان کی کسی مطبوعہ کتب کا مطالعہ کریں تو پتہ چلتا ہے کہ وہ روحانیت کے پردہ میں شیطانیت پھیلا رہے ہیں۔ میرا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں بلکہ ہر عامل کو یہ سوچ کر کام کرنا چاہیئے کہ اس زندگی کے بعد آنے والی زندگی جو ابدی ہے۔ ان تمام باتوں کا حساب دینا ہو گا۔ اس لئے میری تمام عامل حضرات سے گذارش ہے کہ وہ استمداد من اللہ سے کام لیں۔ غیر اللہ سے کام لے کر اپنی عاقبت خراب نہ کریں اور شرک کے مرتکب نہ ہوں۔ کیونکہ اللہ کے ہاں مشرک کی بخشش نہیں۔ ہاں وہ سفلی عملیات جو خلق خدا کے مفاد میں ہوں اور ان کے اندر شرک نہ ہو وہ کر سکتے ہیں۔

بزرگان دین میں بہت سے بزرگوں نے شفائے امراض کے سلسلہ میں ایسے عملیات سے کام لیا ہے مگر اول ان کے الفاظ و معانی پر غور کیا جب انہیں یقین ہو گیا کہ

ان عملیات میں صرف زبان کا فرق ہے اور کوئی بات غیر شرعی نہیں تو وہ ایسے عملیات کو کام میں لائے۔ اس لئے آپ ایسے منتر جنتر جن کی زبان ہی آپ نہیں سمجھتے کام مت لیں۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اس کے اندر شرک ہو۔

5: خواص حرف سین (س)

یہ حرف ناطق اور مزاجاً گرم تر اور خاکی و بادی و آبی رطوبت معتدل ہے۔ اس کے مربع حرفی کو درد زہ والی عورت دیکھے تو بچہ فوراً پیدا ہو اگر اس کے مثلث کو تانبے کے برتن میں لکھ کر سادہ تازہ پانی اور زیتون کے تیل میں ملا کر دھو کر اس کو پلائے جسے زہریلے جانور نے کاٹا ہو تو فوراً آرام ہو جائے۔

حل المشکلات و کشادگی رزق

جو شخص اس حرف کے مرکب حرفی کے اعداد کو نقش 9x9 میں جمعہ کے دن پہلی ساعت میں بلور کے نگینہ پر منقش کر کے انگوٹھی میں لگا کر پہنے تو رزق کشادہ ہو اور اس کی ہر مشکل آسان ہو اور ہر برائی سے محفوظ رہے اور کبھی خالی ہاتھ نہ رہے۔ اگر شکل عربی اس حرف کی مٹی کی لوح پر کندہ کر کے جس مکان میں لٹکائے تو اس مکان میں کبھی نہ آئے۔ جو شخص شکل اردو اس حرف کی آئینہ میں دائرہ میں لکھے اور لقوے والا اسے دیکھے تو جلد صحت یاب ہو جاتا ہے۔ اس کی شکل اردو یہ ہے۔

س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س

دعا حرف سین (س) یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا سَلَامُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ السِّیْنِ مِنَ الْاِسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ لَکَ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِکَتِکَ الْکِرَامِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

اس دعا کے اسماء یَا سَلَامُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ کو ان تینوں اسموں کے مجموعہ اعداد کے مطابق یعنی 651 بار روزانہ ایک ہفتہ تک جس مقصد کے لئے پڑھے گا وہ پورا ہو گا۔ ان اعداد میں اگر سائل کے نام مع والدہ کے اعداد کو شامل کر کے نقش مثلث بنا کر بادی چال سے لکھ کر پاس رکھے گا تو حامل نقش کو فتوحات غیبی حاصل ہوں گی اور کشائش رزق ہو گی۔ چونکہ یہ حرف حروف صوامت سے ہے اس لئے ایسا ہی نقش بندش کے لئے بھی بنایا جا سکتا ہے مگر اسے خاکی چال سے لکھا جائے اور مقصد بندش مع ان ناموں کے جن کی بندش مقصود ہے وہ بھی لکھی جائے۔ ان دونوں طرح کے نقوش کے لئے ساعت کا خیال رکھ کر نقش لکھا جائے اور بخور و صدقہ بھی متعلقہ ستارہ کا اہتمام کیا جائے تو انشاء اللہ تمام کام حسب منشاء عامل سرانجام پائیں گے۔

ہم نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے پھر بھی اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ادارہ راہنمائی کے لئے حاضر ہے۔

اس حرف کا تعلق برج میزان، ستارہ زہرہ اور منزل قمری غفرہ سے ہے۔ جب قمر اس منزل میں آتا ہے تو عامل منزل کے اعداد جو 1285 ہیں لے کر نام سائل مع والدہ کے اعداد اور اس اسم کے اعداد جو اس حرف سے شروع ہوتا ہو ان سب کو جمع کر کے حسب قواعد نقش مثلث بنا کر دونوں کام لے سکتا ہے لیکن ساتھ ہی ان اسماء کے حروف کا بسط حرفی لے کر حروف صوامت میں امتزاج دے کر کلمات ضرور بنا لے اور نقش کے چاروں طرف لکھے اور نیچے مقصد لکھے اور عناصر کے لحاظ سے کام میں لائے۔ بہت جلد کام ہو گا۔ صرف خیال رہے کہ اعمال خیر کے لئے منسوبی چال استعمال کریں اور بندش و اعمال شر کے لئے مقلوبی چال۔

مئوکل باطنی اس حرف کا ھمواکیل ہے اور ظاہری سائیل ہے۔ سفلی مئوکل لغیوش سیوش ہیں۔ ان کو بھی نقش کے چاروں کونوں پر لکھیں اور ان کو کام کرنے کا حکم دیں انشاء اللہ جلد کام پایہ تکمیل کو پہنچے گا۔

6: حرف الصاد (ص) کے خواص

حرف صاد ناطق اور مزاجاً خشک ہے مگر سردی خشکی پر غالب ہے۔ جو شخص حرف صاد کو جمعہ کے دن ہرن کی جھلی پر 14 بار روشنائی سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور شکار کو جائے تو شکار اس کے ہاتھ بہت آئے۔ اگر مربع میں اس کے اعداد سیسہ کی تختی پر نقش کرے اور اس تختی کی دوسری جانب مچھلی کی صورت بنا کر اس کے اطراف 10 بار حرف صاد اردو لکھے اور اس تختی کو ڈور سے باندھ کر نہر، دریا یا سمندر میں ڈالے تو چاروں طرف سے مچھلیاں جال کے اندر آتی ہیں۔

حرف صاد کا ایک طلسم نہایت عظیم النفع ہے جو شخص حرف صاد کے عدد ہجا کو مربع کی صورت میں 95 بار لکھے یعنی 90 (ص) 1 (ا) 4 (د) کل 95۔ پھر اس مربع کے گرد دائرہ بنائے اور اس کے باہر صاد عربی لکھے اور اپنے پاس رکھے تو سفر و حضر میں چور اور جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

شکل مربع درج ذیل ہے۔

ص	ص	ص	ص
ص	ص	ص	ص
ص	ص	ص	ص
ص	ص	ص	ص

دعا حرف صاد (ص) درج ذیل ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا صَادِقُ یَا صَبُوْرُ یَا صَاحِبُ

كُلِّ غَرِيْبٍ اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفِ الصَّادِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرْلِیْ خُدَّامَ هٰذَا لِحَرْفِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ

اس دعا کے تینوں اسماء یَا صَادِقُ یَا صَبُوْرُ یَا صَاحِبُ کے مجموعہ اعداد کو جو 594 ہیں لے کر ان اعداد میں سائل کے نام مع والدہ کے اعداد شامل کر کے نقش مثلث بنا کر پاس رکھنے کو دیں اور ان اسماء کو 594 بار روزانہ کے حساب سے 14 یوم تک پڑھنے کو دیں تو تمام کام غیب سے سرانجام پائیں گے۔ لیکن اگر فتوحات کے لئے نقش بنانا ہے تو بادی چال سے لکھیں اور بندش کے لئے خاکی چال سے۔ چونکہ یہ کتاب عامل حضرات کے لئے ہے اس لئے مثالی نقش کم دیئے جا رہے ہیں تاکہ عاملین خود اعداد لے کر نقش بنائیں اور عناصر کے لحاظ سے ترکیب استعمال بھی بتائیں۔

یادداشت کے لئے عرض کر دوں کہ۔

آتشی چال کے نقوش کو گرمی پہنچائی جاتی ہے۔

بادی چال سے جو نقش لکھا جائے گا اسے ہوا میں لٹکاتے ہیں۔

آبی چال کے نقوش سمندر، نہر یا دریا یا کنویں میں ڈالے جاتے ہیں۔

خاکی چال کے نقش قبرستان یا پاک جگہ میں دفن کئے جاتے ہیں۔

عامل حضرات جس کو بھی نقش دیں وہ اسے اچھی طرح طریق استعمال بھی سمجھا دیں تاکہ سائل کو کسی قسم کی دقت نہ ہو۔ اس حرف کا تعلق برج عقرب، ستارہ مریخ اور منزل قمری قلب سے ہے۔ مئوکل باطنی اس حرف کا اجمائیل ہے اور ظاہر مئوکل صائیل ہے۔ سفلی مئوکلات یعنی جنات فلایوش میوش ہیں۔

چاند جب اس منزل میں آئے اور یہ ہر ماہ آتا ہے آپ جنتری سے دیکھ سکتے ہیں۔ اس وقت اس منزل کے اعداد جو 132 ہیں لے کر ان اعداد میں نام سائل مع والدہ اور اعداد متعلقہ اسم مقصد کے مطابق جو اس حرف سے شروع ہوتا ہے ان سب اعداد کو جمع کر کے نقش مثلث بنائیں اور نقش کے چاروں طرف وہ کلمات جو آپ ان ناموں کے

بسط حرفی کو حروف صوامت میں امتزاج دینے کے بعد بنائے ہیں لکھیں۔ آپ اس منزل میں دونوں طرح کے اعمال و نقوش مرتب کر سکتے ہیں۔ بندش کے نقوش میں لفظ بستم لکھ کر آگے مقصد ضرور لکھیں۔ بخورات، صدقات اور چال کا لحاظ رکھیں تو بہت جلد کام ہو گا۔

7: حرف طا (ط) کے خواص

حرف طا صامت و مذکر و آتشی و گرم خشک ہے۔ جس میں حرارت و خشکی بے حد ہے۔ خاصیت اس کی قتل و غارت اور ظالموں کی ہلاکت ہے۔ جو شخص طا (ط) کی شکل سرخ تانبے پر منگل کے دن پہلی ساعت میں کندہ کرے اور اس کی دوسری طرف مریخ کی شکل بنا کر کنویں میں ڈالے تو اس کا پانی خشک ہو جائے۔

شکل عددی اس کی یہ ہے۔

99
99 9 99
99 9 9 99
99
99 9 9 99
99 9 99

اگر کسی ظالم فاسق شخص کو سزا دینا مقصود ہو تو ایک مخمس میں اس کی تصویر بنائیں اور دل کی جگہ حرف طا (ط) لکھیں پھر ایک فولادی چھری جس کا قبضہ بھی فولادی ہو اس پر ایک سطر میں 6 مرتبہ حرف طاء (ط) لکھیں اور منگل کے دن مریخ کی ساعت میں اس چھری کو حرف طاء پر جو کاغذ پر دل کی جگہ لکھا ہے گاڑ دو تو وہ شخص اپنے کئے کی سزا پائے گا۔

اشتقاق حرف طاء کا اسم طاہر سے ہے۔ یہ حرف طاء بغیر نقطہ والی دو حرارتوں کا مجموعہ ہے اس حرف طاء کا عمل دخل عالم علوی اور عالم سفلی دونوں میں ہے اور یہ حرف تمام عالم میں پرواز کرتا ہے۔ جب اس حرف کو 9 بار اور حرف ھ کو 5 بار کسی لوح پر جب قمر اس کی منزل میں ہو مع مؤکل لکھیں اور اس کو اپنے پاس رکھیں تو تمام عالم اس کے خوف سے کانپے گا۔

اگر درد سر والے کو باندھ دیں تو اس کو آرام ہو اور اس حرف کو اسی ترتیب سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو کوئی موذی جانور اس کے قریب نہ آئے گا۔ اس حرف کے عدد رقمی 9 ملفوظی 10 اور عربی عدد رقمی 535 ہیں۔ اگر اس حرف کے عدد کو 9x9 کے نقش میں ہرن کی جھلی پر چاند کی پہلی تاریخ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو سفر میں جتنا جی چاہے چلے تھکان نہ ہو گی۔ اس حرف کو ایک مربع میں لکھ کر کسی مکان میں یا دوکان میں لٹکائیں تو اس میں برکت ہو گی اور اگر اسی مربع کو کوئی شخص پاس رکھے تو بدخوابی سے محفوظ رہے۔

ایک قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جس حرف یا اسم کے عدد مفرد ہوں وہ عوالم قبض میں تصرف کرتا ہے اور جس کے زوج ہوں وہ عوالم بسط میں عمل دخل کرتا ہے۔ یہ وہ راز ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء پر ظاہر کیا ہے۔ اور حرف طاء کے نقش کی تاثیر یہ ہے کہ اگر اس شخص کو جب نقش اس کے پاس ہو آگ میں بھی ڈالیں تو اسے کوئی نقصان نہیں دے گی۔ اور اس حرف کے نقش کے حامل کا ذہن تیز ہو گا۔ مگر اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ روزانہ 18 بار اس حرف کو پڑھ کر دم کر کے پانی پیا کرے۔

اس حرف کی خلوت 14 دن ہے۔ ہر نماز کے بعد 9 بار دعوت پڑھنا چاہیئے۔ مؤکل کا نام جو خاص ترکیب سے بنایا گیا ہے اس کا نام عطیائیل ہے۔ اس حرف کی دعوت سے آسیب و جنات وغیرہ بھاگ جاتے ہیں۔ دعوت اس حرف کی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
طَلَبْتُ مِنَ اللّٰهِ عَلٰى مَطْلُوْبِىْ بِحَقِّ يَا طَاهِرُ يَا

اَللّٰهُ يَارَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

اس دعوت کو ہر نماز کے بعد 9 یوم تک 81 بار روزانہ پڑھیں تو اس دعوت و دعا کی برکت سے تمام کام سرانجام پائیں گے۔ چونکہ اس حرف کا تعلق دو بروج اور دو ستاروں سے ہے یعنی سرطان اور اسد، قمر اور شمس سے منزل قمری اس حرف کی طرف ہے اس لئے چاند جب اس منزل میں آئے تو عامل حسب قاعدہ اس منزل کے اعداد جو 294 ہیں۔ باقی ناموں کے اعداد یعنی نام سائل مع والدہ اور اسم اللہ جو اس حرف سے شروع ہوتا ہے۔ سب کو جمع کر کے نقش مثلث بنائے اور نقش کے چاروں طرف ان ناموں کے حروف کو بسط کر کے حروف صوامت میں امتزاج دے کر جو کلمات بنائے ہیں وہ بھی لکھیں۔ اس نقش کو اعمال خیر و شر دونوں میں استعمال کر سکتے ہیں۔ صرف اگر بندش کے لئے بنایا ہے تو لفظ بستم لکھنا ضروری ہے اور نیچے مقصد بھی لکھیں۔

8: حرف عین (ع) کے خواص

حرف عین (ع) ناطق اور مزاجاً سرد ہے یہ اکثر علوم اور حکمتوں کا سرچشمہ ہے۔

اس حرف کو عربی شکل میں 18 بار بدھ کے دن پہلی ساعت میں کاغذ پر لکھو اور اس کے چاروں طرف وہ اسماء الٰہی لکھو جو اس حرف سے شروع ہوتے ہیں اور دن بھر میں 4 بار اس کو دیکھو تو اللہ تعالیٰ علم و حکمت عنایت کرے گا۔ اور جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے تو حکمت کی نہریں دل سے زبان پر جاری ہوں اور عجیب علم و حکمت کے ساتھ گویا ہو۔

حرف عین (ع) سے شروع ہونے والے اسماء یہ ہیں۔ یہ 4 اسم ہیں۔

يَا عَلِيْمُ يَا عَالِمُ يَا عَادِلُ يَا عَدْلُ

جو عورت صرف (ع) کے اعداد کو مربع میں پر کر کے اس کے اطراف 70 عین (ع) سفید ریشم پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر اور عود ہندی کی دھونی دے کر اس کو اپنے پاس رکھیں تو ایسا حسن و جمال حاصل ہو گا کہ سب لوگ اس پر فریفتہ ہوں گے۔

اس حرف کی شکل عربی اور اردو ایک جیسی ہے اور صورت یہ ہے۔

ع ع ع ع ع ع ع

ع ع ع ع غ ع ع

اس حرف کے اسماء سے اگر دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ جلد قبول کرتا ہے۔ اس حرف کے خواص اتنے زیادہ ہیں کہ پورے احاطہ تحریر میں لانا ممکن نہیں ان اسماء میں اللہ تعالیٰ نے پوری کائنات کے رازوں کو بند کر دیا ہے اور سوائے اہل کے وہ کسی پر منکشف نہیں کرتا۔ اس حرف کا تعلق برج میزان، ستارہ زہرہ سے اور منزل قمری اس حرف کی زبانا ہے۔ مؤکل باطنی لومائیل اور ظاہری عائیل ہے۔ سفلی مؤکلات قشیوش عیوش ہیں۔ اس منزل میں جب چاند آئے تو گذشتہ حروف کے تحت جو قواعد لکھے ہیں ان کو استعمال کر کے نقش بنا کر استعمال کرائیں۔ کامیابی ہو گی۔ بخورات، صدقات اور چال کا خیال رکھ کر نقش لکھیں اور کام میں لائیں۔

ایک نقش اس منزل کے متعلق دے رہا ہوں۔ عدد منزل زبانا 61 ہیں، عدد حرف منزل (ع) 70 ہیں، اسم اللہ يَا عَلِيْمُ 150 ہیں۔ کل اعداد 281 بنے۔ ان میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے تو باقی 269 بچے۔ ان کو 3 پر تقسیم کیا تو 89 حاصل قسمت ہوا اور 2 کسر آیا اس لئے خانہ 4 میں ایک کا اضافہ کیا۔

نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۹۵	۸۹	۹۷
۹۶	۹۴	۹۱
۹۰	۹۸	۹۳

آپ اس نقش کو اس منزل میں جب چاند ہو لکھیں اور اس نقش کے روحانی فیض سے فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔ اسم اللہ یا علیم کو جتنا پڑھ سکتے ہیں پڑھیں اور اگر آپ اس اسم کی مداومت کریں گے تو آپ پر عرش عظیم کے راز

منکشف ہوتے رہیں گے۔ مگر شرط یہ ہے کہ آپ ان رازوں کو افشاء نہ کریں۔ ہم نے اس کتاب کو آسان بنانے کے لئے طویل و غیرمانوس الفاظ سے مرتب شدہ اضمار و عزیمت سے اس لئے اجتناب کیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ یعنی پڑھے لکھے اور کم تعلیم یافتہ حضرات بھی ان عملیات کو آسانی سے کر سکیں۔

آج کل جتنے لکھنے والے ہیں اور وہ جن کتابوں سے عملیات لے کر سستی شہرت کے لئے کتابیں یا مضمون چھپوا رہے ہیں وہ ایسے مشکل اور ادق الفاظ کا مجموعہ ہیں جنہیں نہ تو وہ خود سمجھتے ہیں کہ ان الفاظ و جملوں کی عبارت کا کیا مطلب ہے۔ وہ دوسروں کو کیا خاک سمجھائیں گے؟

9: حرف کاف (ک) کے خواص

حرف کاف گرم و تر ہے اور ناطق و سعید ہے۔ اس کو 4 بار کسی برتن میں لکھ کر طحال پر رکھیں تو فوراً کم ہو کر دور ہو جائے گی۔ اگر 21 بار سرخ تانبے پر جب کہ قمر نحوست سے علیحدہ اور مشتری سے متصل ہو جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مخلوقات کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو گی۔ اگر اس حرف کو لکھ کر گھر کی دیوار پر لگائیں تو اس مکان میں خیر و برکت ہو گی اور اس کے رہنے والوں کو رزق فراخ ملے گا۔

شکل اس کی یہ ہے۔

جبرائیلؑ میکائیلؑ

اسرافیلؑ ہا عزرائیلؑ

یہ حرف باطن حکم سے ہے اور اس میں تین الف ہیں۔ جن کاموں میں تم الف سے کام لے سکتے ہو انہی میں کاف سے بھی عمل دخل کر سکتے ہو۔ یہ حرف جب نیلے کپڑے پر مع اسماء مؤکلات لکھا جائے اور انگوٹھی کے نیچے رکھا جائے تو پہننے والے کو قبول عظیم نصیب ہوتا ہے۔ اگر اس حرف کو 8x8 کے نقش میں طحال پر بائیں جانب رکھیں تو ورم طحال دور ہو جائے اور ایسا معلوم ہو گویا ایک شعلہ آتش نے اندر داخل ہو کر سب کچھ جلا دیا ہے۔ جب اس حرف کو مع مؤکل 4 ٹھیکریوں پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کریں تو ہر آفت سے کھیت محفوظ رہے۔

اگر بکری کی کھال پر اس حرف کو لکھ کر وہ شخص جس کا دماغ مالیخولیا وغیرہ سے کمزور ہو گیا ہو پاس رکھے تو اس کو شفاء ہو گی۔ اس کے مؤکل کا نور سبز ہے۔ اس حرف کی دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ یَا کَبِیۡرُ یَا کَافِیۡ یَا کَرِیۡمُ بِمَا اَوۡدَعۡتَہٗ حَرۡفِ الۡکَافِ مِنَ الۡاِسۡرَارِ الۡمَخۡزُوۡنَۃِ وَالۡاَنۡوَارِ الۡمَکۡنُوۡنَۃِ اَنۡ تُسَخِّرَلِیۡ خُدَّامُ ھٰذَا الۡحَرۡفِ فِیۡمَا اَمُرُبِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡئٍ قَدِیۡرٌ

اس حرف کی دعوت کا بخور قصب لرزیرہ، کندر، کافور ہے۔ ذاکر ہر نماز کے بعد اس دعوت کو 28 بار روزانہ کے حساب سے 21 یوم تک پڑھے تو اس پر اس حرف کے مؤکل و اعوان خوش ہو کر اطاعت کریں گے اور ہر کام میں مددگار ثابت ہوں گے۔

آپ اس دعوت کو پڑھتے وقت یہ تصور رکھیں کہ میں دعوت اس لئے پڑھ رہا ہوں کہ اس حرف کے مؤکلات و خدام سے دوستی ہو جائے۔ جب یہ خیال رکھ کر آپ اس دعوت کو پڑھیں گے تو اس حرف کے مؤکلات آپ سے مانوس ہو جائیں گے اور آپ کو رجعت کا خطرہ نہیں رہے گا۔ آج کل لوگ اس لئے کامیاب نہیں ہوتے کہ اول تو انہیں کامل استاد نہیں ملتا جو عمل کی اونچ نیچ سمجھائے۔ کتابوں سے دیکھ دیکھ کر لوگوں کو بے وقوف بنا رہے ہیں کہ ہم اصل عامل ہیں۔ حالانکہ عمل کا ان سے دور کا بھی واسطہ

نہیں ہوتا۔ میرے پاس روزانہ ایسے ایسے لوگ آتے ہیں کہ صاحب ہم نے فلاں عمل کیا مگر کامیابی نہیں ہوئی۔ میں ان سے یہی کہتا ہوں کہ رہبر اور رہزن میں پہلے تمیز کرنا سیکھو پھر عمل کی بات کرو اور عمل کے لئے کسی کامل استاد کا در پکڑو تا کہ کامیابی سے ہمکنار ہو سکو۔ بمصداق بوسہ زن بر آستانے کاملے۔

اس حرف کا تعلق قمری منزل زہرہ سے ہے۔ برج اسد ہے اور ستارہ شمس اس منزل میں جب قمر آئے تو عامل حروف صوامت کے قواعد و ضوابط کے تحت نقش و لوح بنا کر لکھے اور اس دعوت کو پڑھے تو انشاء اللہ وہ کام جس کے لئے لوح یا نقش بنایا ہے پورا ہو گا۔

طریقہ یہ ہے کہ اس منزل کے اعداد جو 217 ہیں ان میں اعداد نام سائل مع والدہ اور وہ اسم جو اس حرف سے شروع ہوتا ہو اور مقصد کے مطابق ہو اس سب اعداد کا نقش مثلث بنا کر عناصر کے لحاظ سے چال لے کر پر کریں۔ اعمال خیر کے لئے منسوبی چال لیں اور اعمال شر کے مقلوبی۔ نقش کے چاروں طرف وہ کلمات لکھیں جو آپ نے ان چاروں ناموں کے بسط حرفی کو حروف صوامت میں امتزاج دے کر بنایا ہے۔ آپ ان ہدایات کے مطابق اگر لوح و نقش مرتب کریں گے تو کامیابی یقینی ہے۔

10 : حرف لام (ل) کے خواص

حرف لام ناطق اور سرد مزاج اور سعد ہے۔ اس کا سرمد سے رشتہ لطف خفی ہے اور اسم لطیف اس سے مشتق ہے۔ جو شخص اس حرف کو 23 مرتبہ رانگہ (سیسہ) کی تختی پر جمعرات کے دن 15 تاریخ کو پڑھے۔ اگر رمضان ہو تو بہت بہتر ہے۔ منقش کر کے اپنے پاس رکھے تو ہر برائی سے اللہ محفوظ رکھے گا اور ہر سختی و فتنہ سے نجات دے گا۔

نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۱	۶	۱۳
۱۲	۱۰	۸
۷	۱۴	۹

نقش کے گرد یہ آیت لکھیں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞

یہ نقش جو پہنے گا وہ لطف الٰہی سے مالا مال ہو گا اس حرف کا تعلق منزل قمری مرفہ سے ہے۔ برج اسد اور سنبلہ ہے اور ستارہ شمس و عطارد ہے۔ جب چاند اس منزل میں نزول کرے تو عامل اس منزل کے اعداد جو 375 ہیں لے کر نام سائل مع والدہ کے اعداد اور اسم لطیف مع حرف لام کے اعداد لے کر ان سب کو جمع کر کے نقش مثلث بنائیں اور مقصد کے مطابق ستارہ کے بخورات، صدقات دے کر نقش کو لکھے اور کام لے تو کامیابی یقینی ہے۔ نقش کے چاروں طرف ان چاروں اسموں کے بسط حرفی کے حروف صوامت میں امتزاج دینے سے جو کلمات بنتے ہیں ان کو لکھیں اور نقش کو عناصر کے لحاظ سے استعمال کریں۔

اس حرف کا موکل باطنی طاطائیل ہے اور موکل ظاہری لائیل ہے۔ اس حرف کا نقش دے رہا ہوں۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۷۹	۱۷۴	۱۸۱
۱۸۰	۱۷۸	۱۷۶
۱۷۵	۱۸۲	۱۷۷

کل اعداد 534 ہیں ان میں سے 12 قانونی اعداد نفی کئے تو باقی بچے 522 ان کو 3 پر تقسیم کیا تو 174 حاصل قسمت ہوا۔ کسر نہیں۔

یہ نقش آپ ہر جائز مقصد کے لئے سائل کو دے سکتے ہیں۔ لیکن جسے بھی یہ نقش دیں اسے اسم یالطیف بتائیں۔ جو کم از کم 129 بار روزانہ پڑھا جائے۔ اس حرف کو اگر محبت کے لئے استعمال کرنا ہو تو جب قوس کا 29 درجہ طلوع ہو تو 8 لام (ل) کورے کوزے پر چاروں بڑے مئوکلات کے نام کے ساتھ لکھیں۔ بخور صندل کا روشن کریں۔ اس کے بعد اس نقش کو گرمی پہنچائیں۔ دلی مقصد حاصل ہو گا۔

اسی طرح اگر اس حرف کو ایک دائرہ کی شکل میں سونے یا چاندی کے پترے پر چاروں ناموں کے ساتھ یعنی طالب مع والدہ مطلوب مع والدہ لکھ کر دریا کے کنارے وزنی پتھر کے نیچے رکھیں۔ مخلوقات میں عزت و توقیر حاصل ہو گی۔ چونکہ یہ حرف خاکی ہے اس لئے جو نقش بھی اس حرف سے بنائیں اسے خاکی چال سے لکھ کر استعمال کریں۔ فائدہ ہو گا۔

جب کوئی مشکل پیش آئے تو اسم یالطیف کو 16,641 بار روزانہ کے حساب سے 3 دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔ اس حرف کو جب چاند اس حرف کی منزل صرفہ میں ہو تو خاموشی سے 5041 بار لکھ لیں تو اس حرف کی روحانیت سے کام لے سکتے ہیں۔ اسم باوضو پڑھیں۔ بخورات و صدقہ کا بھی خیال رکھیں۔ فوری کام ہو گا۔

دعوت اس حرف کی یہ ہے۔

اَجِبْ طَاطَائِیْلُ یَالَائِیْلُ اَعِیْنُوْنِیْ سَخِّرْلِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ الشَّرِیْفِ فِیْمَا اٰمُرُهُمْ بِهٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

11 : حرف میم (م) کے خواص

حرف میم (م) ناطق اور گرم و خشک ہے اور قدرے رطوبت بھی ہے اور نفع و نقصان دونوں اس کے خواص ہیں اور شکلیں بھی اس کی دو ہیں۔ عربی اور اردو۔ اس حرف کو اگر مربع کی شکل میں ترنج کی لکڑی پر لکھ کر قولنج والے کو دکھلائے تو مریض تندرست ہو جائے گا۔ اگر اس حرف کا مربع قمر کی ساعت میں کسی بھی شخص کے نام کے ساتھ لکھے تو وہ اس کی محبت میں ایسا کھو جائے گا کہ ایک ساعت کی جدائی گوارہ نہ کر سکے گا۔

شکل مربع یہ ہے۔

م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م

اس مربع کی دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مَالِکُ یَا مَلِیْکُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُهَیْمِنُ یَا مُتَکَبِّرُ

ان کے ساتھ وہ تمام اسماء ذکر کرے جن کا اول حرف میم ہے۔ اس کے بعد کہے۔

اَسْئَلُکَ بِمَا اَوْدَعَهٗ حرف المیم مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ لِمَکْنُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِکَتِکَ الْکِرَامِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

اس حرف کا تعلق برج سنبلہ، ستارہ عطارد اور قمری منزل عوا سے ہے۔ مئوکل باطنی اس حرف کا روپائیل ہے اور ظاہری مائیل عدد مفرد اس حرف کا 4 ہے اور منزل کے مفرد عدد 5 بنتے ہیں۔ رنگ اس کا سرخ ہے۔ جب قمر اس منزل میں آتا ہے تو حکم

الٰہی سے ایسی کیفیت پیدا ہوتی ہے کہ جس سے انسان کے نفسانی جذبات میں ہیجان پیدا ہوتا ہے۔ اور جنسی جنون طاری رہتا ہے۔ بخور اور صدقہ ستارہ عطارد کا ہے۔ مزاج آبی سرد تر ہے۔ اس حرف کا نقش حسب قاعدہ بنا کر استعمال کریں۔

منزل کے اعداد 77 حرف میم کے اعداد 40 اور اسم اللہ یا مکرم کے اعداد 300 ہیں۔ تینوں اعداد کا مجموعہ 417 ہے۔ اس میں سے 12 قانون نفی کئے تو باقی 405 بچے۔ ان کو 3 پر تقسیم کیا تو 135 حاصل قسمت آئے اور کسر کوئی نہیں۔

نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۴۰	۱۳۵	۱۴۲
۱۴۱	۱۳۹	۱۳۷
۱۳۶	۱۴۳	۱۳۸

اس نقش کو اس منزل میں لکھ کر خود بھی فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی پہنچائیں۔ ساتھ میں اسم اللہ یا مکرم کو خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی بتائیں۔ یہ اسم روزانہ 417 بار پڑھیں۔ اس حرف سے اللہ کے بہت سے نام وابستہ ہیں۔ اگر آپ ان تمام ناموں کو یکجا کر کے جب چاند منزل قمری عوا میں آتا ہے تو تین دن تک ان سب ناموں کو ان کے اعداد کے مطابق پڑھیں اور ان ناموں کو وسیلہ بنا کر جو طلب کریں گے وہ حاصل ہو گا۔ حروف صوامت کے قاعدہ سے آپ اس منزل میں اعمال خیر و شر دونوں کر سکتے ہیں۔ اعمال، نقوش و لوح بنانے کا قاعدہ کئی حروف کے انفرادی خواص میں تحریر کر چکا ہوں۔ آپ اس قاعدہ کو ملحوظ رکھ کر نقش بنا کو خود بھی فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی پہنچائیں۔

اس منزل میں جو اسم بھی پڑھیں با مؤکل پڑھیں مؤکل کا نام اور طریقہ پڑھائی گذشتہ اوراق میں لکھ چکے ہیں۔ ہاں اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر حرف کی منزل میں

جب اس منزل کے مخصوص اسم کو پڑھیں تو پاک صاف ہو کر پڑھیں ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔

12 : حرف واو (و) کے خواص

حرف واؤ طبعاً خشک ہے اور قدرے مرطوب بھی ہے۔ اس حرف کے کل اثرات حرف (ر) کی طرح ہیں۔ اس کا تعلق برج جوزا اور ستارہ عطارد سے ہے۔ منزل قمری ہنعہ ہے۔ مؤکل باطنی رقتمائیل ہے اور ظاہری وائیل ہے۔ یہ حرف محبت اور دوستی کی اصل ہے۔ بیماریوں میں اگر اس حرف کو پڑھ کر اور لکھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اس سے کئی امراض ختم ہو جائیں گے۔ خاص کر سنگرہنی اور دست وغیرہ۔ اگر اس حرف کو ان اسماء کے ساتھ جو اس حرف سے شروع ہوتے ہیں اس شخص کا نام پر جس سے تالیف قلب کرنا ہے پڑھیں تو کامیابی ہو گی۔

اس حرف کی دعوت خلوت میں تین دن وقت مقرر پر بخور روشن کر کے کریں اور واؤ لکھ کر اپنے سر پر باندھ لیں اور دعوت ہر نماز کے بعد 28 مرتبہ پڑھیں تو مؤکل حاضر ہو گا۔ بخور اس حرف کا عود اور مصطگی ہے۔

دعوت اس حرف کی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ یَا وَھَابُ یَا وَاحِدُ یَا وَلِیُّ یَا وَارِثُ یَا وَدُوْدُ یَا وَاجِدُ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِیکَتِکَ الْوَاوِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ

اس دعا کو ہر عمل کے بعد جو اس حرف سے بنائیں پڑھیں کامیابی ہو گی۔ اس حرف کا نقش جو اس حرف کی متعلقہ منزل میں بنایا جائے وہ یہ ہے۔ منزل کے عدد 130 ہیں۔ حرف کے عدد 6 ہیں اسم اللہ یا ودود کے اعداد 20 ہیں۔ ان تینوں کا مجموعہ 156 بنا۔ اس میں سے 12 قانون کے نفی کئے تو باقی 144 بچے۔ ان اعداد کو 3 پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت 48 ہوا اور کسر کوئی نہیں۔

نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶	۵۱

آپ ان اعداد میں نام سائل مع والدہ کے اعداد جمع کر کے بھی بنا سکتے ہیں اور دونوں کاموں کے لئے بنا سکتے ہیں۔ کیونکہ یہاں ہم نے اختصار سے کام لے کر صرف منزل، حرف اور اسم اللہ کے اعداد سے نقش بنایا ہے۔ اس حرف سے جو نام شروع ہوتے ہیں۔ اگر آپ ان سب اسموں کو جب چاند اس منزل میں ہو پڑھیں تو آپ بہت بڑی روحانی طاقت سے کام لینے کا قابل ہو جائیں گے۔

13: حرف الھا (ہ) کے خواص

حرف ہا ہوائی اور قدرے خشکی کے باعث ترابی ہے۔ اس کے اثرات یہ ہیں۔
جب اس کو آیت هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ الخ کے ساتھ لکھ کر اس شخص کے گلے میں ڈالے جو رات کو ڈرتا ہو تو اس کے بعد پھر نہیں ڈرے گا۔

اگر اس کو مربع 6 x 6 میں لکھ کر کسی بچے کے باندھیں تو بچہ ہر عارضہ اور مرض سے محفوظ رہے گا۔ اس حرف سے اسم یا حادی کے سوا کوئی اسم مشتق نہیں ہے۔ اس اسم اور اس آیت کے ساتھ بطریق مقررہ دعا کرنا چاہیئے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا هَادِىْ

یہ حرف طبعاً حروف مہمات میں سے روحانی باطنی اور قائم بنفسہ ہے۔ علویات

میں اس حرف کا عوالم عرش نور مطلق سے ہے جو محبت میں کامل ترین اثر رکھتا ہے۔ اسے نیلے کپڑے پر مطلوب کا نام کے ساتھ لکھ کر چراغ میں روشن کریں اور مندرجہ بالا دعا پڑھتے جائیں تو مطلوب فوراً حاضر ہو گا۔

ذہانت، لوگوں کے دل میں ہیبت اور بدخوابی کا عمل

کند ذہن اس حرف کو 45 بار اسم یا ھادی کے ساتھ لکھے اور اپنے پاس رکھے تو فہم و فراست نصیب ہو۔ اس حرف کو سونے یا چاندی کی انگوٹھی پر جب کہ قمر منزل ہقعہ میں ہو اور جمعہ کا دن ہو کندہ کر کے پہننے والے کی ہیبت لوگوں کے قلوب میں قائم ہوتی ہے۔ بدخوابی کے لئے اس حرف کو مع مذکورہ بالا دعا لکھ کر سرہانے رکھ کر سو جائے تو بدخوابی نہ ہو۔ اگر محبوب کے نام کے ساتھ اس حرف کو تکسیر کر کے اپنے پاس رکھنے والے کی محبت سے محبوب بے قرار ہو جاتا ہے۔

حرف ہا کا نقش اور اس کی دعوت اس نقش کو پاس رکھ کر جو کوئی اس دعوت کو 45 بار روزانہ موافق شروط خلوت میں پڑھے تو اسے اس حرف کے اسرار و رموز و مؤکلات سے آگاہی ہو جائے گی اور اس حرف کے خدام اس کے تمام کام بخوشی سرانجام دیں گے۔

دعوت یہ ہے۔

هِبَةٌ مِنْ مَوهِبَكَ يَا هَادِىْ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ هَبْ لِىْ يَا هَالِبَهْمَه اللّٰه هَيَا يَاهَا اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلِكُ دُوريَائِيلُ اَمِدَّنِىْ بِالْمُحَبَّتِهِ عِنْدَ الْخَلْقِ هَيَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ

اس حرف سے شروع ہونے والے اسم یا حادی کا نقش اور جو آیت اس حرف سے شروع ہوتی ہے هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ تک اس کا نقش پاس رکھ کر دعوت کو پڑھنا ہے۔

٧٨٦

٨	٢	١٠
٩	٧	٤
٣	١١	٦

٧٨٦

٢٣٢	٢٣٥	٢٣٨	٢٢٤
٢٣٧	٢٢٥	٢٣١	٢٣٦
٢٢٦	٢٤٠	٢٣٣	٢٣٠
٢٣٤	٢٢٩	٢٢٧	٢٣٩

پڑھائی کے وقت یہ دونوں نقوش جو ایک ہی کاغذ پر لکھے جائیں گے سامنے رکھ کر دعوت کو پڑھنا ہے اور پڑھائی ختم ہونے کے بعد ان نقوش کو پاس رکھیں اور دوسرے دن پھر ایسا ہی کریں۔ اس طرح جب آپ کی پڑھائی کی مدت جو 45 یوم ہے مکمل ہو جائے گی تو آپ کا اس حرف کے خدام کے ساتھ رابطہ ہروقت رہے گا۔ آپ جب بھی کوئی جائز کام کرنے کا انہیں حکم دیں گے تو وہ فوراً تعمیل حکم کریں گے۔ اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کریں کہ آپ کسی غیبی طاقت سے کام کرا رہے ہیں ورنہ نقصان ہو گا۔

اس حرف کا تعلق برج جوزا، ستارہ عطارد اور قمری منزل ہقعہ سے ہے۔ مئوکل باطنی دوریائیل ہے اور ظاہری ہائیل ہے۔ بعض اس حرف کا تعلق برج ثور اور ستارہ زہرہ سے بتاتے ہیں۔ ہماری تحقیق کے مطابق پہلا کلیہ درست ہے۔ یہاں ہم اس علمی بحث میں الجھے بغیر اس حرف کے خواص و اعمال کا تذکرہ کر رہے ہیں۔ عامل اس حرف کی روحانیت سے ہر طرح کے عمل اور نقش بنا کر کام لے سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص اس حرف کو 705 بار بامئوکل پڑھ کر سات یوم تک پہلے دن 105 دانے فلفل سیاہ اور 6 دن

100 دانوں پر دم کر کے جلا کر راکھ کو روزانہ محفوظ کرتا رہے اور ساتویں دن ساری راکھ کو ایک جگہ اکٹھا کر کے شکر ملا کر مطلوب کے دروازے کی چوکھٹ میں دبا دے۔ مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے پاس آ جائے گا۔ مجرب ہے۔

دوران پڑھائی بخورات ضرور جلایا کریں اور تھوڑی شرینی بھی رکھا کریں۔ عمل کے خاتمہ پر روزانہ نیاز دے کر بچوں میں بانٹ دیا کریں۔ ساتویں دن 7 چھٹانک برفی کی نیاز دے کر بانٹ دیں اور راکھ کو حسب ہدایات استعمال کریں۔ اسی طرح اس حرف کو بامئوکل ہزار بار روزانہ کے حساب سے 7 یوم تک پڑھیں تو تمام لوگ عامل کی عزت کریں اور اس کی ہر جائز خواہش پوری کریں گے۔ اس منزل میں تین سیارے بالکل قریب قریب ہیں۔ جس طرح ملی ہوئی تین انگلیاں ہوتی ہیں۔ دراصل یہ برج جوزا کا سر ہے۔ نقش اس منزل کا یہ ہے۔

اعداد منزل 180 ہیں۔ اعداد حرف منزل 5 اور اسم اللہ یا ھادی کے اعداد 20 ہیں۔ ان تینوں کی میزان 205 ہوئی۔ اس میں سے 12 قانون کے اعداد نفی کئے تو باقی 193 بچے۔ ان کو 3 کو تقسیم کیا تو حاصل قسمت 64 آیا اور ایک کسر آیا اس لئے خانہ 7 میں ایک کا اضافہ کریں گے۔

٧٨٦

٦٩	٦٤	٧٢
٧١	٦٨	٦٦
٦٥	٧٣	٦٧

اس نقش کو آپ آتشی چال سے ہی لکھیں کیونکہ (ہ) حرف آتشی ہے۔ یہ اسم روزانہ 205 بار پڑھتے رہا کریں۔ اس منزل میں عامل دیگر اعمال بھی بنا کر دے سکتا ہے لیکن عامل کے لئے لازمی ہے کہ وہ لوازمات کا خیال رکھے تاکہ ناکامی نہ ہو۔ میں نے مختصر خواص حروف صوامت انفرادی حروف کے لحاظ سے درج کر دیئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں

کہ عامل کے لئے اتنی معلومات کافی ہیں کیونکہ آجکل اتنا معروفیت کا زمانہ ہے کہ کسی کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ وہ پوری طرح عملیات پر توجہ دے سکے اور ویسے بھی نقلی عاملوں نے عوام کو بددل کر دیا ہے۔ خود کچھ کر نہیں سکتے اور دوسروں کو ایسے ایسے عملیات کے طریقے بتائیں گے جو فی زمانہ ہو ہی نہیں سکتے۔ مثلاً رات کو قبرستان جائیں۔ مسان جائیں۔ فلاں جنگل میں جائیں۔ یہ سب فضول ہے اب ایسے اعمال کی ضرورت نہیں۔

کیونکہ اگر موبائل والوں نے جاسوس سمجھ لیا اور پکڑ کر لے گئے تو کوئی چھڑائے گا بھی نہیں۔ بتانے والا عامل تو گھر میں سو رہا ہے۔

حروف صوامت کے انفرادی خواص ہم نے تفصیل سے دے دیئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ عامل اگر ہدایات کے مطابق ان حروف سے عملیات و نقوش و لوح بنا کر خود استعمال کرے گا یا سائل کو دے گا تو اسے انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔ ہر کام میں خود اعتمادی شرط اولین ہے۔ آپ ہر کام یقین کامل کے ساتھ کیا کریں۔

حروف صوامت کی تعداد اور عدد 13 کی فضیلت

اگرچہ اجمالاً اس عدد کی اہمیت کا تذکرہ گذشتہ اوراق میں کیا جا چکا ہے۔ مگر یہاں ہم اس عدد کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ اہل یورپ کے نزدیک یہ عدد منحوس ہے لیکن خدائے علیم و بزرگ و برتر نے اس عدد کی فضیلت کو ثابت کرنے کے لئے ایسے شواہد پیش کئے ہیں جس کے بعد ہم کیا بلکہ دنیا کا کوئی بھی عقل سلیم رکھنے والا فرد عدد 13 کو منحوس خیال نہیں کر سکتا۔

ظلمت و جہالت کی تاریکی سے جب اللہ تعالیٰ نے دنیا کو نکالنے کے لئے اپنے محبوب کو مبعوث فرمایا تو ان کی تائید و اعانت کے لئے جس ہستی کا انتخاب ہوا وہ دنیائے آب و گل میں اسی تاریخ یعنی 13 رجب کو (مولود کعبہ) تشریف لائے۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ دین اسلام کی بنیاد جس کلمہ پر رکھی اس میں چونکہ کوئی نکتہ نہیں ہے یہی بنیادی وجہ ہے کہ حروف صوامت کی اہمیت حروف معجمہ کے مقابلے میں زیادہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کا تحفظ جن حروف سے کیا یعنی حروف مقطعات ان میں بھی بے نکتہ حروف کی تعداد زیادہ ہے۔

پھر کائنات کی تخلیق کے بعد اللہ تعالیٰ نے عناصر اربعہ، سات آسمانوں، سات زمینوں، سات ستاروں، سات دنوں، بارہ بروج اور 12 ماہ کا تسلسل قائم کیا اس تسلسل کی مثال تسبیح کے گیارہ دانوں پر امام کے طور پر عدد 13 کے مولود کو سجایا۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ حروف صوامت کا تعلق بھی ان پاکیزہ ہستیوں سے ہے۔

حروف صوامت کی تعداد 13 ہے جس کا مفرد عدد 4 ہے اور حضرت علیؑ کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد بھی 4 ہے۔ یہ تطابق بھی ظاہر کرتا ہے کہ حروف صوامت کا

13 ہونا معنی خیز ہے۔ اماموں کا ناموں کا مجموعہ اعداد 1549 ہے۔ ان کے مشہور القاب کے اعداد 5132 ہیں اور سب کی کنیت کا مجموعہ اعداد 3293 ہے۔ ان تینوں کا عدد وسیط 11 ہے اور حروف نورانی کے بے نکتہ حروف بھی 11 ہیں۔ اس سے آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نور کی حفاظت نور سے کیسے کی ہے اور پھر مزے کی بات یہ ہے کہ 11 کا مفرد عدد 2 ہے اور بقول حضرت علیؑ کہ میں (ب) کا نکتہ ہوں۔ کتنی عمدہ تشریح ہے۔

اب میں حروف صوامت کی مناسبت سے ایک نقش دے رہا ہوں اگر آپ نے یہ نقش چاند کی ان منازل میں سے کسی منزل میں جو حروف صوامت سے متعلق ہیں تمام قواعد و ضوابط کا لحاظ رکھتے ہوئے بنایا تو یہ سمجھیں کہ آپ نے گوہر نایاب پالیا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین طرح کے اعداد جو اسمائے معصومینؑ کے ہیں لیں پھر اعداد حروف صوامت لیں۔ اس کے بعد اعداد سائل مع والدہ کے اعداد لیں اور آخر میں حروف صوامت کے حرف اول سے جو اللہ کا نام وابستہ ہے اس کے اعداد لیں اور پھر حروف صوامت کے آخری حرف سے جو نام وابستہ ہے اس کے اعداد لیں۔ آخر میں ناد علیؑ کے اعداد لیں۔ اب یہ آپ کے پاس سات قسم کے اعداد ہوئے۔ ان سب کو جمع کر کے نقش مثلث بنائیں اور کام میں لیں۔ یہ یاد رہے کہ لکھتے وقت متعلقہ ستارے کا بخور ضرور روشن کریں اور اس ستارے کا جس میں آپ یہ نقش لکھ رہے ہیں صدقہ بھی دیں اب اس نقش کو عنصر کے لحاظ سے استعمال کریں۔

1 : اعداد اسمائے معصومین اماموں کے نام کے اعداد : 1549

2 : اعداد مشہور القاب معصومینؑ : 5132

3 : اعداد کنیت معصومینؑ : 3293

4 : اعداد اسم سائل مع والدہ (عبدالرحمٰن ابن فاطمہ) : 532

5 : اعداد اسم اللہ حروف صوامت کا پہلا حرف (ا) اسم یا اللہ : 66

6 : اعداد اسم آخر حروف صوامت کا آخری حرف (ہ) اسم یا ھادی : 20

7 : اعداد ناد علیؑ : 6414

ان ساتوں اعداد کا مجموعہ 17,006 بنا۔ اس میں سے 30 قانون کے اعداد نفی کئے تو باقی 16,976 بچے۔ ان کو 4 پر تقسیم کیا تو 4244 حاصل قسمت ہوا اور کسر کوئی نہیں۔

نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۴۲۵۱	۴۲۵۴	۴۲۵۷	۴۲۴۴
۴۲۵۶	۴۲۴۵	۴۲۵۰	۴۲۵۵
۴۲۴۶	۴۲۵۹	۴۲۵۲	۴۲۴۹
۴۲۵۳	۴۲۴۸	۴۲۴۷	۴۲۵۸

یہ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے آپ مقصد کے تحت چال لے کر نقش پر کریں۔ اب آپ اس نقش کو سامنے رکھ کر 6 دن 2429 بار روزانہ پڑھیں۔ یہ اسماء یا اللہ یا ھادی پڑھیں اور آخری دن یعنی ساتویں دن 2432 بار پڑھ کر 17,006 کی تعداد پوری کریں اور ہر روز عمل کے خاتمہ پر ایک بار ناد علیؑ پڑھیں اور مقصد کی دعا مانگیں۔ سات یوم کا عمل ہے۔ مکمل ہونے کے بعد نقش کو موم جامہ کر کے پاس رکھیں۔ ایک تسبیح روزانہ اسماء الٰہی یا اللہ یا ھادی مع ایک بار ناد علیؑ پڑھتے رہا کریں۔ عمل آپ کے قبضہ میں رہے گا۔ دنیا کا ہر جائز کام معصومین کے توسل سے اور ناد علیؑ کی برکت سے پورا ہو گا۔ اعتقاد شرط ہے۔ آپ اس نقش کو دوسروں کو دے سکتے ہیں۔ میری طرف سے عام اجازت ہے مگر جس کو بھی دیں۔ اسے پانچ وقت کی نماز کی تلقین کریں۔ قدرت اپنے پیاروں کے صدقے تمام مومنین و مومنات کی حاجب روائی فرمائے گا۔ آمین۔

حروف صوامت کی متعلقہ منازل اور حروف کا مولود کی زندگی پر اثر

اب ہم حروف صوامت کی متعلقہ منازل اور حروف کے مولود کی زندگی پر اثرات کے بارے میں تفصیل پیش کرتے ہیں۔

پہلا حرف الف (ا)

حروف صوامت کا پہلا حرف (ا) ہے اور منزل شرطین برج حمل اور ستارہ مریخ ہے۔ اس منزل کے حرف کا مزاج آتشی ہے۔ چاند جب اس منزل میں نزول کرتا ہے تو دنیا میں جلال کی کیفیت طاری رہتی ہے۔ فساد اور خون، قتل و غارتگری، ظلم و زیادتی کا بازار گرم ہو جاتا ہے۔ حکماء اس وقت میں کچھ حرکت نہ کرتے تھے بلکہ آرام سے لیٹ جاتے تھے لیکن چونکہ لیٹنے سے اگر نیند آجاتی ہے تو خواب ہائے پریشان دکھائی دیتے ہیں۔ اس لئے سونا یا لیٹنا اچھا نہیں بلکہ اس وقت دشمن کو مقہور کرنے کے لئے عمل پڑھیں یا نقش لکھیں۔ کیونکہ یہ نحس وقت ہے اس لئے تمام وہ اعمال یا نقوش جن کا تعلق اعمال شر سے ہو کریں۔ جو بچہ اس منزل میں اس حرف کے تحت پیدا ہوتا ہے بڑا شریر اور فسادی ہوتا ہے۔ لہٰذا والدین کا فرض ہے کہ وہ بچے کی تعلیم و تربیت کا خاص اہتمام کریں تاکہ بچے کے مزاج میں جو تخریبی عنصر گھس گیا ہے اسے استعمال کرنے کا موقع اسے نہ مل سکے اور وہ اچھی تعلیم و تربیت سے مائل بہ اصلاح ہو جائے۔ اس منزل کے وقت اسم ذات جتنا پڑھ سکتے ہیں پڑھیں۔ اسم ذات یا اللہ ہے اور بخور اس کا سیاہ مرچ اور سیاہ دانہ ہے۔

دوسرا حرف حا (ح)

اس حرف کی منزل نثرہ ہے جب قمر اس منزل میں نزول کرتا ہے تو حکم الٰہی سے ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے کہ جس سے دنیا میں عداوت اور بغض اور دیگر رزائل پیدا ہوتے ہیں۔ اس لئے اس منزل میں تمام اعمال شر اور بندشیں اگر کی جائیں تو کامیاب ہوتی ہیں۔ اس منزل میں جو بچہ پیدا ہو گا انتہائی منحوس ہو گا۔ لیکن اس کی صحیح تعلیم و تربیت کی جائے تو وہ روبہ اصلاح ہو سکتا ہے۔ اور بذریعہ عملیات و تعویذات اس کی نحوست کو کم کیا جا سکتا ہے۔ یہ منزل طلسمات اور بددعا کے لئے مخصوص ہے کیونکہ شرائط کے تحت جو کام اس منزل میں کیا جائے گا وہ پتھر پر لکیر ہے۔ اس منزل سے وابستہ حرف سے شروع ہونے والے اسموں کو لاتعداد پڑھیں۔ اسم یہ ہیں۔ یا حی یا حمید اور بخور اس کا قسط اور پوست انار شیریں ہے۔

تیسرا حرف دال (د)

اس حرف کا تعلق منزل دبران سے ہے۔ اور یہ منزل ارضی ہے جب قمر اس منزل میں آتا ہے تو زمین میں عداوت، بغض اور فساد پھیل جاتا ہے۔ اس وقت نئے اعمال شروع کرنے اور حاجات طلبی سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ غرض اس وقت کوئی بہتری کا کام کرنا مناسب نہیں۔ البتہ مردہ دفن کرنے، پوشیدہ اور مخفی اسرار کا کام کر سکتا ہے۔ اس منزل کا مولود انتہائی تنگی اور عسرت میں زندگی بسر کرے گا۔ اس منزل کی نحوست از اول تا آخر اسے گھیرے رکھے گی لیکن اگر کوئی صاحب نظر اس پر مہربان ہو جائے تو حالات میں بہتری پیدا ہو سکتی ہے۔

اس حرف سے وابستہ اسموں کو اس منزل کے اوقات میں پڑھنا باعث برکت ہے۔ اسم یہ ہیں۔

يَا دَائِمُ يَا دِيَانُ

جتنا ہو سکے بغیر گنے ان اسموں کو لاتعداد پڑھیں۔ منزل کی نحوست ختم ہو جائے گی۔ بخور پوست اور انار شریں اور لوبان ہے۔

چوتھا حرف را (ر)

یہ حرف چاند کی منزل نعائم سے متعلق ہے جب چاند اس منزل میں آتا ہے تو عالم میں صفائی قلب کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ کیمیا کا عمل اگر اس منزل میں کیا جائے تو کامیابی یقینی ہے۔ طلسمات بھی اگر بنائے جائیں تو اچھا ہے۔ جو بچہ اس منزل میں پیدا ہو گا وہ نیک بخت ہو گا اور زندگی کی ہر دوڑ میں کامیاب و کامران ہو گا۔ اس منزل میں اسم الٰہی یا رب کا کھلا ورد کریں۔ بخور اس کا عود اور لوبان ذکر ہے۔

پانچواں حرف سین (س)

